بعض مشایخ ایسے گزرے ہیں جو سورتوں کے اوائل میں آنے والے اِن نورانی حروفِ مقطعات کو ہمیشہ اپنے پاس رکھا کرتے تھے۔کسی نے اِس کی وجہ دریافت کی تو اُنہوں نے جواب دیا کہ اِن حروف کے بے شمار برکات مجھ پر ظاہر ہوئے ہیں۔اِن میں سے یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ اِن نورانی حروف کی برکت سے مجھے مشقتوں سے محفوظ رکھتا ہے، اور میرا رزق نہایت آسانی کے ساتھ مجھے عطا فرماتا ہے۔اور جب کبھی میری کوئی حاجت پیش آتی ہے تو مَیں انہی نورانی حروف کے وسیلے سے اللہ سے اس حاجت کا سوال کرتا ہوں، تو بلا فاصلہ میری حاجت پوری ہو جاتی ہے۔اسی طرح اللہ تعالیٰ مجھ سے دشمن، چور، سانپ، بچھو، حشرات اور درندوں کے شر کو دور رکھتا ہے۔اور جب مَیں سفر میں اِن نورانی حروف کا وِرد کرتا ہوں تو سلامتی اور امن کے ساتھ اپنے گھر واپس پہنچ جاتا ہوں۔

--- زرکی تھیلی کی برکت

شیخ شرف الدین بونی ؒ سے منقول ہے کہ جو کوئی صاحبِ ایمان سورتوں کے اوائل میں آنے والے اِن چودہ نورانی حروفِ مقطعات کو چاندی کے ایک مدوّر نقش میں کندہ کرائے، اور اسے برجِ ثور کے طالع میں- جب قمر اس میں ہو- تیار کرا کے اپنے پاس رکھے، تو اُس کی تھیلی چاندی (زریعنی پیسوں) سے کبھی خالی نہیں رہتی۔

--- جمیع حاجات کی برآوری

نیز شرف الدین بونی ؒ سے منقول ہے کہ جو کوئی صاحبِ ایمان سورتوں کے اوائل میں آنے والے اِن نورانی حروفِ مقطعات کو چاندی کی ایک انگوٹھی پر نقش کرائے، برجِ ثور کے طالع میں- اُس وقت کہ قمر برجِ ثور میں ہو- اور اُسے اپنی انگلی میں پہن لے، تو اُس کی تمام حاجات پوری ہو جاتی ہیں، ان شاء اللہ۔

--- دردِ چشم سے حفاظت

نیز شرف الدین بونی ؒ سے منقول ہے کہ جو کوئی صاحبِ ایمان سورتوں کے اوائل میں آنے والے نورانی حروفِ مقطعات کو- بغیر تکرار کے- ہفتہ کے دن، جب نوروز گزر چکا ہو، لکھے، پھر اُسے پاک پانی سے دھو کر پی لے، تو وہ شخص اُس پورے سال دردِ چشم سے محفوظ رہتا ہے۔

حروفِ مقطعات نورانی سورتوں کے اوائل میں یہ ہیں:

"الم، المص، الر، كهيعص، طه، طسم، طس، المر، يس، ص، حم، حمعسق، ق، ن"

--- حروف نورانی کے فوائد

نیز شیخ شرف الدینؒ بونی سے منقول ہے کہ جو کوئی صاحبِ ایمان اِن کلمات کو بغیر تکرار کے چاندی کی ایک انگوٹھی پر نقش کرے، اور اِسے ماہِ رجب کی پہلی جمعرات کے دن اپنی انگلی میں پہن لے، تو وہ محفوظ ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی شخص بادشاہ کے حضور جائے، تو اُس کی باتیں بڑی اور اہم سمجھی جائیں گی اور اُس کے اُمور اُس کی مراد کے مطابق ہوں گے۔ اگر کوئی شخص غضب میں ہو، تو اُس انگوٹھی سے اُس کا سر رگڑنے سے اُس کا غضب ختم ہو جائے گا۔ اگر کوئی شخص پیاسا ہو، تو اِس سے سیراب ہو جائے گا۔ اگر کوئی بیوہ عورت اِسے اپنی انگلی میں پہن لے، تو اُسے شوہر مل جائے گا۔ اگر کوئی کسی غشی میں ہو، تو ہوش میں آجائے گا۔ نیز، اگر اِسے ایک رات بارش کے پانی میں رکھا جائے اور صبح وہ پانی ناشتے میں پی لیا جائے، تو حافظہ کی قوت بڑھ جائے گی۔

--- علم و معرفت کا نور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ۔ الٓمٓ۔ ذَٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ۔ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ۔ وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ۔ أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ۔

اللہ کے نام سے جو بے انتہا رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔ الف لام میم۔ یہ وہ عظیم کتاب ہے جس میں کوئی شک و شبہ نہیں، پرہیزگاروں کے لیے سراسر ہدایت ہے۔ جو لوگ غیب پر ایمان لاتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں، اور ہمارے دیے ہوئے رزق سے (راہِ خدا میں) خرچ کرتے ہیں۔ اور جو لوگ اس (کتاب) پر ایمان لاتے ہیں جو آپ پر نازل کی گئی اور ان (کتابوں) پر جو آپ سے پہلے نازل کی گئیں، اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں، اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

جو کوئی صاحبِ ایمان یہ آیات پہلی جمعرات کے دن پاک برتن میں، مُشک اور زعفران کے ساتھ، خالص نیت اور توجہ خدا کے ساتھ اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُسے میٹھے کنویں کے پانی سے دھو کر، رات میں اُس پانی کو پی لے اور دن کو روزہ رکھے، اور تین یا پانچ دن اُسی طریقے سے عمل کرے، تو اُس کی حافظہ کی قوت بڑھ جائے گی اور علم و معرفت کا نور اُس کے دل میں ظاہر ہو جائے گا۔

--- تمام آفات سے محفوظ

حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو کوئی صاحبِ ایمان یہ آیات شب و روز خالص نیت، توجہِ خدا اور آیات کے معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، تو اُس رات اور اُس دن اُسے کوئی ضرر نہیں پہنچے گا، اور وہ درد، بیماری اور درندوں کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔ اُس کے مال، جان، بیوی اور اولاد بھی اُس دن ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہیں گے۔ یہ آیات یہ ہیں:

1- سورہ بقرہ، آیات اول

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ۔ الٓمٓ ﴿۱﴾ ذَٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

بِالْغَيْبِ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳﴾ وَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ
قَبْلِكَ وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾

اللہ کے نام سے شروع جو بے انتہا رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔ الف لام میم۔ یہ کتاب، جس میں کوئی شبہ نہیں، ہدایت ہے تقویٰ والوں کے لیے۔ جو غیب پر ایمان رکھتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں نیز جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے، اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ اور جو کچھ آپ پر نازل کیا گیا نیز جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا ہے، ان پر ایمان اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر (قائم) ہیں اور یہی فلاح پانے والے ہیں۔

2- آیات الکرسی 55 تا 57

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ
اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَ لَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضَ وَ لَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَ هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۲۵۵﴾ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَّكْفُرْ
بِالطَّاغُوْتِ وَ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵۶﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى
الظُّلُمٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾

اللہ وہ (ذات) ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندہ اور سب کا نگہبان ہے، اسے اونگھ آتی ہے اور نہ نیند، زمین اور آسمانوں میں جو کچھ ہے سب اسی کی ملکیت ہے، کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے حضور سفارش کر سکے؟ جو کچھ لوگوں کے روبرو اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے وہ ان سب سے واقف ہے اور وہ علم خدا میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جس قدر وہ خود چاہے، اس کی کرسی آسمانوں اور زمین پر چھائی ہوئی ہے اور ان دونوں کی نگہداری اس کے لیے کوئی کار گراں نہیں ہے اور وہ بلند و بالا اور عظیم ذات ہے۔ دین میں کوئی جبر و اکراہ نہیں، بتحقیق ہدایت اور ضلالت میں فرق نمایاں ہو چکا ہے، پس جو طاغوت کا انکار کرے اور اللہ پر ایمان لے آئے، بتحقیق اس نے نہ ٹوٹنے والا مضبوط سہارا تھام لیا اور اللہ سب کچھ خوب سننے والا اور جاننے والا ہے۔ اللہ ایمان والوں کا کارساز ہے، وہ انہیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے اور کفر اختیار کرنے والوں کے سرپرست طاغوت ہیں جو انہیں روشنی سے تاریکی کی طرف لے جاتے ہیں، یہی جہنم والے ہیں، جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

3- سورہ بقرہ، آیات آخر

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ
رُّسُلِهٖ وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا * غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا
كَسَبَتْ وَ عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَ اعْفُ عَنَّا، وَ اغْفِرْ لَنَا، وَ ارْحَمْنَا، اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى
الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾

رسول اس کتاب پر ایمان رکھتا ہے جو اس پر اس کے رب کی طرف سے نازل ہوئی ہے اور سب مومنین بھی، سب اللہ اور اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں (اور وہ کہتے ہیں) ہم رسولوں میں تفریق کے قائل نہیں ہیں اور کہتے ہیں: ہم نے حکم سنا اور اطاعت قبول کی، ہمارے رب ہم تیری بخشش کے طالب ہیں اور ہمیں

تیری ہی طرف پلٹنا ہے۔ اللہ کسی شخص پر اس کی طاقت سے زیادہ ذمے داری نہیں ڈالتا، ہر شخص جو نیک عمل کرتا ہے اس کا فائدہ اسی کو ہے اور جو بدی کرتا ہے اس کا انجام بھی اسی کو بھگتنا ہے، ہمارے رب! ہم سے بھول چوک ہوگئی ہو تو اس کا مواخذہ نہ فرما، ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو تو نے ہم سے پہلوں پر ڈال دیا تھا، ہمارے رب! ہم جس بوجھ کے اٹھانے کی طاقت نہیں رکھتے وہ ہمارے سر پر نہ رکھ، ہمارے رب! ہمارے گناہوں سے درگزر فرما اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما، تو ہمارا مالک ہے، کافروں کے مقابلے میں ہماری نصرت فرما۔

4- سورہ اعراف، آیات 54 تا 56

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۫ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ
حَثِيْثًا ۙ وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا
رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَ ادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ط
اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾

تمہارا رب یقیناً وہ اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر عرش پر متمکن ہوا، وہ رات سے دن کو ڈھانپ دیتا ہے جو اس کے پیچھے دوڑتی چلی آتی ہے اور سورج اور چاند اور ستارے سب اسی کے تابع فرمان ہیں۔ آگاہ رہو! آفرینش اسی کی ہے اور امر بھی اسی کا ہے، بڑا بابرکت ہے اللہ جو عالمین کا رب ہے۔ اپنے رب کی بارگاہ میں دعا کرو عاجزی اور خاموشی کے ساتھ، بے شک وہ تجاوز کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور تم زمین میں اصلاح کے بعد اس میں فساد نہ پھیلاؤ اور اللہ کو خوف اور امید کے ساتھ پکارو، اللہ کی رحمت یقیناً نیکی کرنے والوں کے قریب ہے۔

5- سورہ اِسراء، آیات 9-10

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَ يُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا
﴿۹﴾ وَّ اَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۰﴾

یہ قرآن یقیناً اس راہ کی ہدایت کرتا ہے جو بالکل سیدھی ہے اور ان مومنین کو جو نیک اعمال بجالاتے ہیں یہ بشارت دیتا ہے کہ ان کے لیے بڑا اجر ہے۔ اور یہ کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان کے لیے ہم نے ایک دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

6- سورہ صافات، آیات 1 تا 11

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَ الصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ
لَوَاحِدٌ ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا وَ رَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ
﴿۶﴾ وَ حِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَ يُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ * ﴿۸﴾ دُحُوْرًا
وَّ لَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ
خَلَقْنَا اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ قسم ہے پوری طرح صف باندھنے والوں کی، پھر بطور کامل جھڑکی دینے والوں کی، پھر ذکر کی تلاوت کرنے والوں کی، یقیناً تمہارا معبود ایک ہی ہے۔ جو

آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا رب اور مشرقوں کا رب ہے۔ ہم نے آسمان دنیا کو تاروں کی زینت سے مزین کیا، اور ہر سرکش شیطان سے بچاؤ کا ذریعہ بھی، کہ وہ عالم بالا کی طرف کان نہ لگا سکیں اور ہر طرف سے ان پر (انگارے) پھینکے جاتے ہیں۔ دھتکارے جاتے ہیں اور ان پر دائمی عذاب ہے۔ مگر ان میں سے جو کسی بات کو اچک لے تو ایک تیز شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے۔ تو ان سے پوچھ لیجیے کہ کیا ان کا پیدا کرنا مشکل ہے یا وہ جنہیں ہم نے (ان کے علاوہ) خلق کیا ہے؟ ہم نے انہیں لیسدار گارے سے پیدا کیا۔

7- سورہ رحمٰن، آیات 33 تا 35

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا
بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾

اے گروہ جن و انس! اگر تم آسمانوں اور زمین کی سرحدوں سے نکلنے کی استطاعت رکھتے ہو تو نکل جاؤ، تم سلطنت و قہاریت کے بغیر نہیں نکل سکو گے۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ تم دونوں پر آگ کے شعلے اور چنگاریاں چھوڑی جائیں گی، پھر تم کامیاب نہیں رہو گے۔

8- سورہ حشر، آیات 21 تا آخر

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ
اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾

اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو آپ اسے اللہ کے خوف سے جھک کر پاش پاش ہوتا ضرور دیکھتے اور ہم یہ مثالیں لوگوں کے لیے اس لیے بیان کرتے ہیں کہ شاید وہ فکر کریں۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ غیب و شہود کا جاننے والا ہے، وہی رحمٰن رحیم ہے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی بادشاہ ہے، نہایت پاکیزہ، سلامتی دینے والا، امان دینے والا، نگہبان، بڑا غالب آنے والا، بڑی طاقت والا، کبریائی کا مالک، پاک ہے اللہ اس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔ وہی اللہ ہی خالق، موجد اور صورتگر ہے، جس کے لیے حسین ترین نام ہیں، جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اس کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ بڑا غالب آنے والا حکمت والا ہے۔

9- سورہ جن، آیات 1 تا 4

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْۤا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ﴿۱﴾ يَّهْدِيْۤ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَ لَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَاۤ
اَحَدًا ﴿۲﴾ وَّ اَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّ لَا وَلَدًا ﴿۳﴾ وَّ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ﴿۴﴾

کہدیجئے: میری طرف وحی کی گئی ہے کہ جنات کی ایک جماعت نے (قرآن) سنا اور کہا: ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے۔ جو راہ راست کی طرف ہدایت کرتا ہے اس لیے ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں اور اب ہم کسی کو ہرگز اپنے رب کا شریک نہیں بنائیں گے۔ اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بلند ہے اس نے نہ کسی کو زوجہ بنایا اور نہ اولاد، اور یہ کہ ہمارے کم عقل لوگ اللہ کے بارے میں خلاف حق باتیں کرتے ہیں۔

یہ آیات "آیاتِ حَرَس" کہلاتی ہیں، اور اِن آیات میں سوامراض کی شفا بھی پوشیدہ ہے، جن میں سے کچھ امراض جیسے جذام اور برص بھی شامل ہیں۔

--- دل مضبوط اور دشمن پر غلبہ

شیخ شرف الدین بونیؒ سے منقول ہے کہ جو کوئی صاحب ایمان، شب جمعہ، چودھویں تاریخ ماہ کو، نمازِ عشاء کے بعد، خالص نیت اور توجہ خدا کے ساتھ، اور آیات کے معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے، یہ آیات گلاب اور زعفران کے ساتھ ہرن کی کھال پر لکھے، تو...

1- سورہ بقرہ، آیات اول

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ الٓمّٓ ﴿۱﴾ ذٰلِکَ الۡکِتٰبُ لَا رَیۡبَ ۚۖ فِیۡہِ ۚ ہُدًی لِّلۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۲﴾ الَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡغَیۡبِ وَ یُقِیۡمُوۡنَ الصَّلٰوۃَ وَ مِمَّا رَزَقۡنٰہُمۡ یُنۡفِقُوۡنَ ﴿۳﴾ وَ الَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡکَ وَ مَاۤ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِکَ ۚ وَ بِالۡاٰخِرَۃِ ہُمۡ یُوۡقِنُوۡنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِکَ عَلٰی ہُدًی مِّنۡ رَّبِّہِمۡ ٭ وَ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۵﴾

اللہ کے نام سے شروع جو بے انتہا رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔ الف لام میم۔ یہ کتاب، جس میں کوئی شبہ نہیں، ہدایت ہے تقویٰ والوں کے لیے۔ جو غیب پر ایمان رکھتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں نیز جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے، اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ اور جو کچھ آپ پر نازل کیا گیا نیز جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا ہے، ان پر ایمان اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر (قائم) ہیں اور یہی فلاح پانے والے ہیں۔

2- سورہ آلِ عمران کی آیات

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ الٓمّٓ ﴿۱﴾ اللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۙ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ﴿۲﴾ نَزَّلَ عَلَیۡکَ الۡکِتٰبَ بِالۡحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡہِ وَ اَنۡزَلَ التَّوۡرٰىۃَ وَ الۡاِنۡجِیۡلَ ﴿۳﴾ مِنۡ قَبۡلُ ہُدًی لِّلنَّاسِ وَ اَنۡزَلَ الۡفُرۡقَانَ ۬ؕ

بنام خدائے رحمن رحیم۔ الف۔ لام۔ میم۔ اللہ وہ ذات ہے جس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں جو زندہ (اور کائنات کا) زبردست نگہدار ہے۔ اس نے حق پر مبنی ایک کتاب (اے رسول) آپ پر نازل کی جو سابقہ کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے اور اس نے توریت وانجیل کو نازل کیا۔ اس سے پہلے انسانوں کی ہدایت کے لیے اور فرقان (حق و باطل میں امتیاز کرنے والا قانون) نازل فرمایا۔

3- سورہ اعراف کی آیات

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ الٓمّٓصٓ ﴿۱﴾ کِتٰبٌ اُنۡزِلَ اِلَیۡکَ فَلَا یَکُنۡ فِیۡ صَدۡرِکَ حَرَجٌ مِّنۡہُ لِتُنۡذِرَ بِہٖ وَ ذِکۡرٰی لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۲﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ الف لام میم صاد۔ یہ کتاب آپ پر (اس لیے) نازل کی گئی ہے کہ آپ اس سے لوگوں کو تنبیہ کریں اور اہل ایمان کے لیے نصیحت ہو پس آپ کو اس سے کسی قسم کی دل تنگی محسوس نہیں ہونی چاہیے۔

4- سورہ رعد کی آیات

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ الٓمّٓرٰ ۟ تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡکِتٰبِ ؕ وَ الَّذِیۡۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡکَ مِنۡ رَّبِّکَ الۡحَقُّ وَ لٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ الف لام میم را، یہ کتاب کی آیات ہیں اور جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل کیا گیا ہے وہ حق ہے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔

5- سورہ مریم کی آیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿۱﴾ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿۲﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ کاف، ہا، یا، عین، صاد۔ یہ اس رحمت کا ذکر ہے جو آپ کے رب نے اپنے بندے زکریا پر کی تھی۔

6- سورہ طٰہٰ کی آیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ طٰهٰ ﴿۱﴾ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿۲﴾ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿۳﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ طا، ہا۔ ہم نے یہ قرآن آپ پر اس لیے نازل نہیں کیا ہے کہ آپ مشقت میں پڑ جائیں۔ بلکہ یہ تو خوف رکھنے والوں کے لیے صرف ایک یاد دہانی ہے۔

7- سورہ شعراء کی آیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ طا، سین، میم۔ یہ کتاب مبین کی آیات ہیں۔ شاید اس رنج سے کہ یہ لوگ ایمان نہیں لاتے آپ اپنی جان کھو دیں گے۔

8- سورہ یٰس کی آیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يٰسٓ ﴿۱﴾ وَ الْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ یا، سین۔ قسم ہے قرآن حکیم کی۔

9- سورہ ص کی آیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ صٓ وَ الْقُرْاٰنِ ذِى الذِّكْرِ ﴿۱﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّ شِقَاقٍ ﴿۲﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ صاد، قسم ہے اس قرآن کی جو نصیحت والا ہے۔ مگر جنہوں نے (اس کا) انکار کیا وہ غرور اور مخالفت میں ہیں۔

10- سورہ مومن/ غافر کی آیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۲﴾ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَ قَابِلِ التَّوْبِ
شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِى الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۳﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ حا، میم۔ اس کتاب کی تنزیل بڑے غالب آنے والے، دانا اللہ کی طرف سے ہے، جو گناہ معاف کرنے والا اور توبہ قبول کرنے والا، شدید عذاب دینے والا اور بڑے فضل والا ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔

11- سورہ مومن کی آیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ حٰمٓ ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَ اِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ حا، میم۔ عین، سین، قاف۔ اسی طرح آپ کی طرف اور آپ سے پہلوں کی طرف بڑا غالب آنے والا حکمت والا اللہ وحی بھیجتا رہا ہے۔

12- سورہ ق کی آیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قٓ ۚ وَ الْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ﴿۱﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ قاف، قسم ہے شان والے قرآن کی۔

13- سورہ ن کی آیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ نٓ وَ الْقَلَمِ وَ مَا يَسْطُرُوْنَ ﴿۱﴾ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ﴿۲﴾ وَ اِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ﴿۳﴾ وَ اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ﴿۴﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ نون، قسم ہے قلم کی اور اس کی جسے (لکھنے والے) لکھتے ہیں۔ آپ اپنے رب کے فضل سے دیوانے نہیں ہیں۔ اور یقیناً آپ کے لیے بے انتہا اجر ہے۔ اور بے شک آپ اخلاق کے عظیم مرتبے پر فائز ہیں۔

پھر اِسے ایک صاف کپڑے میں لپیٹ کر موم میں ڈال دے۔ جو بھی اِسے دائیں بازو میں باندھے گا، وہ قوی دل ہو جائے گا اور اُس سے دشمن خوف کھائے گا۔ سب کی نظر میں وہ عزیز اور محترم ہوگا۔ اگر وہ درویش ہو، تو تونگر بن جائے گا۔ اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو، یا وہ دیوانہ ہو، یا قید میں ہو، تو نجات پائے گا۔ اگر کسی پر قرض ہو تو وہ ادا ہو جائے گا۔ اگر کوئی غمگین ہو تو خوش ہو جائے گا۔ اگر کوئی غریب الوطن ہو، تو سلامتی کے ساتھ وطن واپس پہنچے گا۔ اور جو بھی حاجت وہ اللہ تعالیٰ سے مانگے، پوری ہو جائے گی۔ اگر کوئی بیوہ عورت اِسے پہنے تو شوہر اُسے مل جائے گا۔ اگر کوئی اِسے بچوں پر باندھے تو وہ ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہیں گے۔

--- دفع آفات

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۲۱﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً ۪ وَّ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾

اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جس نے تمہیں اور تم سے پہلے والے لوگوں کو پیدا کیا تاکہ تم (خطرات سے) بچاؤ کرو۔ جس نے تمہارے لیے زمین کو بچھونا اور آسمان کو چھت بنایا اور آسمان سے پانی برسایا پھر اس سے تمہاری غذا کے لیے پھل پیدا کیے، پس تم جانتے بوجھتے ہوئے کسی کو اللہ کا مدمقابل نہ بناؤ۔

زرعی و درختوں کی آفات و بلیات سے حفاظت کا یہ طریقہ مجرّب ہے: سب سے پہلے غسل کرے اور جمعرات کے دن روزہ رکھے۔ پھر جمعہ والے دن اُس مقام یا باغ میں جائے اور اُس مقام کے ہر کونے میں دو رکعت نماز ادا کرے: پہلی رکعت میں: سورہ فاتحہ اور سورہ والتین خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے۔ دوسری رکعت میں: سورہ مبارکہ فاتحہ، سورہ مبارکہ فیل اور سورہ مبارکہ قریش، خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کے ساتھ پڑھے۔ اِن دونوں سورہ مبارکہ کے درمیان "بسم اللہ الرحمن الرحیم" کا فاصلہ نہ کرے۔ اُس مقام کے وسط میں چار رکعت نماز بھی ادا کرے۔

پھر زیتون کی لکڑی کا قلم تراشے اور ان آیات کو زعفران کے ساتھ اُس مقام کے درخت کے سبز پتے پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے۔ اسے عود میں سونگھائے اور اُس مقام کے پانی نکلنے والی جگہ میں دفن کرے۔ پھر ایک اور پتا اِسی طریقے سے لکھے اور اِسے مٹی میں لپیٹ کر کسی بلند درخت پر لٹکا دے۔ اِس عمل سے اُس مقام کی تمام آفات دفع ہو جائیں گی۔

--- درختوں میں پھل لانے کا طریقہ

وَ بَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَ اُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَ لَهُمْ فِيْهَاۤ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ٭ۙ وَّ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾

اور ان لوگوں کو خوشخبری سنا دیجئے جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک اعمال انجام دیے کہ ان کے لیے (بہشت کے) باغات ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی، اس میں سے جب بھی کوئی پھل کھانے کو ملے گا تو وہ کہیں گے: یہ تو وہی ہے جو اس سے پہلے بھی مل چکا ہے، حالانکہ انہیں ملتا جلتا دیا گیا ہے اور ان کے لیے جنت میں پاک بیویاں ہوں گی اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

یہ طریقہ مجرّب ہے۔ جمعرات کے دن روزہ رکھے اور شام کی نماز سے پہلے صرف کاسنی کے پتے سے روزہ کھولے۔ پھر نماز ادا کرے اور اِس آیت کو کاغذ پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور کسی سے بات نہ کرے۔ اِس کے بعد جائے اور اِسے اُس درخت پر لٹکا دے جو اُس مقام کے وسط میں ہو۔ اِس کے پھل میں سے کچھ کھائے۔ اگر پھل تیار ہو جائے تو وسط کے درخت کے ایک پتے سے ایک پتا کھائے اور اوپر سے دو گھونٹ پانی پیے۔ اِس طرح اُس مقام میں فصل اور برکت اتنی زیادہ ہوگی کہ دل خوش ہو جائے گا۔

--- حاجات کی برآری

وَ اِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَ اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَ ظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَ السَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَ مَا ظَلَمُوْنَا وَ لٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۵۷﴾

اور (یاد کرو وہ وقت) جب تم نے کہا: اے موسیٰ! ہم آپ پر ہرگز یقین نہیں کریں گے جب تک ہم خدا کو علانیہ نہ دیکھ لیں، اس پر بجلی نے تمہیں گرفت میں لے لیا اور تم دیکھتے رہ گئے۔ پھر تمہارے مرنے کے بعد ہم نے تمہیں اٹھایا کہ شاید تم شکر گزار بن جاؤ۔ اور ہم نے تمہارے اوپر بادل کا سایہ کیا اور تم پر من و سلویٰ اتارا، ان پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں عنایت کی ہیں اور وہ ہم پر نہیں بلکہ خود اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔

جب کوئی یہ تین آیات چاندی کی انگوٹھی پر نقش کرے اور اپنی اُنگلی میں پہنے، تو اُس کے رزق کے دروازے کھل جائیں گے، دنیا اُس کی طرف راغب ہوگی، اور وہ فقر و قحط سے نجات پا جائے گا۔

--- سفر میں پیاس دُور کرنے کا علاج

وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْۤا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۴﴾

اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! تم نے گوسالہ اختیار کرکے یقیناً اپنے آپ پر ظلم کیا ہے پس اپنے خالق کی بارگاہ میں توبہ کرو اور اپنے لوگوں کو قتل کرو، تمہارے خالق کے نزدیک تمہارے حق میں یہی بہتر ہے پھر اُس نے تمہاری توبہ قبول کرلی، بے شک وہ خوب توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہے۔

یہ آیت سفر اور قیام کے دوران پیاس دُور کرنے کے لیے مفید ہے۔ اِسے پاک برتن میں لکھے، چاہے وہ پتھر کا ہو یا رنگین مٹی کا برتن۔ پھر اسے بھاری بارش کے پانی سے دھوئے اور اُس پانی کو شیشہ میں محفوظ کرے۔ تین دن بعد اُس پانی میں اونٹ اور سرخ بکری کا دودھ ڈال کر آگ پر اُبالے جب تک کہ پانی سیاہ ہوجائے۔ اِس کے بعد جب سفر میں صبح کے وقت دس درہم کے برابر مقدار پیے، تو اُس دن پیاس محسوس نہ کرے گا۔ اور اگر کسی شہری میں زیادہ پانی پینے کی وجہ سے پیاس یا بیماری پیدا ہو جائے، تو وہ دو درہم اُسی پانی کے پینے سے نجات پا جائے گا۔

--- مقرّرہ وقت پر بیداری

وَ اِذْ جَعَلْنَا الْبَیْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَ اَمْنًا ؕ وَ اتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ وَ عَهِدْنَاۤ اِلٰۤى اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ اَنْ طَهِّرَا بَیْتِیَ لِلطَّآىٕفِیْنَ وَ الْعٰكِفِیْنَ وَ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾

اور (وہ وقت یاد رکھو) جب ہم نے خانہ (کعبہ) کو مرجع خلائق اور مقامِ امن قرار دیا اور (حکم دیا کہ) مقامِ ابراہیم کو مصلیٰ بناؤ اور ہم نے ابراہیم اور اسماعیل پر یہ ذمے داری عائد کی کہ تم دونوں میرے گھر کو طواف، اعتکاف اور رکوع سجدہ کرنے والوں کے لیے پاک رکھو۔

جب کوئی یہ آیت سوتے وقت میں خالص نیت، توجہ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، اور اللہ تعالیٰ سے یہ درخواست کرے کہ متعین وقت پر وہ جاگ جائے، تو اُس کی مطلوبہ چیز حاصل ہو جائے گی۔

--- بواسیر کے درد کا علاج

وَ اِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَ اِسْمٰعِیْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۱۲۷﴾

اور (وہ وقت یاد کرو) جب ابراہیم و اسماعیل اُس گھر کی بنیادیں اُٹھا رہے تھے، (دعا کر رہے تھے کہ) اے ہمارے رب! ہم سے (یہ عمل) قبول فرما، یقیناً تو خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔

جب کسی کو بواسیر کا درد ہو، تو یہ آیت شیشے کے برتن میں خالص نیت، توجہ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، زعفران اور گلاب کے ساتھ۔ پھر اِسے کالے انگور کے رس سے دھوئے اور تھوڑا سا چینی شامل کر کے کھالے۔ اِن شاءاللہ، یہ مرض دُور ہو جائے گا۔

--- دفینہ تلاش کرنے کا طریقہ

اگر کوئی صاحبِ ایمان یہ آیت سفید چوکور کاغذ پر تحریر کرے اور پھر سفید مرغ کی گردن میں باندھ دے، پھر اُسی آیت کو پیتل کے برتن پر خالص نیت، توجہ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اُسے نیسان کے پانی سے دھولے، تو یہ پانی اُس جگہ چھڑک دے جہاں دفینہ ہونے کا شک ہو۔ اِس کے بعد مرغ کو اُس مقام پر آزاد کر دیا جائے، تو مرغ اُس دفینہ کے اُوپر کھڑا ہو جائے گا۔ اُس مقام کو کھودا جائے تو وہ دفینہ مل جائے گا۔

--- اہم اُمور کی بجا آوری

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿۱۳۷﴾ ط

اُن کے مقابلے میں تمہارے (حمایت کے) لیے اللہ کافی ہوگا اور وہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔

جو کوئی صاحب ایمان نمازِ صبح کے بعد، اور اِس سے پہلے کہ کوئی بات کرے، یہ آیت سات مرتبہ پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اُس دن اُس کے تمام اہم اُمور کو پورا کر دے گا۔ اور اگر یہ آیت ہر فرض نماز کے بعد وِرد کے طور پر پڑھی جائے، تو وہ کسی چیز کا محتاج نہ رہے گا اور اُس کی تمام مرادیں پوری ہو جائیں گی۔

--- فالج کا علاج

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۚ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۚ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۴﴾

ہم آپ کو بار بار آسمان کی طرف منہ کرتے دیکھ رہے ہیں، سو اب ہم آپ کو اسی قبلے کی طرف پھیر دیتے ہیں جسے آپ پسند کرتے ہیں، اب آپ اپنا رخ مسجد الحرام کی طرف کریں اور تم لوگ جہاں کہیں بھی ہو اس کی طرف رخ کرو اور اہل کتاب اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ یہ ان کے رب کی طرف سے حق پر مبنی (فیصلہ) ہے اور جو کچھ وہ کر رہے ہیں اللہ اس سے غافل نہیں ہے۔

یہ آیت اُس لقوہ نامی مرض کے لیے نافع ہے جو چہرے پر ظاہر ہوتا ہے اور جس میں ہونٹ، منہ اور جبڑا ایک طرف کو ٹیڑھا ہو جاتا ہے اور یہ فالج اور تشنج کے لیے بھی مفید ہے، اس لیے ایک پیتل کا برتن لیں جسے چمکا کر صاف کیا گیا ہو اور اس پر پاک نیت اور اللہ کی طرف توجہ اور معنی پر غور کرتے ہوئے یہ آیت مشک اور گلاب کے پانی سے لکھیں اور پھر اسے پاک پانی سے دھو ڈالیں، اس دھلے ہوئے پانی سے لقوہ والا شخص اپنا چہرہ دھوئے اور دھونے کے بعد تین گھنٹے تک اسی برتن میں دیکھتا رہے، یہ عمل تین دن تک کرے تو لقوہ زائل ہو جائے گا۔

--- چوری شدہ چیز تلاش کرنے کا طریقہ

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۚ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۴۸﴾

اور ہر ایک کے لیے ایک سمت ہے، جس کی طرف وہ رخ کرتا ہے، پس تم لوگ نیکیوں کی طرف سبقت کرو، تم جہاں کہیں بھی ہوں گے اللہ (ایک دن) تم سب کو حاضر کرے گا، یقیناً اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

جو کوئی صاحب ایمان یہ آیت کپڑے کے ٹکڑے پر لکھے، جو گلے یا گریبان سے منسلک ہو اور اسے خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے تحریر کرے، اور ساتھ میں چور یا فرار شدہ شخص کا نام بھی لکھے، پھر اس کپڑے کو اس مکان کی دیوار میں کیل لگا کر مضبوطی سے ٹھونس دے جہاں سے چوری ہوئی چیز نکلی تھی یا جہاں سے شخص فرار ہوا تھا۔ اِس عمل سے چوری شدہ چیز جلد برآمد ہو جائے گی اور فرار شدہ شخص واپس آ جائے گا۔

--- دشمن پر غلبہ کا طریقہ

وَ اِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾

اور تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے اس رحمن رحیم کے سوا کوئی معبود نہیں۔

جو کوئی صاحبِ ایمان یہ آیت اُس وقت کہ جب سورج برج اسد میں ہو، چاندی کی انگوٹھی پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے نقش کرے، اور اِسے اپنے ساتھ رکھے، تو نہ تو انسانوں میں سے کوئی اُس پر غالب آسکے گا اور نہ ہی غیر انسانوں سے کوئی اُس کو نقصان پہنچا سکے گا۔

--- کاروباری اُمور کی گشایش کے لیے

جو کوئی صاحبِ ایمان یہ آیت بہت بار، خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، تو اُس کے بندھے ہوئے اُمور اور مسائل کھل جائیں گے۔

وَ اِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَ لْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ ﴿۱۸۶﴾

اور جب میرے بندے آپ سے میرے متعلق سوال کریں تو (کہہ دیں کہ) میں (اُن سے) قریب ہوں، دعا کرنے والا جب مجھے پکارتا ہے تو میں اُس کی دعا قبول کرتا ہوں، پس اُنہیں بھی چاہیے کہ وہ میری دعوت پر لبیک کہیں اور مجھ پر ایمان لائیں تا کہ وہ راہِ راست پر رہیں۔

--- موذی جانوروں کی نابودی

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَ هُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْیَاهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾

کیا آپ نے ان لوگوں کے حال پر نظر نہیں کی جو موت کے ڈر سے ہزاروں کی تعداد میں اپنے گھروں سے نکلے تھے؟ اللہ نے ان سے فرمایا: مرجاؤ، پھر انہیں زندہ کر دیا، بے شک اللہ لوگوں پر بڑا فضل کرنے والا ہے، مگر اکثر لوگ شکر نہیں کرتے۔

جو کوئی صاحبِ ایمان خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ آیت سیاہی سے ایک تھال میں لکھے، پھر اُسے زیتون کے پتّوں کے عرق سے دھو کر اپنے گھر میں چھڑک دے، تو اُس گھر میں موجود سانپ، بچھو، کبک اور تمام موذی جانور ہلاک ہو جائیں گے۔ اور اگر کوئی صاحبِ ایمان بروز جمعرات اِس آیت کو گھر کے چاروں کونوں میں دفن کر دے، تو تمام مچھر اور موذی جانور وہاں سے بھاگ جائیں گے۔

حاشیہ: اصل فارسی متن میں یہاں لفظ » کبک « آیا ہے، جس کے لغوی معنی ایک معروف جنگلی پرندے (Partridge) کے ہیں۔ تاہم سیاق وسباق میں چونکہ ذکر موذی جانوروں (جیسے مار اور کژدم) کا ہے، اس لیے کبک کا شامل ہونا معنوی اعتبار سے محلِّ نظر معلوم ہوتا ہے۔ غالب امکان ہے کہ یہ لفظ ناسخ کی کتابتی غلطی یا تحریفی صورت ہو، اور اصل میں کوئی موذی حیوان (مثلاً سوسمار یا عقرب وغیرہ) مراد رہا ہو۔ ترجمے میں امانتِ متن کے پیشِ نظر لفظ کبک برقرار رکھا گیا ہے، البتہ معنوی اشکال کی طرف قارئین کی توجہ دلانا ضروری سمجھا گیا۔

--- دشمن پر فتح کے لیے

امام محمد غزالی کی بعض تصانیف میں مذکور ہے کہ قرآنِ عظیم میں چار آیات ایسی ہیں جو چار متواتر سورتوں میں وارد ہوئی ہیں، اور اُن میں سے ہر ایک آیت میں حرفِ ”قاف“ دس مرتبہ آیا ہے۔

آیہ اوّل: سورہ مبارکہ البقرہ

اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِیٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ عَسَیْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَیْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَ مَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ قَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِیَارِنَا وَ اَبْنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِیْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ ﴿۲۴۶﴾

کیا آپ نے موسیٰ کے بعد بنی اسرائیل کی ایک جماعت (کو پیش آنے والے حالات) پر نظر نہیں کی جس نے اپنے نبی سے کہا: آپ ہمارے لیے ایک بادشاہ مقرر کریں تاکہ ہم راہ خدا میں جنگ کریں، (نبی نے) کہا: ایسا نہ ہو کہ تمہیں جنگ کا حکم دیا جائے اور پھر تم جنگ نہ کرو، کہنے لگے: ہم راہ خدا میں جنگ کیوں نہ کریں جب کہ ہم اپنے گھروں سے نکالے گئے اور اپنے بچوں سے جدا کیے گئے ہیں؟ لیکن جب انہیں جنگ کا حکم دیا گیا تو ان میں سے چند اشخاص کے سوا سب پھر گئے اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔

آیہ دوم: سورہ مبارکہ آل عمران

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِیْرٌ وَّ نَحْنُ اَغْنِیَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَ قَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِیَآءَ بِغَیْرِ حَقٍّ ۙ وَّ نَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ ﴿۱۸۱﴾

بتحقیق اللہ نے اُن لوگوں کی سن لی ہے جو کہتے ہیں: بے شک اللہ محتاج اور ہم بے نیاز ہیں، ان کی یہ بات اور ان کا انبیاء کو ناحق قتل کرنا بھی ہم ثبت کریں گے اور (روز قیامت) ہم ان سے کہیں گے: لو اب جلانے والے عذاب کا ذائقہ چکھو۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان اِن چار آیات کو کسی علم (پرچم) پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے لکھ دے، تو جس لشکر میں وہ علم ہوگا، وہ کبھی شکست سے دوچار نہ ہوگا اور نصرت و مدد اُس کا مقدر ہوگی۔ اور اگر کوئی شخص اِن آیات کو ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنی طاقیہ یا عمامہ میں محفوظ رکھے، تو اہلِ جاہ و منصب اور امراء اس کی تعظیم کریں گے، اُس کی بات سے تجاوز نہ کریں گے، اور وہ اُن کی نگاہ میں رعب و ہیبت والا نظر آئے گا۔

آیہ سوم: سورہ مبارکہ نساء

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ قِیْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَیْدِیَكُمْ وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ یَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْیَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْیَةً ۚ وَ قَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَیْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْ لَاۤ اَخَّرْتَنَاۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِیْبٍ ؕ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ ۚ وَ الْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۫ وَ لَا تُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ﴿۷۷﴾

کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جن سے کہا گیا تھا: اپنا ہاتھ روکے رکھو، نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دیا کرو؟ پھر جب ان پر جہاد فرض کیا گیا تو اُن میں سے کچھ تو لوگوں سے اس طرح ڈرنے لگے جیسے اللہ سے ڈرا جاتا ہے یا اس سے بھی بڑھ کر اور کہنے لگے: ہمارے رب! تو نے ہم پر جہاد کیوں فرض کیا؟ ہمیں تھوڑی مہلت کیوں نہ دی؟ اُن سے کہدیجئے: دنیا کا سرمایہ بہت تھوڑا ہے اور متقی (انسان) کے لیے نجات اُخروی زیادہ بہتر ہے اور تم پر ذرہ برابر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

آیہ چہارم: سورہ مبارکہ مائدہ

وَ اتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَ لَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ قَالَ اِنَّمَا
يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾

اور آپ انہیں آدم کے دونوں بیٹوں کا حقیقی قصہ سنائیں جب ان دونوں نے قربانی پیش کی تو ان میں سے ایک کی قربانی قبول ہوئی اور دوسرے کی قبول نہ ہوئی تو اس نے کہا: میں تجھے ضرور قتل کروں گا، (پہلے نے) کہا: اللہ تو صرف تقویٰ رکھنے والوں سے قبول کرتا ہے۔

--- دشمنوں میں اِختلاف

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَ مَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ
اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهٖ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا
الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَ جُنُوْدِهٖ قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً بِاِذْنِ اللّٰهِ
وَ اللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۲۴۹﴾

جب طالوت لشکر لے کر روانہ ہوا تو اُس نے کہا: اللہ ایک نہر سے تمہاری آزمائش کرنے والا ہے، پس جو شخص اُس میں سے پانی پی لے وہ میرا نہیں اور جو اِسے نہ چکھے وہ میرا ہوگا مگر یہ کہ کوئی صرف ایک چلو اپنے ہاتھ سے بھرلے (تو کوئی مضائقہ نہیں) پس تھوڑے لوگوں کے سوا سب نے اُس (نہر) میں سے پانی پی لیا، پس جب طالوت اور اُس کے ایمان والے ساتھی نہر پار ہو گئے تو اُنہوں نے (طالوت سے) کہا: آج ہم میں جالوت اور اُس کے لشکر کا مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں ہے، مگر جو لوگ یہ یقین رکھتے تھے کہ اُنہیں خدا کے رُوبرو ہونا ہے وہ کہنے لگے: بسا اوقات ایک قلیل جماعت نے خدا کے حکم سے بڑی جماعت پر فتح حاصل کی ہے اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

جو کوئی مومن سورہ البقرہ کی آیت نمبر 249 کو زعفران اور عرق گلاب سے خالص نیت اور خدا کی طرف توجہ اور معنی دھیان میں رکھتے ہوئے لکھے اور بارش کے پانی سے دھولے تو جس جماعت نے کچھ نامناسب اور غلط کام کرنے پر اتفاق کیا ہوگا اُن میں اختلاف ہو جائے گا۔

--- حافظہ میں اضافہ کے لیے

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَ رَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ وَ اٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ
وَ اَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْ بَعْدِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَ لٰكِنِ اخْتَلَفُوْا
فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَ مِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۲۵۳﴾

ان رسولوں میں سے ہم نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے، ان میں سے بعض ایسے ہیں جن سے اللہ ہمکلام ہوا اور اس نے ان میں سے بعض کے درجات بلند کیے اور ہم نے عیسیٰ بن مریم کو روشن نشانیاں عطا کیں اور ہم نے روح القدس سے ان کی تائید کی اور اگر اللہ چاہتا تو ان رسولوں کے آنے اور روشن نشانیاں دیکھ لینے کے بعد یہ لوگ آپس میں نہ لڑتے، مگر انہوں نے اختلاف کیا، پس ان میں سے بعض تو ایمان لے آئے اور بعض نے کفر اختیار کیا اور اگر اللہ چاہتا تو یہ لوگ باہم نہ لڑتے، مگر اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

جو کوئی صاحبِ ایمان خالص اس آیت کو تانبے کی تختی پر نقش کر کے اپنے پاس رکھے، تو اُس سے نسیان و فراموشی دُور ہو جاتی ہے اور قوتِ حافظہ میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی اِسے مشک اور زعفران کے ساتھ ہرن کی کھال پر خالص نیت، توجہ خدا اور اِس کے معنی کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے لکھے اور اپنے پاس رکھے، تو اُس کے مرتبہ، جاہ و منصب اور سماجی شخصیت میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ لوگوں میں مقبول ہو جاتا ہے۔

--- دشمن کو پسپا کرنا

وَ لَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَ جُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾ ط

اور جب وہ جالوت اور اس کے لشکر کے مقابلے پر نکلے تو کہنے لگے: ہمارے رب! ہمیں صبر سے لبریز فرما ہمیں ثابت قدم رکھ اور قوم کفار پر ہمیں فتحیاب کر۔

جب کوئی شخص اس آیت کو کاشغری سفیدی (یعنی ایک خاص قسم کے کاغذ یا سفید پارچے)) پر سرخ رنگ سے لکھے، اور یہ عمل بروز جمعہ، وقتِ زوال اِس حال میں کرے کہ قمر کسی برجِ ثابت (مقررہ) اور مسعود (مبارک) میں ہو اور نحوست سے پاک ہو اور جب اُس علم کو کسی لشکر میں بلند کیا جائے، تو دشمن کے دِلوں میں خوف طاری ہو جاتا ہے، وہ بھاگ کھڑے ہوتے ہیں اور جنگ کے لیے ٹھہر نہیں پاتے۔

--- شیطان اور فقر سے حفاظت

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَ لَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ لَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَ هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۲۵۵﴾ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَ يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵۶﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾

اللہ وہ (ذات) ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندہ اور سب کا نگہبان ہے، اسے اونگھ آتی ہے اور نہ نیند، زمین اور آسمانوں میں جو کچھ ہے سب اسی کی ملکیت ہے، کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے حضور سفارش کر سکے؟ جو کچھ لوگوں کے روبرو اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے وہ ان سب سے واقف ہے اور وہ علم خدا میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جس قدر وہ خود چاہے، اس کی کرسی آسمانوں اور زمین پر چھائی ہوئی ہے اور ان دونوں کی نگہداری اس کے لیے کوئی کار گراں نہیں ہے اور وہ بلند و بالا اور عظیم ذات ہے۔ دین میں کوئی جبر و اکراہ نہیں، بتحقیق ہدایت اور ضلالت میں فرق نمایاں ہو چکا ہے، پس جو طاغوت کا انکار کرے اور اللہ پر ایمان لے آئے، بتحقیق اس نے نہ ٹوٹنے والا مضبوط سہارا تھام لیا اور اللہ سب کچھ خوب سننے والا اور جاننے والا ہے۔ اللہ ایمان والوں کا کارساز ہے، وہ انہیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے اور کفر اختیار کرنے والوں کے سرپرست طاغوت ہیں جو انہیں روشنی سے تاریکی کی طرف لے جاتے ہیں، یہی جہنم والے ہیں، جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

جو کوئی صاحبِ ایمان یہ تین آیات ہر نماز کے بعد خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، تو وہ شیطان کے مکر و وسوسے سے محفوظ رہے گا، اور فقر و قحط سے نجات پائے گا۔ مزید یہ کہ اُس کی روزانہ کی روزی ایسے ذریعہ سے آئے گی جس کی وہ توقع نہ کرے۔ اور جو شخص صبح کے وقت گھر سے نکلتے وقت یہ آیات پڑھے، وہ غریبی اور محتاجی سے محفوظ رہے گا۔

آیت الکرسی کے کثیر فوائد

1- اگر کوئی صاحبِ ایمان آیت الکرسی کو مٹی کے برتن پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، اور اُسے اناج یا غلہ کے درمیان رکھ دے، تو وہ غلہ چوری، آفات اور کیڑوں سے محفوظ رہے گا، اور اُس میں برکت پیدا ہوگی۔

2- اگر کوئی صاحب ایمان آیت الکرسی کو خالص نیت، توجہ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اُسے دکان یا گھر کے دروازے کے اوپر لٹکا دے، تو اُس کا مال بڑھ جائے گا اور وہ کبھی بھی کسی اور کا محتاج نہیں ہوگا۔

3- اگر کوئی صاحبِ ایمان فرض نمازوں کے بعد خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے آیت الکرسی کو پڑھنے کی عادت ڈالے، تو وہ دنیا سے رخصت ہونے تک اپنی جگہ کو جنت میں دیکھے گا۔

4- اگر کسی شخص کو سفر کے دوران خوف لاحق ہو جائے تو وہ اپنے گرد ایک دائرہ کھینچ لے اور اُس دائرے کے اندر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے آیۃ الکرسی، سورۂ مبارکہ اخلاص، معوذتین (سورۂ فلق اور سورۂ ناس) اور سورۂ توبہ کی

قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾

کہد یجئے: اللہ نے جو ہمارے لیے مقدر فرمایا ہے اس کے سوا ہمیں کوئی حادثہ ہرگز پیش نہیں آتا وہی ہمارا کارساز ہے اور مومنین کو چاہیے کہ اللہ پر بھروسہ کریں۔

کی تلاوت کرے، تو وہ خوف سے محفوظ ہو جاتا ہے اور کسی انسان یا غیر انسان کو یہ قدرت نہیں رہتی کہ اُسے کوئی نقصان پہنچا سکے۔

5- حضرت سلمان فارسیؓ سے روایت ہے کہ حضرت رسولِ اکرم ﷺ نے فرمایا: جو صاحب ایمان آیت الکرسی کو زعفران سے اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُسے زبان سے چاٹ لے اور یہ عمل سات مرتبہ کرے، تو وہ کبھی کسی چیز کو نہیں بھولتا، اُس کی یادداشت بڑھ جاتی ہے، اور فرشتے اُس کے لیے مغفرت کی دُعا کرتے رہتے ہیں۔

6- کتابِ صحیح مسلم میں منقول ہے کہ حضرت اُبَی بن کعب نے بیان فرمایا: قرآنِ مجید کی سب سے عظیم آیت، شرف و فضیلت کے اعتبار سے، آیت الکرسی ہے۔

7- جامع ترمذی میں حضرت نعمان بن بشیر کی روایت سے منقول ہے کہ حضرت رسولِ اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر آیت الکرسی کو لکھ کر مال پر رکھ دیا جائے یا کسی بچے کے ساتھ باندھ دیا جائے، تو وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔

8- روایت میں آیا ہے کہ: جو شخص صاحب ایمان ہر صبح آیت الکرسی کو خالص نیت، توجہ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھتا ہے، تو وہ شام تک اللہ تعالیٰ کی امان اور حفاظت میں رہتا ہے۔

9- شیخ ابو العباس بونیؒ نے فرمایا ہے کہ: چھوٹے بچوں کو ہر طرح کی آفات سے محفوظ رکھنے کے لیے یہ عمل نہایت مؤثر ہے کہ کوئی صاحب ایمان آیت الکرسی کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اپنی اولاد کے ساتھ باندھ دے۔

10- سلاطین اور اُمراء کے سامنے پیش ہونے کے لیے: ہر صاحب ایمان اگر آیت الکرسی کو سرخ کاغذ پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اپنے پاس رکھے، تو وہ قبولیت کا مقام پاتا ہے اور اُس کی بات منظور کی جاتی ہے۔

11- بعض علما نے فرمایا ہے کہ: اگر کوئی صاحب ایمان آیت الکرسی کو کسی برتن پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اسے کرفس (اجوائن/سیلری) کے پانی سے دھوئے اور وہ پانی نہاری منہ (خالی پیٹ) پی لے، تو خون ریزی کو روکنے میں مدد ملتی ہے۔

12- اگر کوئی صاحبِ ایمان آیت الکرسی کو پاکیزہ تھال پر مشک اور زعفران سے خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُسے پانی سے دھوئے اور وہ پانی مستسقی (پیاس کی بیماری میں مبتلا شخص) کو پلائے، تو ان شاء اللہ شفا حاصل ہو جاتی ہے۔

13- اگر کوئی صاحب ایمان آیت الکرسی کو زیتون کے چار پتّوں پر لکھے اور انہیں گھر کے چاروں کونوں میں دفن کر دے، تو مچھر ہلاک ہو جائیں گے۔

14- روایت میں ہے کہ ایک شخص عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور کہا: "میرا پیٹ درد کر رہا ہے"۔ عبداللہ بن عباس نے فرمایا: آیت الکرسی کو زعفران کے ساتھ ایک پیالے پر لکھو، اُسے دھو کر پی لو۔ اُس شخص نے ایسا کیا اور شفا پا گیا۔

15- شیخ عبدالمجید مغربی سے منقول ہے کہ آیت الکرسی میں دس وقفے ہیں۔ جو کوئی اِس آیت کو ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ وِرد کے طور پر پڑھے، اور ہر وقفے پر اپنی انگلی داخل کرے، شروع خنصر (چھوٹی انگلی) سے کرے اور اختتام تک بائیں ہاتھ کے ابہام (انگوٹھے) تک جائے، اور دو حرف عین "یشفع عندہ" کے درمیان اپنے دل میں جو حاجت ہو اُسے تصور کرے، اور ہر عقدے پر ایک فاتحہ خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، پھر ہوا کو دونوں کفوں میں پھونکے اور اُسے تمام اعضا پر مالش کرے، تو اِس طرح وِرد کرنے سے اُس کی تمام حاجات پوری ہو جاتی ہیں۔

--- مزرعہ آبادکاری کے لیے

اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ وَّ هِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ
قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰی طَعَامِكَ وَ شَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ ۚ
وَ انْظُرْ اِلٰی حِمَارِكَ وَ لِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَ انْظُرْ اِلَی الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ
اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۵۹﴾

یا اس شخص کی طرح جس کا ایک ایسی بستی سے گزر ہوا جو اپنی چھتوں کے بل گری ہوئی تھی تو اس نے کہا: اللہ اس (اجڑی ہوئی آبادی کو) مرنے کے بعد کس طرح دوبارہ زندگی بخشے گا؟ پس اللہ نے سو (۱۰۰) برس تک اسے مردہ رکھا پھر اسے دوبارہ زندگی دی، اس سے پوچھا: بتاؤ کتنی مدت (مردہ) رہے ہو؟ اس نے کہا: ایک دن یا اس سے کم، اللہ نے فرمایا: (نہیں) بلکہ سو (۱۰۰) برس (مردہ) پڑے رہے ہو، لہٰذا ذرا اپنے کھانے پینے کی چیزوں کو دیکھو جو سڑی نہیں اور اپنے گدھے کو بھی دیکھو اور ہم نے یہ اس لیے کیا ہے تاکہ ہم تمہیں لوگوں کے لیے نشانی بنائیں اور پھر ان ہڈیوں کو دیکھو کہ ہم انہیں کس طرح اٹھاتے ہیں پھر ان پر گوشت چڑھا دیتے ہیں، یوں جب اس پر حقیقت عیاں ہوگئی تو اس نے کہا: میں جانتا ہوں کہ اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

جو کوئی صاحب ایمان یہ آیت ہرن کی کھال پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، اور اتوار کے دن پانچویں ساعت میں، ایسی سیاہی سے لکھے جو پہلے کسی نے استعمال نہ کی ہو اور وہ بھی وضو کے ساتھ، تو یہ نوشتہ پاک کپڑے میں لپیٹ کر کسی خراب شدہ مکان، باغ یا ویران گاؤں میں دفن کر دے، تو وہ گاؤں آباد ہو جائے گا۔

--- کثیر پھلدار درخت

اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰى قَرْیَةٍ وَّ هِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ
قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَ شَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ ۚ
وَ انْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَ لِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَ انْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ
اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۵۹﴾

یا اس شخص کی طرح جس کا ایک ایسی بستی سے گزر ہوا جو اپنی چھتوں کے بل گری ہوئی تھی تو اس نے کہا: اللہ اس (اجڑی ہوئی آبادی کو) مرنے کے بعد کس طرح دوبارہ زندگی بخشے گا؟ پس اللہ نے سو (۱۰۰) برس تک اسے مردہ رکھا پھر اسے دوبارہ زندگی دی، اس سے پوچھا: بتاؤ کتنی مدت (مردہ) رہے ہو؟ اس نے کہا: ایک دن یا اس سے کم، اللہ نے فرمایا: (نہیں) بلکہ سو (۱۰۰) برس (مردہ) پڑے رہے ہو، لہٰذا ذرا اپنے کھانے پینے کی چیزوں کو دیکھو جو سڑی نہیں اور اپنے گدھے کو بھی دیکھو اور ہم نے یہ اس لیے کیا ہے تاکہ ہم تمہیں لوگوں کے لیے نشانی بنائیں اور پھر ان ہڈیوں کو دیکھو کہ ہم انہیں کس طرح اٹھاتے ہیں پھر ان پر گوشت چڑھا دیتے ہیں، یوں جب اس پر حقیقت عیاں ہو گئی تو اس نے کہا: میں جانتا ہوں کہ اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان یہ آیت پاک برتن میں خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُسے زعفران کے ساتھ بارش کے پانی سے دھوئے، تو یہ پانی اُس درخت کے تنے کے نیچے ڈال دے جو کم پھل دیتا ہے، تو اِن شاءاللہ وہ درخت زیادہ پھل دے گا۔ اگر کوئی صاحبِ ایمان یہ آیت پاک برتن میں خالص نیت کے ساتھ لکھے، پھر اُسے کنویں کے پانی سے دھوئے اور اُس میں تھوڑا سا چینی ڈال دے، اور سات دن تک وہ پانی مریض کو پلائے، تو اِن شاءاللہ وہ ہر قسم کی بیماری سے شفا حاصل کرلے گا۔

--- سر کے بالوں کی نشو و نما کے لیے

اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰى قَرْیَةٍ وَّ هِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ
قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَ شَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ ۚ
وَ انْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَ لِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَ انْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ
اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۵۹﴾

یا اس شخص کی طرح جس کا ایک ایسی بستی سے گزر ہوا جو اپنی چھتوں کے بل گری ہوئی تھی تو اس نے کہا: اللہ اس (اجڑی ہوئی آبادی کو) مرنے کے بعد کس طرح دوبارہ زندگی بخشے گا؟ پس اللہ نے سو (۱۰۰) برس تک اسے مردہ رکھا پھر اسے دوبارہ زندگی دی، اس سے پوچھا: بتاؤ کتنی مدت (مردہ) رہے ہو؟ اس نے کہا: ایک دن یا اس سے کم، اللہ نے فرمایا: (نہیں) بلکہ سو (۱۰۰) برس (مردہ) پڑے رہے ہو، لہٰذا ذرا اپنے کھانے پینے کی چیزوں کو دیکھو جو سڑی نہیں اور اپنے گدھے کو بھی دیکھو اور ہم نے یہ اس لیے کیا ہے تاکہ ہم تمہیں لوگوں کے لیے نشانی بنائیں اور پھر ان ہڈیوں کو دیکھو کہ ہم انہیں کس طرح اٹھاتے ہیں پھر ان پر گوشت چڑھا دیتے ہیں، یوں جب اس پر حقیقت عیاں ہو گئی تو اس نے کہا: میں جانتا ہوں کہ اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان یہ آیت خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُسے زیتون کے تیل سے دھو کر جمعہ کے دن غسل میں سر اور داڑھی پر لگائے، تو جو بال گرے ہوئے ہوں گے وہ دوبارہ اُگنے لگیں گے۔ اور اگر کوئی یہ آیت پیالے پر، خالص نیت، توجہِ خدا اور

معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے وضو کے ساتھ لکھے، پھر اُسے زیتون کی لکڑی سے اور بھاری بارش کے پانی سے دھوئے، تو جو بھی شخص اُس پانی کو پیئے، اُس کا دل نرم ہو جائے گا اور جو کچھ وہ سنے گا، فوراً یاد رکھ لے گا۔

--- شیطان سے حفاظت

پھر جب اس غم کے بعد تم پر امن وسکون نازل فرمایا تو تم میں سے ایک گروہ تو اونگھنے لگا، جب کہ دوسرے گروہ کو اپنی جانوں کی پڑی ہوئی تھی، وہ ناحق اللہ پر زمانہ جاہلیت والی بدگمانیاں کر رہے تھے، کہہ رہے تھے: کیا اس امر میں ہمارا بھی کوئی حصہ ہے؟ کہہ دیجئے: سارا اختیار اللہ کے ہاتھ میں ہے، یہ لوگ جو بات اپنے اندر چھپائے رکھتے ہیں اسے آپ پر ظاہر نہیں کرتے، وہ کہتے ہیں: اگر (قیادت میں) ہمارا کچھ دخل ہوتا تو ہم یہاں مارے نہ جاتے، کہہ دیجئے: اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے تو بھی جن کے مقدر میں قتل ہونا لکھا ہے وہ خود اپنے مقتل کی طرف نکل پڑتے اور یہ (جو کچھ ہوا وہ اس لیے تھا) کہ جو کچھ تمہارے سینوں میں ہے اللہ اسے آزمائے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اسے چھانٹ کر واضح کر دے اور اللہ دلوں کا حال خوب جانتا ہے۔

اگر کوئی شخص سر درد سے نجات کے لیے یہ آیت سات بار، صبح کی نماز کے بعد، خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، تو اِن شاءاللہ یہ مفید ثابت ہوگی اور درد سر سے نجات ملے گی۔

--- سرکش گھوڑے کو رام کرنے کا بیان

ثُمَّ اَنۡزَلَ عَلَيۡكُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ الۡغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغۡشٰى طَآئِفَةً مِّنۡكُمۡ‌ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدۡ اَهَمَّتۡهُمۡ اَنۡفُسُهُمۡ يَظُنُّوۡنَ بِاللّٰهِ غَيۡرَ الۡحَـقِّ ظَنَّ الۡجَـاهِلِيَّةِ‌ ؕ يَقُوۡلُوۡنَ هَلۡ لَّنَا مِنَ الۡاَمۡرِ مِنۡ شَىۡءٍ‌ ؕ قُلۡ اِنَّ الۡاَمۡرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ‌ ؕ يُخۡفُوۡنَ فِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ مَّا لَا يُبۡدُوۡنَ لَكَ‌ ؕ يَقُوۡلُوۡنَ لَوۡ كَانَ لَنَا مِنَ الۡاَمۡرِ شَىۡءٌ مَّا قُتِلۡنَا هٰهُنَا ‌ؕ قُلۡ لَّوۡ كُنۡتُمۡ فِىۡ بُيُوۡتِكُمۡ لَبَرَزَ الَّذِيۡنَ كُتِبَ عَلَيۡهِمُ الۡقَتۡلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمۡ ‌ۚ وَلِيَبۡتَلِىَ اللّٰهُ مَا فِىۡ صُدُوۡرِكُمۡ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ‌ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۱۵۴﴾

پھر جب اس غم کے بعد تم پر امن وسکون نازل فرمایا تو تم میں سے ایک گروہ تو اونگھنے لگا، جب کہ دوسرے گروہ کو اپنی جانوں کی پڑی ہوئی تھی، وہ ناحق اللہ پر زمانہ جاہلیت والی بدگمانیاں کر رہے تھے، کہہ رہے تھے: کیا اس امر میں ہمارا بھی کوئی حصہ ہے؟ کہہ دیجئے: سارا اختیار اللہ کے ہاتھ میں ہے، یہ لوگ جو بات اپنے اندر چھپائے رکھتے ہیں اسے آپ پر ظاہر نہیں کرتے، وہ کہتے ہیں: اگر (قیادت میں) ہمارا کچھ دخل ہوتا تو ہم یہاں مارے نہ جاتے، کہہ دیجئے: اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے تو بھی جن کے مقدر میں قتل ہونا لکھا ہے وہ خود اپنے مقتل کی طرف نکل پڑتے اور یہ (جو کچھ ہوا وہ اس لیے تھا) کہ جو کچھ تمہارے سینوں میں ہے اللہ اسے آزمائے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اسے چھانٹ کر واضح کر دے اور اللہ دلوں کا حال خوب جانتا ہے۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان اِس آیت کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اُسے اُس گھوڑے کی گردن میں باندھ دے جو بدخو اور سرکش ہو، تو اُس کی بدخُوئی، سرکشی اور چموشی زائل ہو جاتی ہے۔ توجہ: یہ آیت اور سورہٴ فتح کی آخری آیت، حروفِ تہجّی کے تمام اٹھائیس حروف پر مشتمل ہیں اور اُن میں خاص اور زائد خواص پائے جاتے ہیں؛ لہٰذا ہر موقع پر اُن کی قراءت نہ کی جائے۔

--- علم وتقویٰ میں اضافہ

وَلَا تَحۡسَبَنَّ الَّذِيۡنَ قُتِلُوۡا فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ اَمۡوَاتًا‌ ؕ بَلۡ اَحۡيَآءٌ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ يُرۡزَقُوۡنَ ﴿۱۶۹﴾ فَرِحِيۡنَ بِمَاۤ اٰتٰٮهُمُ اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖ ۙ وَيَسۡتَبۡشِرُوۡنَ بِالَّذِيۡنَ لَمۡ يَلۡحَقُوۡا بِهِمۡ مِّنۡ خَلۡفِهِمۡ ۙ اَلَّا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ﴿۱۷۰﴾ يَسۡتَبۡشِرُوۡنَ بِنِعۡمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضۡلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيۡعُ اَجۡرَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۷۱﴾

اللہ نے اپنے فضل سے جو کچھ انہیں دیا ہے اس پر وہ خوش ہیں اور جو لوگ ابھی ان کے پیچھے ان سے نہیں جا ملے ان کے بارے میں بھی خوش ہیں کہ انہیں (قیامت کے روز) نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ محزون ہوں گے۔ اور جو لوگ راہ خدا میں مارے گئے ہیں قطعاً انہیں مردہ نہ سمجھو بلکہ وہ زندہ ہیں، اپنے رب کے پاس سے رزق پا رہے ہیں۔ وہ اللہ کی عطا کردہ نعمت اور اس کے فضل پر خوش ہیں اور اس بات پر بھی کہ اللہ مومنوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

ہر صاحبِ ایمان اگر نوروزہ رات میں اِن آیات کو زعفران سے لوہے کے ایک ورق پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُس ورق کو بارش کے پانی سے دھوئے اور وہ پانی پانچوں فرض نمازوں کے بعد پی لے، تو تحصیل علم کی صلاحیت حاصل ہو جاتی ہے، اصلاحِ حال اور تقویٰ نصیب ہوتا ہے، اور دل میں جرأت و دلیری پیدا ہوتی ہے۔

--- حاکم کے شر سے محفوظ

اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ٭ۖ وَّ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّ اتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ﴿١٧٤﴾

جب کچھ لوگوں نے ان (مومنین) سے کہا: لوگ تمہارے خلاف جمع ہوئے ہیں پس ان سے ڈرو تو (یہ سن کر) ان کے ایمان میں اور اضافہ ہوا اور وہ کہنے لگے: ہمارے لیے اللہ کافی ہے اور وہی بہترین کارساز ہے۔ چنانچہ وہ اللہ کی عطا کردہ نعمت اور فضل کے ساتھ پلٹ کر آئے، انہیں کسی قسم کی تکلیف بھی نہیں ہوئی اور وہ اللہ کی خوشنودی کے تابع رہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِن دونوں آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے ہرن کی کھال پر لکھے اور اُسے انگوٹھی کے نگین کے نیچے رکھ دے، تو جو شخص وہ انگوٹھی اپنے پاس رکھے، جب وہ کسی بادشاہ یا حاکم کے سامنے حاضر ہو تو اللہ تعالیٰ اس سے بادشاہ اور حاکم کے شر کو دُور فرما دیتا ہے، اور وہ شخص عزت و تکریم کے ساتھ پیش آتا ہے۔

--- ایمان میں اضافہ

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَ النَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿١٩٠﴾ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَ يَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٩١﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿١٩٢﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ٭ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ كَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَ تَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿١٩٣﴾ رَبَّنَا وَ اٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَ لَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿١٩٤﴾

بے شک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے اور رات اور دن کے بدلنے میں صاحبانِ عقل کے لیے نشانیاں ہیں۔ جو اُٹھتے بیٹھتے اور اپنی کروٹوں پر لیٹتے ہر حال میں اللہ کو یاد کرتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی خلقت میں غور و فکر کرتے ہیں، (اور کہتے ہیں:) ہمارے رب! یہ سب کچھ تو نے بے حکمت نہیں بنایا، تیری ذات (ہر عبث سے) پاک ہے، پس ہمیں عذاب جہنم سے بچا لے۔ اے ہمارے رب! تو نے جسے جہنم میں ڈالا اسے یقیناً رسوا کیا پھر ظالموں کا کوئی مددگار بھی نہ ہوگا۔ اے ہمارے رب! ہم نے ایک ندا دینے والے کو سنا جو ایمان کی دعوت دے رہا تھا: اپنے رب پر ایمان لے آؤ تو ہم ایمان لے آئے، تو اے ہمارے رب! ہمارے گناہوں سے درگزر فرما اور ہماری خطاؤں کو دور فرما اور نیک لوگوں کے ساتھ ہمارا خاتمہ فرما۔ ہمارے رب! تو نے اپنے رسولوں کی معرفت ہم سے جو وعدہ کیا ہے وہ ہمیں عطا کر اور قیامت کے دن ہمیں رسوا نہ کرنا، بے شک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِن آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پابندی سے تلاوت کرتا رہے تو اُس کا دل کینہ، فریب اور کھوٹ سے پاک ہو جاتا ہے، وہ اپنے ایمان پر ثابت قدم رہتا ہے، اور دنیا و آخرت کی رسوائی سے محفوظ رہتا ہے۔

اور اگر کوئی صاحبِ ایمان پاک لکڑی کے برتن میں ان آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور انہیں آبِ زمزم سے دھوئے، تو جو شخص شب بیداری کی قدرت نہ رکھتا ہو، وہ اگر اِس پانی کو پی لے تو جب بھی رات کے کسی حصے میں اُٹھنا چاہے، بآسانی بیدار ہو جائے گا۔

--- بیوی کی سازگاری کے لیے

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَ صَابِرُوْا وَ رَابِطُوْا وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾

اے ایمان والو! صبر سے کام لو استقامت کا مظاہرہ کرو، مورچہ بند رہو اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم کامیابی حاصل کرسکو۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِس آیت کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے جو یا گندم کی روٹی پر لکھے اور اِسے نافرمان یا ناسازگار عورت کو کھلا دے، تو اُس کی ناسازگاری زائل ہو جاتی ہے۔

شیخ ابو العباس نے نقل کیا ہے کہ: ہر صاحبِ ایمان اگر اِس آیت کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے نان یا روٹی کے کناروں پر لکھے اور اُسے شراب نوش کو کھلا دے، تو شراب اُس کے مزاج پر ناگوار ہو جاتی ہے اور وہ اُس سے توبہ کر لیتا ہے، ان شاء اللہ۔

فضائل سورہ مبارکہ نساء

حضرت رسولِ اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص صاحبِ ایمان سورہ مبارکہ نساء کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، تو اس کے لیے ایسا اجر لکھا جاتا ہے گویا اس نے ہر اس مومن کی تعداد کے مطابق صدقہ دیا ہو جسے مرد یا عورت کی طرف سے میراث ملی ہو؛ اور وہ اس کے لیے ایسا ہے جیسے اس نے ثواب کی نیت سے غلام خرید کر آزاد کیے ہوں۔ نیز وہ ان لوگوں میں شمار ہوتا ہے جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی مشیت ہوتی ہے کہ وہ ان کو معاف فرمادے اور ان کے گناہوں سے درگزر کرے۔

--- میاں بیوی کے درمیان محبت

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ: اگر کوئی صاحبِ ایمان میاں بیوی کے درمیان باہمی موافقت اور الفت کے لیے سورہ مبارکہ نساء کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے اور حالتِ وضو میں پڑھے، تو مقصود حاصل ہو جاتا ہے اور بیوی شوہر ایک دوسرے کے ساتھ مہربان اور محبت کرنے والے بن جاتے ہیں۔

--- خوف اور وحشت کے زوال کے لیے

اگر کوئی صاحبِ ایمان اِس مذکورہ آیت کو زعفران سے، خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُسے پانی سے دھو کر وہ پانی اُس شخص کو پلائے جو خوفزدہ ہو، تو اُس کا خوف اور وحشت زائل ہو جاتی ہے۔

--- کسی دوسرے کو گھر چھوڑنے پر مجبور کرنے کے لیے

نیز منقول ہے کہ: اگر کوئی صاحب ایمان سورہ مبارکہ نساء کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اُسے چالیس روز تک گھر میں محفوظ رکھے، پھر اِس کے بعد اُسے گھر سے باہر لے جا کر مکان کی دیوار میں چھپا دے، تو جس شخص کے بارے میں گھر کا مالک یہ نہ چاہتا ہو کہ وہ اُس گھر میں رہے، وہ جلد ہی اُس گھر کو چھوڑ کر چلا جاتا ہے۔

--- اولاد حاصل کرنے کے لیے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَ بَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ نِسَآءً ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَ الْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ﴿۱﴾

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی سے اس کا جوڑا پیدا کیا اور ان دونوں سے بکثرت مرد و عورت (روئے زمین پر) پھیلا دیے اور اس اللہ کا خوف کرو جس کا نام لے کر ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو اور قرابتداروں کے بارے میں بھی (پرہیز کرو)، بے شک تم پر اللہ نگران ہے۔

یہ آیت اُس مرد کے لیے مفید ہے جس کے ہاں اولاد نہیں ہو رہی۔ اگر کوئی جمعہ کی درمیانی رات میں اِسے زعفران سے حلوے کے ایک ٹکڑے پر لکھے، اِس بات کا اہتمام کرے کہ کوئی اُسے نہ دیکھے، پھر اُس حلوا کو کھائے اور اپنی بیوی کے ساتھ مباشرت کرے، اور اگر کسی نے یہ عمل تین جمعہ کی درمیانی راتوں پر دُہرایا، تو اِن شاء اللہ، اولاد پیدا ہو جائے گی۔

--- تھکن اور دیر سفر سے بچاؤ کے لیے

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَ يَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ يَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶﴾ وَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۫ وَ يُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ﴿۲۷﴾ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَ خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ﴿۲۸﴾

اللہ چاہتا ہے کہ تمہارے لیے (اپنے احکام) کھول کھول کر بیان کرے اور تمہیں گزشتہ اقوام کے طریقوں پر چلائے نیز تمہاری طرف توجہ کرے اور اللہ بڑا جاننے والا، حکمت والا ہے۔ اور اللہ (اپنی رحمتوں کے ساتھ) تم پر توجہ کرنا چاہتا ہے اور جو لوگ اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم بڑی بے راہ روی میں پڑ جاؤ۔ اور اللہ تمہارا بوجھ ہلکا کرنا چاہتا ہے کیونکہ انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِن آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اپنے پاس رکھے، تو سفر میں کبھی پیچھے نہیں رہتا اور تھکن محسوس نہیں کرتا، اور دُور دراز و دُشوار گزار راستے اُس کے لیے آسان و ہموار ہو جاتے ہیں۔

--- دفن شدہ چیز کا مل جانا

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَا ۙ وَ اِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾

بے شک اللہ تم لوگوں کو حکم دیتا ہے کہ امانتوں کو ان کے اہل کے سپرد کر دو اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل و انصاف کے ساتھ کرو، اللہ تمہیں مناسب ترین نصیحت کرتا ہے، یقیناً اللہ تو ہر بات کو خوب سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔

دفینہ (چھپی ہوئی چیز) تلاش کرنے کے لیے اگر کوئی شخص کسی چیز کو دفن کرے اور بعد میں اُس دفن شدہ جگہ کو بھول جائے، تو وہ اِس آیت کو اُس جگہ پر، جہاں اُسے گمان ہو، خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، تو دفن شدہ مقام ظاہر ہو جائے گا اور چھپی ہوئی چیز مل جائے گی۔

--- ظالم کے ظلم کے خاتمے کے لیے

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَا ۙ وَ اِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾

بے شک اللہ تم لوگوں کو حکم دیتا ہے کہ امانتوں کو اُن کے اہل کے سپرد کر دو اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل و انصاف کے ساتھ کرو، اللہ تمہیں مناسب ترین نصیحت کرتا ہے، یقیناً اللہ تو ہر بات کو خوب سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان اِس مذکورہ آیت کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور کسی ظالم کے پاس رکھوائے، تو اُس کا ظلم ختم ہو جائے گا اور بعد میں وہ حق کے مطابق حکم دے گا۔

--- جادو کی تاثیر کا خاتمہ

وَ مَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّ سَعَةً ؕ وَ مَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۰﴾

اور جو اللہ کی راہ میں ہجرت کرے گا وہ زمین میں بہت سی پناہ گاہیں اور کشائش پائے گا اور جو اپنے گھر سے اللہ اور رسول کی طرف ہجرت کی غرض سے نکلے پھر (راستے میں) اسے موت آ جائے تو اس کا اجر اللہ کے ذمے ہو گیا، اور اللہ بڑا معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِس آیت کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے اور حالتِ وضو میں لکھے، پھر اِسے پانی سے دھو کر صبح کے وقت، دن کے پہلے حصے میں اور کچھ کھانے سے پہلے پی لے، تو اُس پر کسی بھی جادو یا سحر کا اثر نہیں ہوتا۔

--- باتونی اور خود پسند لوگوں کو خاموش کرنے کے لیے

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾

اللہ اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ کوئی (کسی کی) برملا برائی کرے، مگر یہ کہ مظلوم واقع ہوا ہو اور اللہ بڑا سننے والا، جاننے والا ہے۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان اِس آیت کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، اور وہ شخص کسی کے سامنے جو باتونی ہو اور اپنی بات پر مغرور ہو، تو وہ خاموش ہو جائے گا اور بات کرنے میں کمی کرے گا۔

--- ظالم کے خوف سے حفاظت کے لیے

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾

اللہ اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ کوئی (کسی کی) برملا برائی کرے، مگر یہ کہ مظلوم واقع ہوا ہو اور اللہ بڑا سننے والا، جاننے والا ہے۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان اِس آیت کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اپنے پاس رکھے، تو پھر کسی حاکم یا ظالم کے سامنے جانے پر، حالتِ وضو میں بار بار یہ آیت پڑھے، تو وہ محفوظ رہتا ہے اور اُسے کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔

--- عدل و انصاف کے مطابق فیصلہ ہونے کے لیے

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾

اللہ اِس بات کو پسند نہیں کرتا کہ کوئی (کسی کی) برملا برائی کرے، مگر یہ کہ مظلوم واقع ہوا ہو اور اللہ بڑا سننے والا، جاننے والا ہے۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان اِس آیت کو زعفران اور گلاب کے پانی سے خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُسے بارش کے پانی سے دھوئے اور وہ پانی کسی حاکم پر چھڑک دے، تو وہ سچائی کے مطابق فیصلہ کرے گا اور راہِ عدالت سے تجاوز نہیں کرے گا۔

--- ایمان اور یقین میں اضافہ کے لیے

يَاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١٧٠﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَ لَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ كَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَ رُوْحٌ مِّنْهُ ؗ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ ۚ وَ لَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿١٧١﴾

اے لوگو! یہ رسول تمہارے رب کی طرف سے حق لے کر تمہارے پاس آئے ہیں پس تمہارے حق میں بہتر ہے کہ تم (ان پر) ایمان لے آؤ اور اگر تم کفر اختیار کرو تو (جان لو کہ) آسمانوں اور زمین کی موجودات کا مالک اللہ ہے اور اللہ بڑا علم رکھنے والا، حکمت والا ہے۔ اے اہل کتاب! اپنے دین میں غلو سے کام نہ لو اور اللہ کے بارے میں حق بات کے سوا کچھ نہ کہو، بے شک مسیح عیسیٰ بن مریم تو اللہ کے رسول اور اس کا کلمہ ہیں جو اللہ نے مریم تک پہنچا دیا اور اس کی طرف سے وہ ایک روح ہیں، لہٰذا اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لے آؤ اور یہ نہ کہو کہ تین ہیں، اس سے باز آجاؤ اس میں تمہاری بہتری ہے، یقینا اللہ تو بس ایک ہی معبود ہے، اس کی ذات اس سے پاک ہے کہ اس کا کوئی بیٹا ہو، آسمانوں اور زمین میں موجود ساری چیزیں اسی کی ہیں اور کارسازی کے لیے اللہ کافی ہے۔

جو صاحبِ ایمان چاہتا ہے کہ اُس کا ایمان اور یقین بڑھ جائے، وہ درج ذیل عمل کرے: تین روزہ روزہ رکھے: پہلا روز اتوار ہو۔ دوسرے روز افطار میں ایسا کھانا کھائے جو حیوانی یا نیم حیوانی نہ ہو۔ پانچویں رات (جمعرات کی شب): نمازِ شب میں بارہ رکعت پڑھے۔ سلام کے بعد دس مرتبہ "سبحان اللہ" کہے، خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے۔ اِس دوران خداوندِ متعال سے راہِ حق طلب کرے۔ آیات لکھ کر پانی میں دھونا: متعلقہ آیات کو کاغذ پر لکھے اور بارش کے پانی سے دھوئے۔ جمعرات کی صبح اِس پانی کو پی لے۔ ان شاء اللہ مطلوبہ اضافۂ ایمان اور یقین حاصل ہوجائے گا۔

--- دشمن پر غلبہ پانے کے لیے

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿١٧٤﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ اعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَ فَضْلٍ ۙ وَّ يَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿١٧٥﴾

اے لوگو! تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس واضح دلیل آگئی ہے اور ہم نے تمہاری طرف روشن نور نازل کیا ہے۔ لہٰذا جو اللہ پر ایمان لے آئیں اور اس سے متمسک رہیں تو وہ جلد ہی انہیں اپنی رحمت اور فضل میں داخل کرے گا اور انہیں اپنی طرف آنے کا سیدھا راستہ دکھائے گا۔

یہ دو آیات مجادلہ اور نزاع کے دفع کے لیے نافع ہیں۔ اگر کوئی صاحبِ ایمان اتوار کے دن روزہ رکھے اور اِن دونوں آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اپنے پاس رکھے، تو وہ اپنے مخالف پر غالب آتا ہے اور خصم کی تمام دلیلیں اور حجتیں باطل ہوجاتی ہیں۔

--- بندش کے کھلنے کے لیے

يَاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا﴿۱۷۴﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ
اعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَ فَضْلٍ وَّ يَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا﴿۱۷۵﴾

اے لوگو! تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس واضح دلیل آگئی ہے اور ہم نے تمہاری طرف روشن نور نازل کیا ہے۔ لہٰذا جو اللہ پر ایمان لے آئیں اور اُس سے متمسک رہیں تو وہ جلد ہی اُنہیں اپنی رحمت اور فضل میں داخل کرے گا اور اُنہیں اپنی طرف آنے کا سیدھا راستہ دکھائے گا۔

اگر کوئی شخص کسی طرح کی بندش میں مبتلا ہو، تو وہ اِن دونوں آیات کو گلاب اور زعفران سے، خالص نیت، توجہ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، اور اُسے اپنی دستار (پگڑی) کے نیچے، پیشانی کے مقابل رکھ لے، تو اِن شاء اللہ اُس کی بندش کھل جاتی ہے۔ اور بعض کتب میں یہ بھی آیا ہے کہ اگر وہ اِن آیات کو دھو کر اِس کا پانی پی لے، تو مقصود حاصل ہو جاتا ہے۔

فضائل سورہ مبارکہ مائدہ

حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جو شخص صاحبِ ایمان سورۂ مبارکۂ مائدہ کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، اُسے دس نیکیاں عطا کی جاتی ہیں، اُس کے نامۂ اعمال سے دس برائیاں مٹا دی جاتی ہیں، اور دنیا میں موجود ہر یہودی اور نصرانی کی تعداد کے برابر اُس کے درجات بلند کیے جاتے ہیں۔

--- چوری سے محفوظ رہنے کے لیے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ: ہر صاحبِ ایمان اگر سورۂ مبارکۂ مائدہ کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اُسے گھر کے سامان کے صندوق میں رکھ دے، تو وہ چوری سے محفوظ رہتا ہے۔

--- پیاس کے رفع ہونے کے لیے

اگر کسی شخص کو شدید پیاس لاحق ہو، تو وہ سورۂ مبارکۂ مائدہ کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُسے دھو کر اُس کا پانی پیاسے کو پلائے، تو وہ سیراب ہو جاتا ہے۔

--- جھوٹ کی صفت کے زوال کے لیے

بسمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ اُحِلَّتْ لَکُمْ بَہِیْمَۃُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا یُتْلٰی عَلَیْکُمْ غَیْرَ مُحِلِّی الصَّیْدِ وَ اَنْتُمْ حُرُمٌ اِنَّ اللّٰہَ یَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ﴿۱﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ اے ایمان والو! عہد و پیمان پورا کیا کرو، تمہارے لیے چرنے والے مویشی حلال کیے گئے ہیں سوائے اُن کے جو (آئندہ) تمہیں بتا دیے جائیں گے مگر حالت احرام میں شکار کو حلال تصور نہ کرو، بیشک اللہ جیسا چاہتا ہے حکم دیتا ہے۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِس آیت کو شیشے کے برتن میں خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُسے ایسے خالص شہد سے مٹا دے جسے آگ نہ لگی ہو، اور جھوٹ بولنے والے یا باطل دعویٰ کرنے والے افراد اُس شہد کو کھالیں، تو اُن سے جھوٹ کی صفت زائل ہو جاتی ہے اور اُن کے دل میں صلاح اور تقویٰ راسخ ہو جاتا ہے۔

--- دوسروں کی ناموس کی طرف میلان کا خاتمہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ اُحِلَّتْ لَکُمْ بَہِیْمَۃُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا یُتْلٰی عَلَیْکُمْ غَیْرَ مُحِلِّی الصَّیْدِ وَ اَنْتُمْ حُرُمٌ اِنَّ اللّٰہَ یَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ﴿۱﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ اے ایمان والو! عہد و پیمان پورا کیا کرو، تمہارے لیے چرنے والے مویشی حلال کیے گئے ہیں سوائے اُن کے جو (آئندہ) تمہیں بتا دیے جائیں گے مگر حالت احرام میں شکار کو حلال تصور نہ کرو، بیشک اللہ جیسا چاہتا ہے حکم دیتا ہے۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان اِس آیت کو کانسی کے ایک ٹکڑے پر نقش کرے اور اُسے بہتے ہوئے پانی میں ڈال دے، تو جو شخص اُس پانی میں سے پیئے، اُس کے ذہن و فکر سے دوسروں کی ناموس کی طرف توجہ اور میلان زائل ہو جاتا ہے۔

--- عورت کو زنا سے باز رکھنے کے لیے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۭ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ﴿۱﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ اے ایمان والو! عہد و پیمان پورا کیا کرو، تمہارے لیے چرنے والے مویشی حلال کیے گئے ہیں سوائے ان کے جو (آئندہ) تمہیں بتا دیے جائیں گے مگر حالت احرام میں شکار کو حلال تصور نہ کرو، بیشک اللہ جیسا چاہتا ہے حکم دیتا ہے۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِس مذکورہ آیت کو زنا کرنے والی عورت کے لباس کے ایک ٹکڑے پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اُسے پڑھے، پھر یہ کہے:

اَللّٰھُمَّ امحِ الزِّنَا وَالزَّیغ مِن قَلبِ فُلَانَةِ بِنتِ فُلَانَة، فَاِنَّكَ فَعَّالٌ لِمَا تَشَاءُ، وَانتَ القَادِرُ لِمَا تَشَاءُ، یَا اَرحَمَ الرَّاحِمِینَ۔

اے اللہ! زنا اور کجی (یا انحراف) کو فلاں کی بیٹی فلاں کے دل سے مٹا دے۔ بے شک تو جو چاہے کر گزرنے والا ہے اور تو جو چاہے اس پر قادر ہے۔ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

پھر اُس کپڑے کے ٹکڑے کو کسی گمنام قبر میں دفن کر دے اور دفن کرتے وقت یہ کلمات کہے:

كَمَا مَاتَ صَاحِبِ هَذَا القَبرُ تَمُوتُ الزِّنَا وَ حُبُّهُ مِن قَلبِ فُلَانَة بِنتِ فُلَانَة۔

"جس طرح اِس قبر والے (یہاں کے صاحب قبر) کا انتقال ہوا (اور وہ مر گیا)، اِسی طرح زنا اور اِس کی محبت فلاں کی بیٹی فلاں کے دل سے مر جائے (یعنی ختم ہو جائے)۔"

چنانچہ جو شخص یہ عمل انجام دے، تو اُس عورت کے دل سے زنا کی محبت نکل جاتی ہے اور وہ اِس فعل کو ناپسند اور دشمن جاننے لگتی ہے۔

--- مالِ حرام سے حفاظت کے لیے

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۣ وَمَا ذُبِحَ عَلَي النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ۭ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ۭ اَلْيَوْمَ يَىِٕسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ۭ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۭ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳﴾

تم پر حرام کیا گیا ہے مردار، خون، سور کا گوشت اور (وہ جانور) جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو اور وہ جو گلا گھٹ کر اور چوٹ کھا کر اور بلندی سے گر کر اور سینگ لگ کر مر گیا ہو اور جسے درندے نے کھایا ہو سوائے اِس کے جسے تم (مرنے سے پہلے) ذبح کر لو اور جسے تھان پر ذبح کیا گیا ہو اور جوئے کے تیروں کے ذریعے تمہارا تقسیم کرنا (بھی حرام ہے)، یہ سب فسق ہیں، آج کافر لوگ تمہارے دین سے مایوس ہو چکے ہیں، پس تم اُن (کافروں) سے نہیں مجھ سے ڈرو، آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا اور اپنی نعمت تم پر پوری

کردی اور تمہارے لیے اسلام کو بطور دین پسند کرلیا، پس جو شخص گناہ کی طرف مائل ہوئے بغیر بھوک کی وجہ سے (ان حرام چیزوں سے پرہیز نہ کرنے پر) مجبور ہو جائے تو اللہ یقیناً بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِس آیت کو سرخ شیشے کے برتن میں خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، بشرطیکہ باطہارت ہو، پھر اُسے بارش کے پانی سے دھو کر پی لے، تو اللہ تعالیٰ اُسے حرام کھانے سے، نشہ آور مشروبات پینے سے، سود کھانے سے اور یتیم کا مال کھانے سے محفوظ اور مامون رکھتا ہے۔

--- نشہ آور مشروبات سے اجتناب کے لیے

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَ الدَّمُ وَ لَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَ مَاۤ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَ الْمُنْخَنِقَةُ وَ الْمَوْقُوْذَةُ وَ الْمُتَرَدِّيَةُ وَ النَّطِيْحَةُ وَ مَاۤ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَ مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَ اَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ اَلْيَوْمَ يَىٕسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَ اخْشَوْنِ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَ رَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳﴾

تم پر حرام کیا گیا ہے مردار، خون، سور کا گوشت اور (وہ جانور) جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو اور وہ جو گلا گھٹ کر اور چوٹ کھا کر اور بلندی سے گر کر اور سینگ لگ کر مر گیا ہو اور جسے درندے نے کھایا ہو سوائے اس کے جسے تم (مرنے سے پہلے) ذبح کرلو اور جسے تھان پر ذبح کیا گیا ہو اور جوئے کے تیروں کے ذریعے تمہارا تقسیم کرنا (بھی حرام ہے)، یہ سب فسق ہیں، آج کافر لوگ تمہارے دین سے مایوس ہو چکے ہیں، پس تم ان (کافروں) سے نہیں مجھ سے ڈرو، آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا اور اپنی نعمت تم پر پوری کردی اور تمہارے لیے اسلام کو بطور دین پسند کرلیا، پس جو شخص گناہ کی طرف مائل ہوئے بغیر بھوک کی وجہ سے (ان حرام چیزوں سے پرہیز نہ کرنے پر) مجبور ہو جائے تو اللہ یقیناً بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِس آیت کو 90 مرتبہ پانی پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے اور قبلہ رُخ ہو کر پڑھے، پھر اُسی پانی سے گندم کے آٹے کو گوندھے اور روٹی پکائے، اور تین دن مسلسل نہار منہ اُس روٹی میں سے کھائے، تو وہ نشہ آور مشروبات پینے اور حرام کھانے سے نفرت کرنے لگتا ہے اور یقیناً اُن کے قریب بھی نہیں جاتا۔

--- محبت میں کثرت کے لیے

وَ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ مِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا وَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۷﴾

اور اس نعمت کو یاد کرو جو اللہ نے تمہیں عطا کی ہے اور اس عہد و پیمان کو بھی جو اللہ نے تم سے لے رکھا ہے، جب تم نے کہا تھا: ہم نے سنا اور مانا اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ دلوں کا حال خوب جانتا ہے۔

جب کوئی شخص یہ چاہے کہ وہ کسی کے دل میں محبوب بن جائے، تو وہ اِس آیت کو ایک کاغذ پر لکھے اور اُس شخص کا نام اور اُس کی والدہ کا نام بھی تحریر کرے، پھر اُسے اپنے پاس رکھے، تو اِن شاء اللہ تعالیٰ مقصود حاصل ہو جاتا ہے، بشرطیکہ وہ نماز کا پابند اور دیندار ہو۔

--- مدفون خزانے کے ظاہر ہونے کے لیے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْۤا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾

اے ایمان والو! اللہ کا یہ احسان یاد رکھو کہ جب ایک گروہ نے تم پر دست درازی کا ارادہ کیا تو اللہ نے تمہاری طرف (بڑھنے والے) ان کے ہاتھ روک دیے اور اللہ سے ڈرتے رہو اور مومنوں کو تو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان اِس آیت کے ساتھ سورۂ آلِ عمران کی ایک اور آیت، جس کے الفاظ یہ ہوں،

وَ اعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا ۪ وَ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا ۚ وَ كُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

اور تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ نہ ڈالو اور تم اللہ کی اُس نعمت کو یاد کرو کہ جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اللہ نے تمہارے دلوں میں اُلفت ڈالی اور اُس کی نعمت سے تم آپس میں بھائی بھائی بن گئے اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے تک پہنچ گئے تھے کہ اللہ نے تمہیں اُس سے بچالیا، اس طرح اللہ اپنی آیات کھول کر تمہارے لیے بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت حاصل کرو۔

ایک پیالے پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُسے پاک پانی سے دھوئے، اور اِن دونوں آیات کی تلاوت کرے، اِس کے بعد اُس پانی کو اُس گھر میں چھڑک دے جس کے بارے میں گمان ہو کہ وہاں کوئی چیز دفن ہے، تو وہ شخص رات کو خواب میں دیکھ لے گا کہ کون سی چیز دفن ہے اور کس جگہ دفن ہے۔

--- گناہ گار کی رسوائی کے لیے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْۤا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾

اے ایمان والو! اللہ کا یہ احسان یاد رکھو کہ جب ایک گروہ نے تم پر دست درازی کا ارادہ کیا تو اللہ نے تمہاری طرف (بڑھنے والے) اُن کے ہاتھ روک دیے اور اللہ سے ڈرتے رہو اور مومنوں کو تو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔

وَ اعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا ۪ وَ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا ۚ وَ كُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

اور تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ نہ ڈالو اور تم اللہ کی اُس نعمت کو یاد کرو کہ جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اللہ نے تمہارے دلوں میں اُلفت ڈالی اور اُس کی نعمت سے تم آپس میں بھائی بھائی بن گئے اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے تک پہنچ گئے تھے کہ اللہ نے تمہیں اُس سے بچالیا، اس طرح اللہ اپنی آیات کھول کر تمہارے لیے بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت حاصل کرو۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان اِن دونوں مذکورہ آیات کو لوہے کے ایک ٹکڑے پر نقش کرے اور اُسے کسی جگہ پر رکھ دے، تو جو شخص اُس جگہ پر کوئی ناپسندیدہ یا ناشائستہ کام کرے گا، وہ بہت جلد رُسوا ہو جائے گا۔

--- جادو اور سحر کے باطل ہونے کے لیے

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾

اے ایمان والو! اللہ کا یہ احسان یاد رکھو کہ جب ایک گروہ نے تم پر دست درازی کا ارادہ کیا تو اللہ نے تمہاری طرف (بڑھنے والے) اُن کے ہاتھ روک دیے اور اللہ سے ڈرتے رہو اور مومنوں کو تو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔

وَ اعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا ۠ وَ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَ كُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

اور تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ نہ ڈالو اور تم اللہ کی اس نعمت کو یاد کرو کہ جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اللہ نے تمہارے دلوں میں الفت ڈالی اور اس کی نعمت سے تم آپس میں بھائی بھائی بن گئے اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے تک پہنچ گئے تھے کہ اللہ نے تمہیں اس سے بچالیا، اس طرح اللہ اپنی آیات کھول کر تمہارے لیے بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت حاصل کرو۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان ان دونوں مذکورہ آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اپنے پاس رکھے، تو اس پر کسی بھی جادو یا سحر کا اثر نہیں ہوتا اور وہ فساد انگیز خیالات اور اثرات سے محفوظ رہتا ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

--- صبر میں اضافہ کے لیے

وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَ قَالَتِ الْيَهُوْدُ وَ النَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَ اَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا ؗ وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّ لَا نَذِيْرٍ ؗ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّ نَذِيْرٌ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۹﴾ وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَ جَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖۗ وَّ اٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۰﴾ يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَ لَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۱﴾

اور اللہ تو آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا مالک ہے، وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔ اور یہود و نصاریٰ کہتے ہیں: ہم اللہ کے بیٹے اور اُس کے پیارے ہیں، کہہ دیجئے: پھر وہ تمہارے گناہوں پر تمہیں عذاب کیوں دیتا ہے؟ بلکہ تم بھی اُس کی مخلوقات میں سے بشر ہو، وہ جسے چاہے بخش دے اور جسے چاہے عذاب

دے اور آسمانوں، زمین اور جو کچھ اِن دونوں کے درمیان موجود ہے سب پر اللہ کی حکومت ہے اور (سب کو) اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔اے اہل کتاب! ہمارے رسول بیان (احکام) کے لیے رسولوں کی آمد کا سلسلہ ایک مدت تک بند رہنے کے بعد تمہارے پاس آئے ہیں تا کہ تم یہ نہ کہو کہ ہمارے پاس کوئی بشارت دینے والا اور تنبیہ کرنے والا نہیں آیا، پس اب تمہارے پاس وہ بشارت دینے والا اور تنبیہ کرنے والا آ گیا ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔اور (وہ وقت یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! تم اللہ کی اُس نعمت کو یاد رکھو جو اُس نے تمہیں عنایت کی ہے، اُس نے تم میں انبیاء علیہم السلام پیدا کیے، تمہیں بادشاہ بنا دیا اور تمہیں وہ کچھ دیا جو اُس نے عالمین میں کسی کو نہیں دیا۔اے میری قوم! اِس مقدس سرزمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ نے تمہارے لیے مقرر فرمائی ہے اور پیچھے نہ ہٹنا ورنہ خسارے میں رہو گے۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِس آیت کو ایک پیالے پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اِسے پانی سے دھو کر سات روز متواتر اُس پانی کو پی لے، تو اللہ تعالیٰ اُسے مشکلات کے مقابلے میں عِفّت، قناعت، صبر اور شکیبائی کی توفیق عطا فرماتا ہے۔

--- کان کے درد کا علاج

وَ اِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰۤى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾

اور جب وہ رسول کی طرف نازل ہونے والے کلام کو سنتے ہیں، آپ دیکھتے ہیں کہ معرفت حق کی بدولت ان کی آنکھیں اشکبار ہو جاتی ہیں، وہ کہتے ہیں: ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے ہیں پس ہمیں گواہی دینے والوں میں شامل فرما۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِس آیت کو ایک پیالے پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اِسے یاسمین کے تیل سے دھوئے، اور وہ تیل ہلکی آنچ پر نیم گرم کر کے کان میں چند قطرے ڈالے، تو کان کا درد زائل ہو جاتا ہے، اِن شاء اللہ تعالیٰ۔

--- بدکاری سے باز رکھنے کے لیے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَ الْمَيْسِرُ وَ الْاَنْصَابُ وَ الْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَ الْبَغْضَآءَ فِى الْخَمْرِ وَ الْمَيْسِرِ وَ يَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَ عَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ احْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾

اے ایمان والو! شراب اور جوا اور مقدس تھان اور پانسے سب ناپاک شیطانی عمل ہیں پس اِس سے پرہیز کرو تا کہ تم نجات حاصل کر سکو۔شیطان تو بس یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعے تمہارے درمیان دشمنی اور بغض ڈال دے اور تمہیں یادِ خدا اور نماز سے روکے تو کیا تم باز آ جاؤ گے؟ اور اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنا بچاؤ کرو، پھر اگر تم نے منہ پھیر لیا تو جان لو ہمارے رسول کی ذمے داری تو بس واضح طور پر حکم پہنچا دینا ہے۔

اگر کسی شخص نے اپنے مال و عمر کو برے کاموں یا گناہوں میں ضائع کیا ہو اور چاہتا ہو کہ یہ صفت اُس سے زائل ہو جائے، تو وہ یہ عمل کرے: جمعہ کے دن یہ آیات، ناشپاتی یا سیب پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے۔ہفتہ کی صبح، کچھ کھانے سے پہلے، وہ ناشپاتی یا سیب کو کھائے۔یہ عمل تین بار دہرائے۔اِن شاء اللہ تعالیٰ بدکاری کی صفت زائل ہو جاتی ہے۔

--- گھراور زمین میں خیر و برکت کے لیے

اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَ تَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَ نَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَ نَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَاۤ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَ اٰخِرِنَا وَ اٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَ ارْزُقْنَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

(وہ وقت یاد کرو) جب حواریوں نے کہا: اے عیسیٰ بن مریم کیا آپ کا رب ہمارے لیے آسمان سے کھانے کا خوان اُتار سکتا ہے؟ تو عیسیٰ نے کہا: اگر تم مومن ہو تو اللہ سے ڈرو۔ انہوں نے کہا: ہم چاہتے ہیں کہ اس (خوان) میں سے کھائیں اور ہمارے دل مطمئن ہوں اور یہ جان لیں کہ آپ نے ہم سے سچ کہا ہے اور اس پر ہم گواہ رہیں۔ تب عیسیٰ بن مریم نے دعا کی: اے اللہ! اے ہمارے رب! ہمارے لیے آسمان سے کھانے کا ایک خوان نازل فرما کہ ہمارے اگلوں اور پچھلوں کے لیے وہ دن عید اور تیری طرف سے نشانی ہو اور ہمیں رزق دے کہ تو بہترین رزق دینے والا ہے۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِن آیات کو ایک پیالے پر لکھے، پھر اِسے پانی سے بھر دے، اور جمعہ کے دن سورج نکلنے سے پہلے اِس پانی کو اپنے گھر کے باغیچے میں ڈالے، تو اُس گھر میں خیر و برکت پیدا ہوتی ہے اور رزق کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ اگر یہ پانی کھیت یا باغ میں چھڑک دیا جائے، تو پیداوار اور پھل بہت زیادہ ہو جاتے ہیں۔ اگر کوئی تین جمعہ مسلسل اُس پانی کو چھڑکے، تو پیداوار آفات سے محفوظ رہتی ہے اور اُس میں بہت زیادہ برکت آتی ہے، اِن شاء اللہ تعالیٰ۔

فضائل سورہ مبارکہ انعام

حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: سورۂ مبارکہ انعام ایک ہی بار نازل ہوئی، اور سات ہزار فرشتے اُس کے ساتھ تسبیح وتحمید کرتے ہوئے میرے پاس آئے۔ اور جو صاحبِ ایمان سورۂ انعام کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، تو سات ہزار فرشتے ایک دن اور رات تک ہر آیت کے مطابق اُس کے لیے مغفرت کی دُعا کرتے ہیں۔

--- گناہوں کی مغفرت

حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص صاحبِ ایمان سورۂ مبارکۂ انعام کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، اور پوری تلاوت کے بعد یہ دُعا خلوص دِل کے ساتھ پڑھے، اور اِس سے پہلے کچھ بھی نہ کہے، تو اللہ تعالیٰ اُس کے گناہوں کو معاف فرماتا ہے اور اُس کی حاجت پوری کرتا ہے۔

--- بیماریوں اور زخموں کے علاج کے لیے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ: اگر کوئی شخص سورۂ مبارکۂ انعام کو مشک اور زعفران سے خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُسے دھو کر چھ روز متواتر کھائے، تو اُس کے تمام زخم، درد اور بیماریاں شفا پا جاتی ہیں۔

--- گناہوں کی مغفرت

حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص صاحبِ ایمان سورۂ مبارکۂ انعام کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، اور پوری تلاوت کے بعد یہ دعا خلوص دل کے ساتھ پڑھے، اور اِس سے پہلے کچھ بھی نہ کہے، تو اللہ تعالیٰ اُس کے گناہوں کو معاف فرماتا ہے اور اُس کی حاجت پوری کرتا ہے، دعا یہ ہے:

يا سَرِيعَ الْحِسَابِ، يَا شَدِيدَ الْعِقَابِ، يَا غَفُورُ يَا رَحِيمُ، يَا خَالِقَ كُلِّ شَيْءٍ، يَا فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوَى، يَا فَالِقَ الْأَصْبَاحِ، يَا مُسَبِّبَ الْأَسْبَابِ، يَا مُفَتِّحَ الْأَبْوَابِ، يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ، يَا مُقِيلَ الْعَثَرَاتِ، يَا مُحِيَ الأَمْوَاتِ، يَا نُورَ الْأَرْضِ وَالسَّمَاوَاتِ، يَا غَافِرَ الْخَطِيئَاتِ، يَا سَاتِرَ الْعَوْرَاتِ، يَا مُدَافِعَ الْبَلِيَّاتِ، اِقْضِ حَاجَتِي فِي هَذِهِ السَّاعَاتِ، يَا إِلَهَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، يَا بَدِيعَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ، يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ۔

اے جلد حساب لینے والے، اے سخت عذاب دینے والے، اے بہت بخشنے والے، اے نہایت مہربان، اے ہر چیز کے پیدا کرنے والے، اے آسمانوں اور زمین کے پیدا فرمانے والے، اے دانہ اور گٹھلی کو پھاڑنے والے، اے صبح کے اجالے کو پھاڑ کر نکالنے والے، اے اسباب کو پیدا کرنے والے، اے دروازے کھولنے والے، اے حاجتوں کو پورا کرنے والے، اے لغزشوں سے درگزر کرنے والے، اے مردوں کو زندہ کرنے والے، اے زمین اور آسمانوں کے نور، اے خطاؤں کو بخشنے والے، اے عیبوں کو چھپانے والے، اے مصیبتوں کو دور کرنے والے، اس وقت میری حاجت پوری فرما، اے پہلے اور پچھلے لوگوں کے معبود، اے آسمانوں اور زمین کے موجد، اے عظمت اور کرم والے، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

--- آفات سے محفوظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَ النُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰۤى اَجَلًا وَ اَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ﴿۲﴾ وَ هُوَ اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ فِی الْاَرْضِ یَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَ جَهْرَكُمْ وَ یَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ﴿۳﴾ وَ مَا تَاْتِیْهِمْ مِّنْ اٰیَةٍ مِّنْ اٰیٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ ﴿۴﴾

ثنائے کامل اللہ کے لیے ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور تاریکیوں اور روشنی کو بنایا، پھر بھی یہ کافر (دوسرے دیوتاؤں کو) اپنے رب کے برابر لاتے ہیں۔ اسی نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر ایک مدت کا فیصلہ کیا اور ایک مقررہ مدت اُس کے پاس ہے، پھر بھی تم تردد میں مبتلا ہو۔ اور آسمانوں میں بھی اور زمین میں بھی وہی ایک اللہ ہے، وہ تمہاری پوشیدہ اور ظاہری باتوں کو جانتا ہے اور تمہارے اعمال کو بھی جانتا ہے۔ اور اُن کے رب کی نشانیوں میں سے جو بھی نشانی اُن کے پاس آتی ہے یہ اُس سے منہ موڑ لیتے ہیں۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِن آیات کو سفید شیشے کے ایک ورق پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُسے پانی سے دھوئے اور اُس پانی کو گھر کے چار کونوں میں چھڑک دے، تو سانپ، بچھو اور کوئی بھی نقصان پہنچانے والا جانور ہوا تو اُس گھر سے بھاگ جائے گا۔

--- امراض سے محفوظ رہنے کے لیے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَ النُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ﴿۱﴾

ثنائے کامل اللہ کے لیے ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور تاریکیوں اور روشنی کو بنایا، پھر بھی یہ کافر (دوسرے دیوتاؤں کو) اپنے رب کے برابر لاتے ہیں۔

ہر صاحبِ ایمان اگر سورۂ مبارکۂ انعام کی پہلی آیت کو صبح و شام سات مرتبہ خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، اور ہر مرتبہ اپنے جسم پر ہاتھ پھیرے، تو وہ تمام آفات، عوارض اور بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

--- آفات سے حفاظت کے لیے

حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت ہے کہ: جو شخص صاحبِ ایمان سورۂ مبارکۂ انعام کی ابتدائی تین آیات کو صبح کے وقت خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، تو حق سبحانہ وتعالیٰ ستر ہزار فرشتے اُس پر مقرر فرما دیتا ہے جو اُسے آفات اور بلاؤں سے محفوظ رکھتے ہیں، اور اُس کے لیے ستر ہزار فرشتوں کے اعمال کے برابر ثواب لکھا جاتا ہے۔

--- غصے اور پریشانی کا خاتمہ

وَ لَهٗ مَا سَكَنَ فِی الَّیْلِ وَ النَّهَارِ وَ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۱۳﴾

اور جو (مخلوق) رات اور دن میں بستی ہے وہ سب اللہ کی ہے اور وہ بڑا سننے والا، جاننے والا ہے۔

غصہ اور پریشانی دُور کرنے کے لیے اِس آیت کا پڑھنا بہت فائدہ مند ہے، اور اگر کوئی اپنے اندر یا کسی اور میں ایسی چیز دیکھے تو اِس آیت کو کثرت سے پڑھے، غصہ اور پریشانی ختم ہو جائے گی اِن شاء اللہ۔

--- ہاتھ یا پہلو کے درد کے علاج

جب کوئی شخص صبح کے وقت اِن دونوں آیات کو کاغذ پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، اور اُسے اُس شخص کے ساتھ باندھ دے جسے ہاتھ یا پہلو کا درد ہو، تو بہت جلد وہ درد دُور ہو جاتا ہے۔

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۸﴾

اور اگر اللہ تمہیں ضرر پہنچائے تو خود اُس کے سوا اُسے دُور کرنے والا کوئی نہیں اور اگر وہ تمہیں کوئی بھلائی عطا کرے تو وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور وہی اپنے بندوں پر غالب ہے اور وہی بڑا حکمت والا، باخبر ہے۔

--- غم واندوہ کا علاج

اگر کوئی شخص خالص نیت کے ساتھ سوتے وقت خدا تعالیٰ اور معانی کو دھیان میں رکھتے ہوئے سورہ انعام کی درج ذیل دو آیات کو 7 مرتبہ پڑھے تو اُس کا غم دُور ہو جائے گا۔

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۸﴾

اور اگر اللہ تمہیں ضرر پہنچائے تو خود اُس کے سوا اُسے دُور کرنے والا کوئی نہیں اور اگر وہ تمہیں کوئی بھلائی عطا کرے تو وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور وہی اپنے بندوں پر غالب ہے اور وہی بڑا حکمت والا، باخبر ہے۔

--- آنکھوں اور اعضا کے درد کا علاج

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾

یقیناً مانتے وہی ہیں جو سنتے ہیں اور مردوں کو تو اللہ (قبروں سے) اٹھائے گا پھر وہ اسی کی طرف پلٹائے جائیں گے۔

جس شخص کی آنکھوں میں کمزوری ہو یا کسی اور عضو میں سستی اور ضعف پایا جاتا ہو، وہ تین دن روزہ رکھے اور افطار دودھ اور شکر سے کرے۔ اِس کے بعد آدھی رات کو بیدار ہو اور اُس آیت کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے گلاب اور زعفران سے ایک پیالے پر لکھے، پھر اُسے پانی سے دھو کر پی لے۔ یہ عمل تین مرتبہ دہرائے، تو وہ بیماری اُس سے زائل ہو جاتی ہے۔

--- مشتبہ اُمور کی حقیقت جاننے کے لیے

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِىْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۹﴾ وَهُوَ الَّذِىْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ

فَوْقَ عِبَادِهٖ وَ یُرْسِلُ عَلَیْكُمْ حَفَظَةً حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَ هُمْ لَا یُفَرِّطُوْنَ ﴿۶۱﴾ ثُمَّ رُدُّوْۤا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَ هُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِیْنَ ﴿۶۲﴾

اور اُسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جنہیں اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا اور وہ خشکی اور سمندر کی ہر چیز سے واقف ہے اور کوئی پتا نہیں گرتا مگر وہ اُس سے آگاہ ہوتا ہے اور زمین کی تاریکیوں میں کوئی دانہ اور خشک وتر ایسا نہیں ہے جو کتاب مبین میں موجود نہ ہو۔ اور وہی تو ہے جو رات کو تمہاری روحیں قبض کرتا ہے اور دن میں جو کچھ تم کرتے ہو اُس کا علم رکھتا ہے پھر وہ دن میں تمہیں اُٹھا دیتا ہے تاکہ معینہ مدت پوری کی جائے پھر تم سب کو اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر وہ تمہیں بتا دے گا کہ تم کیا کرتے رہے ہو۔ اور وہ اپنے بندوں پر غالب ہے اور تم پر نگہبانی کرنے والے بھیجتا ہے یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی ایک کو موت آجائے تو ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) اُس کی روح قبض کر لیتے ہیں اور وہ کوتاہی نہیں کرتے۔ پھر وہ اپنے مالک حقیقی اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے، آگاہ رہو فیصلہ کرنے کا حق صرف اُسی کو حاصل ہے اور وہ نہایت سرعت سے حساب لینے والا ہے۔

جب کوئی شخص اِن آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، اور سوتے وقت اُنہیں اپنے سر کے نیچے رکھے، پھر اللہ تعالیٰ سے دُعا کرے کہ جس معاملے یا موضوع میں اُسے شبہ لاحق ہو، اُس کی حقیقت اُس پر ظاہر فرما دے، تو وہ خواب میں اُس معاملے کی اصل حقیقت دیکھ لیتا ہے۔

--- غائب کی خبر معلوم ہونے کے لیے

وَ عِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ وَ یَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ وَ مَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَ لَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَ لَا رَطْبٍ وَّ لَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ﴿۵۹﴾

اور اُسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جنہیں اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا اور وہ خشکی اور سمندر کی ہر چیز سے واقف ہے اور کوئی پتا نہیں گرتا مگر وہ اُس سے آگاہ ہوتا ہے اور زمین کی تاریکیوں میں کوئی دانہ اور خشک وتر ایسا نہیں ہے جو کتاب مبین میں موجود نہ ہو۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان اِس آیت کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اُسے اپنے بازو پر باندھ لے، پھر سو جائے، تو اگلی صبح جو شخص بھی اُس سے ملے گا، وہ کسی غائب یا دُور کی خبر اُسے بتا دے گا۔

--- خیر و برکت میں اضافہ

وَ عِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ وَ یَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ وَ مَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَ لَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَ لَا رَطْبٍ وَّ لَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ﴿۵۹﴾

اور اُسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جنہیں اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا اور وہ خشکی اور سمندر کی ہر چیز سے واقف ہے اور کوئی پتا نہیں گرتا مگر وہ اُس سے آگاہ ہوتا ہے اور زمین کی تاریکیوں میں کوئی دانہ اور خشک وتر ایسا نہیں ہے جو کتاب مبین میں موجود نہ ہو۔

شیخ ابو العباس بونیؒ نے نقل کیا ہے کہ: ہر صاحب ایمان اگر اِس مذکورہ آیت کو قلعی کے ایک ورق پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اُسے اپنی دکان یا گھر میں آویزاں کر دے، تو اُسے بہت زیادہ خیر و برکت نصیب ہوتی ہے۔

--- کشتی کو طوفان سے محفوظ رکھنے کے لیے

قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿٦٣﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَ مِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿٦٤﴾

کہد یجئے: کون ہے جو تمہیں صحرا اور سمندر کی تاریکیوں میں نجات دیتا ہے؟ جس سے تم گڑگڑا کر اور چپکے چپکے اِلتجا کرتے ہو کہ اگر اِس (بلا) سے ہمیں بچا لیا تو ہم شکر گزاروں میں سے ہوں گے۔ کہد یجئے: تمہیں اِس سے اور ہر مصیبت سے اللہ ہی نجات دیتا ہے پھر بھی تم شرک کرتے ہو۔

جب کوئی شخص کشتی میں ہو اور سمندر میں موجیں اُٹھنے لگیں اور اِضطراب پیدا ہو جائے، تو وہ اِن دونوں آیات کو کاغذ پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے اور اُسے سمندر میں ڈال دے؛ تو اِن دونوں آیات کی عظمت کے سائے میں سمندر کی موجیں اور طوفان تھم جاتے ہیں اور دریا پُرسکون ہو جاتا ہے۔

--- گرفتاری سے نجات کے لیے

قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿٦٣﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَ مِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿٦٤﴾

کہد یجئے: کون ہے جو تمہیں صحرا اور سمندر کی تاریکیوں میں نجات دیتا ہے؟ جس سے تم گڑگڑا کر اور چپکے چپکے اِلتجا کرتے ہو کہ اگر اِس (بلا) سے ہمیں بچا لیا تو ہم شکر گزاروں میں سے ہوں گے۔ کہد یجئے: تمہیں اِس سے اور ہر مصیبت سے اللہ ہی نجات دیتا ہے پھر بھی تم شرک کرتے ہو۔

روایت میں آیا ہے کہ: اگر کوئی صاحبِ ایمان کسی گرفتاری یا مصیبت میں مبتلا ہو اور وہ اِن دونوں مذکورہ آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، تو حق تعالیٰ اُسے اُس گرفتاری سے نجات عطا فرما دیتا ہے۔

--- چور کا معلوم کرنے کے لیے

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَ لَا يَضُرُّنَا وَ نُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۠ لَهٗۤ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗۤ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَ اُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧١﴾

کہد یجئے: کیا ہم اللہ کو چھوڑ کر انہیں پکاریں جو نہ ہمارا بھلا کر سکتے ہیں اور نہ برا؟ اور کیا اللہ کی طرف سے ہدایت ملنے کے بعد ہم اس شخص کی طرح الٹے پاؤں پھر جائیں جسے شیاطین نے بیابانوں میں راستہ بھلا دیا ہو اور وہ سرگرداں ہو؟ جب کہ اس کے ساتھی اسے بلا رہے ہوں کہ سیدھے راستے کی طرف ہمارے پاس چلا آ، کہد یجئے: ہدایت تو صرف اللہ کی ہدایت ہے اور ہمیں حکم ملا ہے کہ ہم رب العالمین کے آگے سرِ تسلیم خم کر دیں۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِس آیت کو شیشے کے برتن پر ایک دائرے کے اندر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے مُشک سے لکھے، اور اُسی دائرے کے درمیان چور کا نام تحریر کرے، پھر اُسے ایسی جگہ دفن کر دے جہاں لوگوں کی آمد و رفت نہ ہو، تو وہ چور حیران و سرگردان رہتا ہے، یہاں تک کہ آخر کار واپس آجاتا ہے۔

--- دشمنی اور اختلاف ختم کرنے کے لیے

وَ تِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۸۳﴾ وَ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ
وَ يَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَ نُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَ سُلَيْمٰنَ وَ اَيُّوْبَ وَ يُوْسُفَ وَ مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ؕ وَ
كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَ زَكَرِيَّا وَ يَحْيٰى وَ عِيْسٰى وَ اِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ الْيَسَعَ وَ
يُوْنُسَ وَ لُوْطًا ؕ وَ كُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ وَ اِخْوَانِهِمْ ۚ وَ اجْتَبَيْنٰهُمْ وَ هَدَيْنٰهُمْ اِلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۸۷﴾ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَ لَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾

اور یہ ہماری وہ دلیل ہے جو ہم نے ابراہیم کو اُس کی قوم کے مقابلے میں عنایت فرمائی۔جس کے ہم چاہتے ہیں درجات بلند کرتے ہیں، بے شک آپ کا رب بڑا حکمت والا،خوب علم والا ہے۔اور ہم نے ابراہیم کو اسحاق اور یعقوب عنایت کیے،سب کی رہنمائی بھی کی اور اِس سے قبل ہم نے نوح کی رہنمائی کی تھی اور اُن کی اولاد میں سے داوٗد،سلیمان،ایوب، یوسف،موسیٰ اور ہارون کی بھی اور نیک لوگوں کو ہم اِسی طرح جزا دیتے ہیں،اور زکریا،یحییٰ،عیسیٰ اور الیاس کی بھی،(یہ) سب صالحین میں سے تھے۔اور اسماعیل،یسع،یونس اور لوط (کی رہنمائی کی) اور سب کو عالمین پر فضیلت ہم نے عطا کی۔اور اِسی طرح اُن کے آبا اور اُن کی اولاد اور اُن کے بھائیوں کو بھی (ہدایت دی) اور ہم نے اُنہیں منتخب کرلیا اور ہم نے راہ راست کی طرف اُن کی رہنمائی کی۔یہ ہے اللہ کی ہدایت جس سے وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے نوازے اور اگر وہ لوگ شرک کرتے تو اُن کے کیے ہوئے تمام اعمال برباد ہوجاتے۔

اگر دو افراد کے درمیان دشمنی یا جھگڑا ہو،تو وہ دونوں اِن آیات کو کاغذ پر لکھیں اور ہر ایک شخص اُس کاغذ کو اپنے پاس رکھے،تو اُن کے درمیان دشمنی ختم ہوجاتی ہے اور تعلق آشتی و صلح میں بدل جاتا ہے۔

--- ظالم افراد کا تفرقہ

وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَ لَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّ مَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ ؕ وَ
لَوْ تَرٰۤى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْۤا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ
الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَ كُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا
خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ تَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَ مَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ
شُرَكٰٓؤُا ؕ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَ ضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۹۴﴾

اور اُس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوسکتا ہے جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے یا یہ دعویٰ کرے کہ مجھ پر وحی ہوئی ہے حالانکہ اُس پر کوئی وحی نہیں ہوئی اور جو یہ کہے کہ جیسا اللہ نے نازل کیا ہے ویسا میں بھی نازل کرسکتا ہوں اور کاش آپ ظالموں کو سکرات موت کی حالت میں دیکھ لیتے جب فرشتے ہاتھ بڑھائے ہوئے کہہ رہے ہوں: نکالو اپنی جان،آج تمہیں ذلت آمیز عذاب دیا جائے گا کیونکہ تم اللہ پر ناحق باتوں کی تہمت لگایا کرتے تھے اور اللہ کی نشانیوں کے مقابلے میں تکبر کیا کرتے تھے۔اور لو آج تم ہمارے پاس اُسی طرح تنہا آگئے ہو جس طرح ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا اور جو کچھ ہم نے تمہیں عطا کیا تھا وہ سب اپنے پیچھے چھوڑ آئے ہو اور ہم تمہارے ساتھ تمہارے وہ سفارشی نہیں دیکھ رہے ہیں جن کے بارے میں تمہارا یہ خیال تھا کہ وہ تمہارے کام بنانے میں تمہارے شریک ہوں گے،آج تمہارے باہمی تعلقات منقطع ہوگئے اور تم جو دعوے کیا کرتے تھے وہ سب ناپید ہوگئے۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان کسی ظالم کے برباد کرنے کے ارادے سے یہ آیات اُس ظالم کے نام کے ساتھ خالص نیت،توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے،اور اُسے کسی جگہ دفن کردے،تو اللہ تعالیٰ کی قدرت اور برکت کے سبب،اُس ظالم کا شر اور ظلم دفع ہوجاتا ہے۔

--- زراعت میں خیر و برکت

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَ النَّوٰى يُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَ مُخْرِجُ الْمَیِّتِ مِنَ الْحَیِّ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾

بے شک اللہ دانے اور گٹھلی کا شگافتہ کرنے والا ہے، وہی مردے سے زندہ کو اور زندہ سے مردے کو نکالنے والا ہے، یہ ہے اللہ، پھر تم کدھر بہکے جا رہے ہو۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِس آیت کو پاک برتن میں زعفران اور کافور کے ساتھ خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُسے بارش کے پانی سے دھو کر استعمال کرے، تو جو بیج بویا جائے یا شاخہ لگایا جائے، اُسے اس پانی میں بھگو کر لگایا جائے، تو وہ بیج جلد اُگ آتا ہے، درخت مبارک ہوتا ہے اور اُس کا پھل خوش ذائقہ ہوتا ہے۔ اگر کوئی نہال لگائے، تو یہ پانی نہال کی جڑ میں ڈالے، تو اُس برکت کا حاصل ہوگا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

--- حاملہ کی حفاظت کے لیے

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَ النَّوٰى ؕ يُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَ مُخْرِجُ الْمَیِّتِ مِنَ الْحَیِّ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾

بے شک اللہ دانے اور گٹھلی کا شگافتہ کرنے والا ہے، وہی مردے سے زندہ کو اور زندہ سے مردے کو نکالنے والا ہے، یہ ہے اللہ، پھر تم کدھر بہکے جا رہے ہو۔

اگر کوئی عورت حاملہ نہ ہو پا رہی ہو، تو وہ اِس مذکورہ آیت کو چاندی کے ایک ورق پر نقش کرے، اور حیض سے پاک ہونے کے بعد اِسے اپنے ساتھ رکھے، تو اِن شاء اللہ تعالیٰ جلد حمل نصیب ہوگا اور وہ صاحبِ اولاد ہو جائے گی۔

--- کشتی کو دریائی آفات سے محفوظ رکھنے کے لیے

فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَ جَعَلَ الَّیْلَ سَكَنًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ﴿۹۶﴾ وَ هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾

وہ صبح کا شگافتہ کرنے والا ہے اور اس نے رات کو (باعث) سکون اور سورج اور چاند کو حساب سے رکھا ہے، یہ سب غالب آنے والے دانا کی بنائی ہوئی تقدیر ہے۔ اور وہی ہے جس نے تمہارے لیے ستارے بنائے تا کہ تم ان کے ذریعے خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں راستہ معلوم کرو، اہلِ علم کے لیے ہم نے اپنی آیات کھول کر بیان کی ہیں۔

کچھ بزرگان فرماتے ہیں: اگر کوئی صاحبِ ایمان اِن دونوں آیات کو نقش کرے یا خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، اور اُسے کسی تختے پر چاہے ساج/ ساگون کا ہو یا کسی بھی لکڑی کا لگائے، پھر اُس تختے کو کشتی کے اگلے حصے میں مضبوطی سے باندھ دے، تو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ کشتی سمندر کی کسی بھی آفت سے محفوظ رہے گی۔

--- حاجات کی برآوری کے لیے

فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَ جَعَلَ الَّیْلَ سَكَنًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ حُسْبَانًا ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ﴿۹۶﴾ وَ هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾

وہ صبح کا شگافتہ کرنے والا ہے اور اس نے رات کو (باعث) سکون اور سورج اور چاند کو حساب سے رکھا ہے، یہ سب غالب آنے والے دانا کی بنائی ہوئی تقدیر ہے۔ اور وہی ہے جس نے تمہارے لیے ستارے بنائے تا کہ تم اُن کے ذریعے خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں راستہ معلوم کرو، اہلِ علم کے لیے ہم نے اپنی آیات کھول کر بیان کی ہیں۔

اگرکوئی صاحب ایمان اِن دونوں مذکورہ آیات کو جمعرات کے دن سہ پہر کے وقت لاجورد کی نگین پر نقش کرے اور اُس نگین کو کسی انگوٹھی میں نصب کرے، تو جو شخص اُس انگوٹھی کو اپنے پاس رکھے، ان شاء اللہ اُس کی تمام حاجات پوری ہوں گی، وہ لوگوں کے دلوں میں محبوب ہوگا اور اُس کی بات قابل قبول ہوجائے گی۔

--- کنویں کے پانی میں اضافہ

وَ هُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَ مِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّ جَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّ الزَّيْتُوْنَ وَ الرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّ غَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنْظُرُوْۤا اِلٰى ثَمَرِهٖۤ اِذَاۤ اَثْمَرَ وَ يَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۹۹﴾

اور وہی تو ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا جس سے ہم نے ہر طرح کی روئیدگی نکالی پھر اُس سے ہم نے سبزہ نکالا جس سے ہم تہہ بہ تہہ گتھے ہوئے دانے نکالتے ہیں اور کھجور کے شگوفوں سے آویزاں گچھے اور انگور، زیتون اور انار کے باغات (جن کے پھل) ایک دوسرے سے مشابہ اور (ذائقے) جدا جدا ہیں، ذرا اُس کے پھل کو جب وہ پھلتا ہے اور اُس کے پکنے کو دیکھو، اہل ایمان کے لیے یقیناً اُن میں نشانیاں ہیں۔

اگرکوئی شخص بروز جمعہ سورہ انعام کی اس آیت کو کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر کسی ایسے کنویں میں ڈال دے جس میں پانی کا سرچشمہ موجود ہے تو اُس کنویں کے پانی میں برکت اور فراوانی ہوجائے گی اور ہر درخت جو اِس کا پانی پیئے گا بہت زیادہ پھل لائے گا اور لذیذ ہوگا اور تمام کیڑوں اور آفات سے محفوظ رہے گا۔

--- وسواس اور جنون کے علاج کے لیے

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّ لَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَ خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۲﴾ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ؗ وَ هُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَ هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۰۳﴾

وہ آسمانوں اور زمین کا موجد ہے، اُس کا بیٹا کیونکر ہوسکتا ہے جبکہ اُس کی کوئی شریک زندگی نہیں ہے اور ہر چیز کو اُس نے پیدا کیا ہے اور وہ ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔ یہی اللہ تمہارا رب ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ہر چیز کا خالق ہے لہٰذا اُس کی عبادت کرو اور وہ ہر چیز پر نگران ہے۔ نگاہیں اُسے پا نہیں سکتیں جب کہ وہ نگاہوں کو پالیتا ہے اور وہ نہایت باریک بین، بڑا باخبر ہے۔

ہر صاحبِ ایمان اگر اِن آیات کو ایک تازہ اور استعمال نہ شدہ پیالے پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، اور اُس میں اُس شخص کا نام بھی لکھ دے جسے وِسواس یا جنون لاحق ہے، تو اُس کا وِسواس اور جنون زائل ہوجاتا ہے۔

--- کشتی کی حفاظت کے لیے

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّ لَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَ خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۲﴾ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ؗ وَ هُوَ

يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۰۳﴾

وہ آسمانوں اور زمین کا موجد ہے، اُس کا بیٹا کیونکر ہوسکتا ہے جبکہ اُس کی کوئی شریک زندگی نہیں ہے اور ہر چیز کو اُس نے پیدا کیا ہے اور وہ ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔ یہی اللہ تمہارا رب ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ہر چیز کا خالق ہے لہٰذا اُس کی عبادت کرو اور وہ ہر چیز پر نگران ہے۔ نگاہیں اُسے پا نہیں سکتیں جب کہ وہ نگاہوں کو پالیتا ہے اور وہ نہایت باریک بین، بڑا باخبر ہے۔

اگر کوئی صاحبِ ایمان اِن مذکورہ آیات کو زیتون کی لکڑی پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، اور اُسے کشتی کے اگلے حصے میں باندھ دے، تو اِن شاء اللہ کشتی سمندر کے طوفان سے محفوظ رہے گی۔

--- دردِ سر کا علاج

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۲﴾ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۖ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۰۳﴾

وہ آسمانوں اور زمین کا موجد ہے، اُس کا بیٹا کیونکر ہوسکتا ہے جبکہ اُس کی کوئی شریک زندگی نہیں ہے اور ہر چیز کو اُس نے پیدا کیا ہے اور وہ ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔ یہی اللہ تمہارا رب ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ہر چیز کا خالق ہے لہٰذا اُس کی عبادت کرو اور وہ ہر چیز پر نگران ہے۔ نگاہیں اُسے پا نہیں سکتیں جب کہ وہ نگاہوں کو پالیتا ہے اور وہ نہایت باریک بین، بڑا باخبر ہے۔

اگر کوئی شخص سر درد یا بخار میں مبتلا ہو، تو وہ اِن مذکورہ آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، تو اِن شاء اللہ بہت جلد شفا حاصل ہو جائے گی۔

--- طوفان کو پُرسکون کرنے کے لیے

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۖ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۰۳﴾

نگاہیں اسے پا نہیں سکتیں جب کہ وہ نگاہوں کو پالیتا ہے اور وہ نہایت باریک بین، بڑا باخبر ہے۔

جب ہوا میں شدید باد، گرد و غبار اور اندھیرا ہو تو اگر کوئی شخص اِس آیت کو چند مرتبہ خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، تو اِن شاء اللہ، باد، گرد و غبار اور آلودگی ہوا سے زائل ہو جاتی ہے اور ماحول پُرسکون ہو جاتا ہے۔

--- دُعا کی قبولیت کے لیے

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۱۵﴾

اور آپ کے رب کا کلمہ سچائی اور عدل کے اعتبار سے کامل ہے، اُس کے کلمات کو تبدیل کرنے والا کوئی نہیں اور وہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔

جو شخص یہ چاہے کہ اُس کی دعا قبول ہو، وہ اِس آیت کو چاندی کی انگوٹھی میں نقش کروائے اور اُس انگوٹھی کو ہاتھ میں پہن لے، پھر اپنے دونوں

ہاتھ آسمان کی طرف اُٹھائے اور خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ کہے:

اِلٰہِی بِحَقِّ هٰذِهِ الْاٰيَةِ، اَجِب دُعَائِی يَا اَرحَمَ الرَّاحِمِينَ۔

اے میرے معبود! اِس آیت کے طفیل میری دُعا قبول فرما، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔"

تو اُس کی دعا مستجاب ہوگی۔

--- باطن کی صفائی میں اضافہ

اَوَ مَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَ جَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

کیا وہ شخص جو مردہ تھا پھر ہم نے اُسے زندہ کر دیا اور ہم نے اُسے روشنی بخشی جس کی بدولت وہ لوگوں میں چلتا پھرتا ہے اُس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو تاریکیوں میں پھنسا ہوا ہو اور اُس سے نکل نہ سکتا ہو؟ یوں کافروں کے لیے اُن کے کرتوت خوشنما بنا دیے گئے ہیں۔

سورۂ مبارکہ فاتحہ میں سات حروف وارد نہیں ہوئے، اور وہ سات حروف یہ ہیں: ث، ج، خ، ز، ش، ف، ظ۔ یہ حروف، اہلِ علم کے نزدیک، حروفِ ظلمانی میں شمار کیے جاتے ہیں۔ کہا گیا ہے کہ سورۂ مبارکہ فاتحہ کے شرف وفضیلت میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس سورت کو ان تمام حروفِ ظلمانی سے محفوظ رکھا ہے، جبکہ یہ تمام حروف اِس آیت میں جمع ہیں۔ پس جو شخص باایمان ہو اور اِس آیت کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، اُس کے لیے باطن کی صفائی، دل کی روشنی اور روحانی انشراح حاصل ہوتا ہے۔

--- اسمِ اعظم الٰہی

وَ اِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَ عَذَابٌ شَدِيْدٌ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾

اور جب کوئی آیت اُن کے پاس آتی ہے تو کہتے ہیں: ہم اُس وقت تک ہرگز نہیں مانیں گے جب تک ہمیں بھی وہ چیز نہ دی جائے جو اللہ کے رسولوں کو دی گئی ہے، اللہ (ہی) بہتر جانتا ہے کہ اپنی رسالت کہاں رکھے، جن لوگوں نے جرم کا ارتکاب کیا اُنہیں اُن کی مکاریوں کی پاداش میں اللہ کے ہاں عنقریب ذلت اور شدید عذاب کا سامنا کرنا ہوگا۔

بہت سے اہلِ علم نے فرمایا ہے کہ اسمِ اعظمِ الٰہی اِسی آیت میں پوشیدہ ہے، اور وہ اسمِ اعظم دو اسمائے جلالہ کے مجموعے میں ہے جو آپس میں متصل وارد ہوئے ہیں۔ پس جو شخص باایمان ہو اور اِس آیت کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، اُس کی دعا قبول ہوتی ہے اور اُس کی حاجت پوری کی جاتی ہے۔

--- فصل میں اضافہ

وَ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّ غَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّ النَّخْلَ وَ الزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَ الزَّيْتُوْنَ وَ الرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّ غَيْرَ مُتَشَابِهٍ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَ اٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ وَلَا تُسْرِفُوْا اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۱۴۱﴾

اور وہ وہی ہے جس نے مختلف باغات پیدا کیے کچھ چھتریوں چڑھے ہوئے اور کچھ بغیر چڑھے نیز کھجور اور کھیتوں کی مختلف ماکولات اور زیتون اور انار جو باہم مشابہ بھی ہیں اور غیر مشابہ بھی

پیدا کیے، تیار ہونے پر اُن پھلوں کو کھاؤ، البتہ اُن کی فصل کاٹنے کے دن اس (اللہ) کا حق (غریبوں کو) ادا کرو اور فضول خرچی نہ کرو، بتحقیق اللہ فضول خرچی کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

جو شخص با ایمان ہو اور اِس آیت کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکڑی پر نقش کرے اور اُسے باغ میں کہیں لٹکا دے، تو اُس باغ کے تمام پھل عمدہ اور بکثرت ہوں گے۔ اور اگر کوئی شخص اِسی آیت کو مویشیوں کے ریوڑ میں کسی بکری کی گردن میں باندھ دے تو اُس ریوڑ میں بہت زیادہ خیر و برکت پیدا ہو جائے گی۔

--- عورت کے مطیع ہونے کے لیے

وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّ فَرْشًا كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٤٢﴾

اور مویشیوں میں کچھ بوجھ اٹھانے والے (پیدا کیے) اور کچھ بچھانے (کے وسائل فراہم کرنے) والے، اللہ نے تمہیں جو رزق دیا ہے۔ اُس میں سے کھاؤ اور شیطان کے نقش قدم پر نہ چلو، بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

جو شخص با ایمان ہو، آیت 142 کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے روٹی پر لکھے اور وہ روٹی عورت کو کھلا دے، تو وہ عورت اُس کی مطیع ہو جائے گی اور اُس کے قابو میں آجائے گی، اگرچہ وہ پہلے سرکش اور نافرمان ہی کیوں نہ ہو۔

فضائل سورہ مبارکہ اعراف

حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جو شخص باایمان سورۂ مبارکہ الاعراف کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے تلاوت کرے، تو حق سبحانہ وتعالیٰ اُس کے اور شیطان کے درمیان دُوری پیدا فرما دیتا ہے، اور حضرت آدم صفی اللہؑ قیامت کے دن اُس کا ہاتھ تھامیں گے اور اُس کی شفاعت فرمائیں گے۔

--- مکرِ دشمن اور درندوں سے حفاظت

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ: جو شخص باایمان سورۂ مبارکہ الاعراف کو زعفران اور گلاب سے، خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے تحریر کرے اور اُسے اپنے پاس رکھے، وہ دشمن کے مکر اور نظرِ بد سے محفوظ رہتا ہے، سفر میں حادثات اور گرفتاریوں سے امان پاتا ہے، اور وحشی جانوروں اور درندوں کے شر سے بھی محفوظ رہتا ہے۔

--- عذابِ آخرت سے حفاظت

امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ: جو شخص باایمان سورۂ مبارکہ الاعراف کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے تین مرتبہ پڑھے، وہ عذابِ آخرت سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

--- سیرت کی اصلاح

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ـ الٓمّٓصٓ ﴿۱﴾ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَ ذِكْرٰى
لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾ اِتَّبِعُوْا مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ لَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳﴾

بنام خدائے رحمٰن رحیم۔ الف لام میم صاد۔ یہ کتاب آپ پر (اس لیے) نازل کی گئی ہے کہ آپ اس سے لوگوں کو تنبیہ کریں اور اہل ایمان کے لیے نصیحت ہو پس آپ کو اس سے کسی قسم کی دل تنگی محسوس نہیں ہونی چاہیے۔ اس (کتاب) کی پیروی کرو جو تمہاری طرف تمہارے رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے اور اس کے سوا دوسرے آقاؤں کی اتباع نہ کرو، مگر تم نصیحت کم ہی قبول کرتے ہو۔

اگر کوئی باایمان شخص پہلی تین آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے کسی انگشتری (خاتم) پر نقش کرائے، تو جو بھی اُس انگشتری کو اپنے پاس رکھے یا پہنے، اُس کی سیرت اور اخلاق نیک ہو جاتے ہیں اور لوگوں کی بھلائی اور مصالح اُس کے ہاتھوں جاری ہوتے ہیں۔

--- روزی میں اضافہ

وَ لَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَ جَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۰﴾

اور ہم ہی نے تمہیں زمین میں بسایا اور اُس میں تمہارے لیے سامان زیست فراہم کیا (مگر) تم کم ہی شکر کرتے ہو۔

جوکوئی باایمان شخص اِس آیت کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے جمعہ کے دن، لوگوں کے نمازِ جمعہ سے فارغ ہونے کے بعد لکھے، اور اُسے اپنے گھر یا اپنی دکان میں آویزاں کرے، تو اُس کی روزی کشادہ ہوجاتی ہے، اور اُس کے مال، دولت اور کسب و تجارت میں بکثرت خیر و برکت پیدا ہوتی ہے، نیز تجارت میں اُسے بہت زیادہ نفع حاصل ہوتا ہے۔

--- گناہوں سے توبہ

يٰبَنِيٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَ رِيْشًا ؕ وَ لِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۲۶﴾

اے فرزندانِ آدم! ہم نے تمہارے لیے لباس نازل کیا جو تمہارے شرم کے مقامات کو چھپائے اور تمہارے لیے آرائش (بھی) ہو اور سب سے بہترین لباس تو تقویٰ ہے، یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے شاید یہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔

جو شخص چاہے کہ توبہ کرے یا طاعت کی طرف مائل ہو، وہ جمعرات کے دن، جب چاند کامل روشنی میں ہو، نئی قمیض پہنے، پھر دو رکعت نماز ادا کرے۔ اِس کے بعد، وہ اِس آیت کو شیشے کے برتن میں خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، پھر اُس برتن کو گلاب کے ساتھ دھو کر اُس گلاب کو اپنے اُوپر لگائے۔ بعد ازاں، وہ اُسی آیت کو زیتون کے پتے پر لکھے اور اُسے اپنی گلے میں لٹکائے یا جیب میں رکھے۔ ان شاء اللہ، اُس کے لیے توبہ میں توفیق پیدا ہوگی اور اللہ تعالیٰ اُسے توبہ اور طاعت کی دولت عطا فرمائے گا۔

--- نظرِ بد سے حفاظت

يٰبَنِيٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا وَ لَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَ الطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾

اے بنی آدم! ہر عبادت کے وقت اپنی زینت (لباس) کے ساتھ رہو اور کھاؤ اور پیو مگر اِسراف نہ کرو، اللہ اِسراف کرنے والوں کو یقیناً دوست نہیں رکھتا۔ کہہ دیجئے: اللہ کی اُس زینت کو جو اُس نے اپنے بندوں کے لیے نکالی اور پاک رزق کو کس نے حرام کیا؟ کہہ دیجئے: یہ چیزیں دنیاوی زندگی میں بھی ایمان والوں کے لیے ہیں اور قیامت کے دن تو خالصتاً اُنہی کے لیے ہوں گی، ہم اِسی طرح اہلِ علم کے لیے آیات کو کھول کر بیان کرتے ہیں۔

جو شخص باایمان ان دونوں آیات کو سفالی برتن میں سفید انگور کے رس اور زعفران کے ساتھ، خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، اور پھر اُس لکھائی کو بارش کے پانی سے دھو کر صاف کرے، تو جو بھی اُس پانی سے غسل کرے، اِن شاء اللہ، اُس پر کسی بھی طرح کی نظرِ بد، جادو یا مرض کا اثر باقی نہیں رہے گا اور تمام مشکلات زائل ہوجائیں گی۔

--- دشمنوں میں آشتی کے لیے

اَوَ عَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَ لِتَتَّقُوْا وَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۶۳﴾

کیا تمہیں اس بات پر تعجب ہوا کہ خود تم میں سے ایک شخص کے پاس تمہارے رب کی طرف سے تمہارے لیے نصیحت آئی تاکہ وہ تمہیں تنبیہ کرے؟ اور تم تقویٰ اختیار کرو، شاید اس طرح تم رحم کے مستحق بن جاؤ۔

جوشخص باایمان اِس آیت کو ایسے قلم سے لکھے جو مرکب یا سیاہی سے خالی ہو، خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے، اِسے حلوے پر تحریر کرے، پھر وہ حلوہ اُن لوگوں میں تقسیم کرے جو آپس میں دشمنی رکھتے ہوں، تو جب وہ لوگ اِس حلوہ کو کھائیں گے، اِن شاء اللہ اُن کے درمیان محبت، مودّت، اِصلاح اور اتفاق قائم ہوگا، اور اُن کا نفاق زائل ہو جائے گا۔

--- دردِ دل اور کمزوری کی شفا

اَوَ عَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَ لِتَتَّقُوْا وَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۶۳﴾

کیا تمہیں اس بات پر تعجب ہوا کہ خود تم میں سے ایک شخص کے پاس تمہارے رب کی طرف سے تمہارے لیے نصیحت آئی تاکہ وہ تمہیں تنبیہ کرے؟ اور تم تقویٰ اختیار کرو، شاید اس طرح تم رحم کے مستحق بن جاؤ۔

اگر کوئی شخص باایمان اس مذکورہ آیت کو نئے سفالی برتن میں، خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے، زعفران اور گلاب کے ساتھ لکھے، اور پھر اُس برتن کو پانی سے دھو کر صاف کرے، تو جو بھی اِس پانی کو پیئے، اِن شاء اللہ اُس کا دل کا درد اور جسمانی کمزوری زائل ہو جائے گی۔

--- ابلیس کے شر سے حفاظت

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَ ادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾

تمہارا رب یقیناً وہ اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر عرش پر متمکن ہوا، وہ رات سے دن کو ڈھانپ دیتا ہے جو اُس کے پیچھے دوڑتی چلی آتی ہے اور سورج اور چاند اور ستارے سب اُسی کے تابع فرمان ہیں۔ آگاہ رہو! آفرینش اُسی کی ہے اور امر بھی اُسی کا ہے، بڑا بابرکت ہے اللہ جو عالمین کا رب ہے۔ اپنے رب کی بارگاہ میں دعا کرو عاجزی اور خاموشی کے ساتھ، بے شک وہ تجاوز کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور تم زمین میں اِصلاح کے بعد اُس میں فساد نہ پھیلاؤ اور اللہ کو خوف اور اُمید کے ساتھ پکارو، اللہ کی رحمت یقیناً نیکی کرنے والوں کے قریب ہے۔

جوشخص باایمان سونے سے قبل یعنی جب وہ بستر پر جائے، اِن آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، تو اِن شاء اللہ اللہ تعالیٰ اُسے ابلیس اور اُس کے پیروکاروں کے شر سے محفوظ رکھے گا، اور اُسے لقوہ (ایک مرض جو چہرے پر اثر کرتا ہے اور ہونٹ، دانت یا جبڑا مڑ جاتے ہیں) اور قولنج سے بھی امان حاصل ہوگی۔

--- نیند میں کمی کے لیے

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا

رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَ ادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا

اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾

تمہارا رب یقیناً وہ اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر عرش پر متمکن ہوا، وہ رات سے دن کو ڈھانپ دیتا ہے جو اُس کے پیچھے دوڑتی چلی آتی ہے اور سورج اور چاند اور ستارے سب اُسی کے تابع فرمان ہیں۔ آگاہ رہو! آفرینش اُسی کی ہے اور امر بھی اُسی کا ہے، بڑا بابرکت ہے اللہ جو عالمین کا رب ہے۔ اپنے رب کی بارگاہ میں دُعا کرو عاجزی اور خاموشی کے ساتھ، بے شک وہ تجاوز کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور تم زمین میں اِصلاح کے بعد اُس میں فساد نہ پھیلاؤ اور اللہ کو خوف اور اُمید کے ساتھ پکارو، اللہ کی رحمت یقیناً نیکی کرنے والوں کے قریب ہے۔

جو شخص باایمان سونے سے قبل یعنی جب وہ بستر پر جائے، اِن مذکورہ آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، اور اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرے کہ اُس کی نیند کم ہو، تو اِن شاء اللہ اُس کی نیند کم ہوگی، اور وہ شب کی قیامِ عبادت میں قادر ہو جائے گا اور مطلوبہ روحانی توفیق حاصل کرے گا۔

--- بخار کا علاج

اگر کوئی شخص باایمان ہرن کی کھال یا کاغذ کا ایک ٹکڑا لے اور اُس پر خالص نیت کے ساتھ تحریر کرے:

بِسمِ اللهِ وَ بِاللهِ، وَمِنَ اللهِ وَ اِلَى اللهِ، وَ عَلَى اللهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُومِنُونَ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنتَ، اٰمَنتُ بِاللهِ وَ مَلٰئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَالْيَومِ الْاٰخِرِ۔

اللہ کے نام سے اور اللہ کی مدد کے ساتھ، اور (میرا ہر کام) اللہ ہی کی طرف سے ہے اور اللہ ہی کی جانب (میرا رجوع) ہے، اور ایمان والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ (اے اللہ!) تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر ایمان لایا۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَ ادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾

تمہارا رب یقیناً وہ اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر عرش پر متمکن ہوا، وہ رات سے دن کو ڈھانپ دیتا ہے جو اُس کے پیچھے دوڑتی چلی آتی ہے اور سورج اور چاند اور ستارے سب اُسی کے تابع فرمان ہیں۔ آگاہ رہو! آفرینش اُسی کی ہے اور امر بھی اُسی کا ہے، بڑا بابرکت ہے اللہ جو عالمین کا رب ہے۔ اپنے رب کی بارگاہ میں دُعا کرو عاجزی اور خاموشی کے ساتھ، بے شک وہ تجاوز کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور تم زمین میں اِصلاح کے بعد اُس میں فساد نہ پھیلاؤ اور اللہ کو خوف اور اُمید کے ساتھ پکارو، اللہ کی رحمت یقیناً نیکی کرنے والوں کے قریب ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَائُكَ، وَلَا شِفَائِي اِلَّا مِنكَ۔ اَللّٰهُمَّ اشْفِنِي شِفَاءً قَادِرُ سُقْمًا، يَاالله يَاالله يَاالله۔

اے اللہ! تو ہی شفا دینے والا ہے، تیرے سوا کوئی شفا (دینے والا) نہیں، اور میری شفا صرف تیری ہی طرف سے ہے۔ اے اللہ! مجھے ایسی شفا عطا فرما جو (بیماری کو جڑ سے ختم کر دے اور) کسی قسم کی بیماری کو باقی نہ چھوڑے، یا اللہ! یا اللہ! یا اللہ!"

پھر وہ تحریر شدہ ٹکڑا تکیے میں ڈال دے، جو شخص بخار میں مبتلا ہو اور اُس تکیے کو سر کے نیچے رکھے، اِن شاء اللہ اُس کا بخار فوراً زائل ہو جائے گا۔

--- درخت کو آفت سے محفوظ رکھنے کا عمل

وَ ہُوَ الَّذِیۡ یُرۡسِلُ الرِّیٰحَ بُشۡرًۢا بَیۡنَ یَدَیۡ رَحۡمَتِہٖ ؕ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَقَلَّتۡ سَحَابًا ثِقَالًا سُقۡنٰہُ لِبَلَدٍ مَّیِّتٍ فَاَنۡزَلۡنَا بِہِ الۡمَآءَ فَاَخۡرَجۡنَا بِہٖ مِنۡ کُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ کَذٰلِکَ نُخۡرِجُ الۡمَوۡتٰی لَعَلَّکُمۡ تَذَکَّرُوۡنَ ﴿۵۷﴾ وَ الۡبَلَدُ الطَّیِّبُ یَخۡرُجُ نَبَاتُہٗ بِاِذۡنِ رَبِّہٖ ۚ وَ الَّذِیۡ خَبُثَ لَا یَخۡرُجُ اِلَّا نَکِدًا ؕ کَذٰلِکَ نُصَرِّفُ الۡاٰیٰتِ لِقَوۡمٍ یَّشۡکُرُوۡنَ ﴿۵۸﴾

اور وہی تو ہے جو ہواؤں کو خوشخبری کے طور اپنی رحمت کے آگے آگے بھیجتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ ابر گراں کو اُٹھا لیتی ہیں تو ہم اُنہیں کسی مردہ زمین کی طرف ہانک دیتے ہیں پھر بادل سے مینہ برسا کر اُس سے ہر طرح کے پھل پیدا کرتے ہیں، اِسی طرح ہم مردوں کو بھی (زمین سے) نکالیں گے شاید تم نصیحت حاصل کرو۔ اور پاکیزہ زمین میں سبزہ اپنے رب کے حکم سے نکلتا ہے اور خراب زمین کی پیداوار بھی ناقص ہوتی ہے۔ یوں ہم شکر گزاروں کے لیے اپنی آیات کو مختلف انداز میں بیان کرتے ہیں۔

جو شخص باایمان ہو، وہ اِن دونوں آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے، حالتِ وضو میں کسی پیالے پر زعفران کے پانی سے، یا انگور کے رس یا سیب کے پانی سے لکھے۔ پھر اِس تحریر کو انگور کے پانی سے دھوئے اور اُس پانی میں سے تھوڑا سا درخت کی جڑ میں ڈال دے۔ اِس کے بعد کچھ خالص پانی درخت کے اوپر بھی ڈالے۔ اِس عمل کی برکت سے درخت کی جڑ، کیڑے، چیونٹیوں اور سڑن سے محفوظ رہے گی، اور اُس کے پتے اور پھل ٹڈی دل، چوہوں، پرندوں اور ہر قسم کی آفات سے سلامت رہیں گے، اور اللہ تعالیٰ کے فضل و قدرت سے درخت زیادہ پھل دے گا اور پیداوار میں اضافہ ہوگا۔

--- مُوذی حیوانات سے محفوظ

اَفَاَمِنَ اَہۡلُ الۡقُرٰۤی اَنۡ یَّاۡتِیَہُمۡ بَاۡسُنَا بَیَاتًا وَّ ہُمۡ نَآئِمُوۡنَ ﴿۹۷﴾ اَوَ اَمِنَ اَہۡلُ الۡقُرٰۤی اَنۡ یَّاۡتِیَہُمۡ بَاۡسُنَا ضُحًی وَّ ہُمۡ یَلۡعَبُوۡنَ ﴿۹۸﴾ اَفَاَمِنُوۡا مَکۡرَ اللّٰہِ ۚ فَلَا یَاۡمَنُ مَکۡرَ اللّٰہِ اِلَّا الۡقَوۡمُ الۡخٰسِرُوۡنَ ﴿۹۹﴾

کیا ان بستیوں کے لوگ بے فکر ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب رات کے وقت آجائے جب وہ سو رہے ہوں؟ یا کیا ان بستیوں کے لوگ بے خوف ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب دن کو آجائے جب وہ کھیل رہے ہوں؟ کیا یہ لوگ اللہ کی تدبیر سے خوف نہیں کرتے اللہ کی تدبیر سے تو فقط خسارے میں پڑنے والے لوگ بے خوف ہوتے ہیں۔

جو شخص باایمان ہو، وہ کسی متبرک دن کے آغاز میں اِن آیات کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک کاغذ پر لکھے، پھر اُس تحریر کو پانی سے دھوئے اور وہ پانی گھر کے چاروں کونوں میں چھڑک دے۔ اِس عمل کی برکت سے وہ گھر سانپ، بچھو اور ہر قسم کے مُوذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

اَسماءِ حُسنیٰ

وَلِلّٰهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوهُ بِهَا۔

اور اللہ ہی کے لیے بہترین نام ہیں، پس تم اسے ان ہی (ناموں) کے ساتھ پکارو۔

اہلِ معرفت میں سے بعض حضرات نے اَسمائے الٰہی کو دس اقسام میں تقسیم کیا ہے۔

--- دس اَسمائے الٰہیٰ کی دوسری قسم

اَللهُ، اِلٰهُ، رَبّ، خَالِق، مُصَوِّر، مُبدِء، مُعِيد، مُحيِي، مُمِيت، بَارِی

یہ قسم اُن اَسمائے الٰہی پر مشتمل ہے جو اہلِ سیر وسلوک الیٰ اللہ کے لیے بطورِ ذکر مخصوص ہیں، اور اِن کا استعمال روحانی مسافر کے مختلف احوال و مراتب کے اعتبار سے ہوتا ہے۔

"اَللهُ واِلٰهُ": یہ اُن اہلِ سلوک کا ذکر ہے جو منازلِ سیر طے کر کے انتہائے راہ تک پہنچ چکے ہوں۔

"بَارِئُ": یہ اُن اکابر اہلِ سیر وسلوک کا ذکر ہے جو اعلیٰ مراتب پر فائز ہوں۔"

"مُصَوِّرُ، مُبدِئُ، مُعِيدُ، مُحيِي، مُمِيتُ":

یہ اَسماء اُن لوگوں کے لیے ہیں جو سیر وسلوک کے ابتدائی مرحلے میں داخل ہوئے ہوں۔ اہلِ معرفت کے نزدیک اِن اسماء کے خواص بہت زیادہ ہیں۔ اسم "اَللّٰه" کے بارے میں اکمل علمائے سلف نے فرمایا ہے کہ یہ اسمِ اعظم ہے، اور جس نیت سے بھی اِسے پڑھا جائے، نہایت مجرَّب اور مؤثر ہے۔ اِسم "اِلٰهُ" اور "مُحيِي" مقامات میں اِستعانت، مشکلات کے رفع ہونے اور امراض کے ازالے کے لیے مجرَّب ہیں۔ اگر کوئی صاحبِ ایمان اِن دونوں اَسماء کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدِنظر رکھتے ہوئے ایک انگوٹھی پر چھ در چھ کے طریقے سے نقش کرے اور اِسے اپنے پاس رکھے، اور یہ کہے:

يَا مُحيِي اَحيِ قَلبِي بِنُورِ مَعرِفَتِكَ اَبَداً مَا اَبقَيتَنِي، فَاِنَّكَ فَعَّالَ لِمَا تَشَاءُ، وَ اَنتَ اَرحَمُ الرَّاحِمِينَ۔

اے (مردوں کو) زندہ کرنے والے! میرے دل کو اپنی معرفت کے نور سے ہمیشہ کے لیے زندہ کردے جب تک تو نے مجھے باقی رکھا ہے، بے شک تو جو چاہتا ہے وہ کر گزرنے والا ہے، اور تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

اُس کے تمام احوال درست ہو جائیں گے اور وہ باطنی بیماریوں اور دل کی کدورتوں سے نجات پالے گا۔ اور رہے اَسماء "رَبّ و مُمِيتُ" تو یہ غلبہ، تسلّط اور قوتِ اثر کے لیے موزوں ہیں۔ جو شخص باایمان اِن دونوں اِسموں کے ذکر پر مداومت کرے، اُس کی عمر دراز ہوگی اور اُس کے مال و اولاد میں اضافہ ہوگا۔ اگر کسی کو کوئی درد لاحق ہو تو اِن دونوں اِسموں کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدِنظر رکھتے ہوئے اُس کے ہاتھ پر لکھا جائے اور اِنہی دو اِسموں کے وسیلے سے دُعا کی جائے، تو وہ درد زائل ہو جائے گا۔ اور اگر کوئی اِن دونوں اِسموں کے حروف کو چھ در چھ کے مربع میں کسی انگوٹھی پر نقش کروا کر اپنے پاس رکھے، تو اُس سے وسوسے اور بُرے خیالات دُور ہو جائیں گے۔

حضرت امام رضاؑ نے فرمایا ہے: جو شخص با ایمان ہر جمعہ اسم "بَارِئُ" کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے سو مرتبہ پڑھتا رہے، اللہ تعالیٰ اُسے قبر میں تنہا نہیں چھوڑے گا بلکہ اُس کے لیے ایک مونس مقرر فرما دے گا۔ اور اِسی طرح آپؑ نے فرمایا: جو شخص اسم "مُعِیدُ" کے ذکر پر مداومت کرے، اُس سے کوئی چیز کبھی گم نہ ہوگی۔ اور اگر کوئی شخص دن کے وقت اپنے گھر کے چاروں کونوں میں سات سات مرتبہ "یا مُعِیدُ" پڑھے، تو حق سبحانہ وتعالیٰ اُس گھر کو محفوظ اور سالم رکھے گا۔

رہے "مُصَوِّرُ" اور "مُبدِئُ"، تو اگر کسی کو درد سر ہو تو اِن دونوں اَسماء کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے ہرن کی کھال پر لکھے اور اپنے پاس رکھے، تو وہ درد زائل ہو جائے گا۔ اور اگر کوئی با ایمان اِن دونوں اَسماء کے حروف کو آپس میں ملا کر، ہرن کی کھال کے ایک ٹکڑے میں اِس ترتیب سے لکھے: "م م ص ب و د ر ی ء" اور اُسے میت کے ساتھ دفن کر دے، تو اللہ تعالیٰ اُس کی قبر کو منور فرما دے گا اور وہ عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا۔ اور جو شخص اِن دونوں اسماء کے حروف کو کسی انگوٹھی پر نقش کروا کر اپنے پاس رکھے، تو تمام جبار اور حکمران اُس کے سامنے مطیع اور طاعت گزار ہو جائیں گے۔

حضرت امام رضاؑ نے مزید فرمایا: اگر کوئی عورت اولاد کی خواہش مند ہو تو سات دن روزہ رکھے، اور افطار کے وقت باوضو ہو کر اسم "مُصَوِّرُ" کو اکیس مرتبہ خالص نیت، توجہِ خدا اور معنیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، پھر افطار کرے۔ حق سبحانہ وتعالیٰ اسے نیک اور صالح اولاد عطا فرمائے گا۔

شیخ ابو العباس بونیؒ نے فرمایا ہے کہ جب میاں بیوی اسم "مُبدِئُ" کے ذکر پر مداومت کریں اور ہمبستری کے وقت دل ہی دل میں اِس اِسم کا تصور رکھیں، تو حق سبحانہ وتعالیٰ اُنہیں نیک اور لائق فرزند عطا فرماتا ہے۔

--- دس اَسمائے الٰہی کی دوسری قسم

"وَاحِدُ، اَحَدُ، صَمَدُ، فَعَّالُ، بَصِیرُ، سَمِیعُ، قَادِرُ، مُقتَدِرُ، قَوِیُّ، قَائِمُ"

یہ دس اقسام اَسماء اُن اذکار پر مشتمل ہیں جو اہلِ سیر وسلوک الی اللہ کے لیے مخصوص ہیں، بالخصوص اُن سالکین کے لیے جو مقام توحید میں ہوتے ہیں۔ اسم "فَعَّال" اُس سالک کے لیے موزوں ہے جو ہموم (فکری الجھنوں) اور وسوسوں میں مبتلا ہو۔ اور اَسماء "قَائِمُ" اور "وَاحِدُ" کے خواص یہ ہیں کہ اگر کوئی شخص اِن دونوں اسموں کے حروف کو اِمتزاج کے طریقے سے، یعنی اس ترتیب سے: "ق و ا ا ی ح م" کسی ایسے شخص کی ہتھیلی پر لکھے جو سحر زدہ ہو، اور وہ مسحور شخص اُسے زبان سے چاٹ کر کھالے، تو اُس پر کیا گیا سحر باطل ہو جائے گا اور جو شخص اِن اَسماء کو اپنے پاس رکھے، وہ بیماریوں اور مختلف عوارض سے محفوظ رہے گا۔

اگر کوئی شخص اسم "وَاحِدُ" اور "قَوِیُّ" کو آپس میں ملا کر اِس طرح لکھے: "و ق ا و ح ی د" اور اُسے اپنے گھر میں کسی جگہ چھپا دے، تو اگر اُس گھر میں چوہے ہوں، وہ سب اُس گھر سے بھاگ جائیں گے۔ اور اگر کوئی شخص ماہِ رمضان کی گیارہویں تاریخ کو اُن دونوں اسماء کو سفید پتھر پر نقش کرے اور اُسے گھر کی بنیاد کے نیچے مضبوطی سے رکھ دے، تو نقصان دہ جاندار اُس گھر میں داخل نہیں ہوں گے۔ حضرت امام رضاؑ نے فرمایا ہے: جس شخص کو کوئی سخت اور دشوار بیماری لاحق ہو، وہ اسمِ مبارک "یَاوَاحِدُ" کو اپنا وِرد بنا لے، اور ہر روز خالص نیت، توجہِ

خدااور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک ہزار ایک مرتبہ "یَا وَاحِدُ" پڑھے،تو وہ اُس بیماری سے نجات پالے گا۔

یَا صَمَدُ: جو شخص باایمان اِس اسم کا کثرت سے ذکر کرے، جب تک وہ اِس ذکر میں مشغول رہے، بھوک اور پیاس اُس پر اثر انداز نہیں ہوں گی۔اور اگر کوئی باایمان شخص اُس اِسم کو کاغذ پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے، باوضو ہو کر لکھے اور اپنے پاس رکھے، تو اِحتلام سے محفوظ رہے گا۔اور اگر کوئی شخص اِس اِسم کے حروف کو تین در تین کے مربع میں، طریقۂ تکسیر کے مطابق، خالص نیت اور توجہ کے ساتھ لکھے، اپنے پاس رکھے اور اِس اسم کے ذکر پر مداومت کرے، تو وہ بھوک اور پیاس سے نقصان نہیں اُٹھائے گا۔اور اگر کوئی شخص نمازِ فجر کے بعد زمین پر منہ رکھ کر ایک سو دس مرتبہ "یَا صَمَدُ" کہے، اُس کے معنی کو دل میں نقش کرے اور اُس عمل پر پابندی رکھے، تو وہ اہلِ یقین میں شمار ہوگا۔

"مُقتَدِرُ": جو شخص باایمان اِس اسم کے حروف کو کسی انگوٹھی پر، پانچ در پانچ کے مربع میں بطریق تکسیر نقش کروا کر اپنے پاس رکھے، وہ طاعون سے محفوظ رہے گا اور لوگوں کی نظر میں باوقار اور صاحبِ ہیبت ہو جائے گا۔

"فَعَّالُ" اور "قَادِرُ": جو شخص باایمان اِن دونوں اَسماء کو تانبے کی ایک تختی پر نقش کروا کر اپنے پاس رکھے، وہ کسی جنگ میں مغلوب نہیں ہوگا۔اور اگر کوئی شخص اِن دونوں اسماء "فَعَّالُ" اور "قَادِرُ" کو امتزاج کے ساتھ اِس ترتیب سے لکھے: "ف ق ع ا ا د ل ر" اور اِسے موم پر نقش کرے، اُس وقت جب چاند پورا روشن ہو، پھر اُس موم کو بخور بنا کر بخار میں مبتلا شخص کے لباس کے نیچے جلائے، تو اُس کا بخار زائل ہو جائے گا۔حضرت امام رضاؑ نے فرمایا ہے: جو شخص وضو کرتے وقت، ہر عضو کو دھوتے ہوئے تین مرتبہ خالص نیت اور توجہ کے ساتھ "یَا قَادِرُ" کہے، وہ اپنے دشمنوں پر غالب اور کامیاب ہوگا۔

"سَمِيعُ" اور "بَصِيرُ": یہ دونوں مبارک اسماء اُس شخص کے لیے موزوں ہیں جو دعا میں گڑ گڑا کر اِصرار کرتا ہو۔جو اِن دونوں اَسماء کے ذکر پر مداومت کرے، اُس کی دُعا جلد قبول ہو جاتی ہے۔"قَادِرُ" اور "مُقتَدِرُ": جو شخص باایمان اِن دونوں مبارک اسماء کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھے، اپنے پاس رکھے اور پورے اخلاص کے ساتھ ان کے ذکر پر پابندی کرے، اس کی قوت میں اضافہ ہوگا اور وہ سخت کاموں سے عاجز نہیں ہوگا۔

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے: اگر کوئی شخص اِن اَسماء "قَوِیُّ" اور "قَائِم" کے حروف کو بروز اتوار پہلے پہر میں سو مرتبہ لکھے، پھر اُسے دھو کر اُس کا پانی کسی ایسے شخص کو پلا دے جو شدید بخار میں مبتلا ہو، تو وہ شفا پالے گا۔اور اگر کوئی اِن دونوں اَسماء کو سو مرتبہ خالص نیت اور توجہ کے ساتھ مورد (ریحان) کے پتوں پر پڑھے، پھر ان پتوں کو تیل میں جوش دے اور وہ تیل کسی مفلوج شخص کے جسم پر ملے، تو وہ شفایاب ہو جائے گا۔

--- دس اَسمائے الٰہی کی تیسری قسم

"حَيُّ، قَيُّومُ، رَحمٰنُ، رَحِيمُ، مَلِكُ، قَدِيرُ، عَلِيُّ، عَظِيمُ، كَبِيرُ، مُتَعَالُ"

یہ اسماء اہلِ مراقبہ اور اہلِ تفکر کے لیے موزوں ہیں۔ "حَیٌّ وَ قَیُّوْمُ" بعض بزرگان نے فرمایا ہے کہ "حَیٌّ وَ قَیُّوْمُ" اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم ہے۔ جو شخص خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے طلوعِ فجر سے طلوعِ آفتاب کے درمیان اِن دونوں اِسموں کے ذکر پر مداومت کرے، تو اُس کی خشیت اور تقویٰ میں اضافہ ہوتا ہے، اُس کا دل اللہ تعالیٰ کی معرفت کے نور سے زندہ ہو جاتا ہے، اور وہ کبھی برے اعمال اور گناہوں کی طرف مائل نہیں ہوتا۔ اور اگر کوئی شخص "حَیٌّ وَ قَیُّوْمُ" کو خالص نیت اور توجہ کے ساتھ چھ در چھ کے مربع میں لکھے اور اپنے پاس رکھے، اُس کے دل کا نور بڑھتا ہے، اُس کی روزی کشادہ ہو جاتی ہے اور اُس کی شہرت میں اضافہ ہوتا ہے۔ حضرت امام رضاؑ نے فرمایا ہے: جو شخص باایمان اِن دونوں اسموں کو اپنا وِرد بنالے، اُس کی عمر دراز ہو جاتی ہے، لوگوں کے دلوں میں اُس کا اثر و تصرف پیدا ہو جاتا ہے اور وہ مخلوق میں محبوب ہو جاتا ہے۔ اور جب کوئی شخص کسی کام میں سخت اِضطرار اور بے بسی میں مبتلا ہو، اگر وہ خالص نیت اور توجہ کے ساتھ اِن دونوں اِسموں کے پڑھنے پر مداومت کرے، تو اُس کا مقصد حاصل ہو جاتا ہے اور اُس کی مشکل حل ہو جاتی ہے۔ اور اگر کوئی شخص جمعہ کے دن کے آخر میں اِن دونوں اِسموں کو نقش کرے اور اپنے پاس رکھے، تو جب تک یہ مبارک اَسماء اُس کے ساتھ رہیں گے، کوئی ناگوار امر اُسے نہیں پہنچتا۔ حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے: جو شخص باایمان ہر نماز کے بعد اسمائے مبارکہ "رَحمٰنُ" اور "رَحِیمُ" کو دو سو اٹھانوے (298) مرتبہ خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے، تو تمام لوگ اُس سے محبت کرنے لگتے ہیں اور وہ اہلِ تحقیق میں شمار ہونے لگتا ہے۔ شیخ ابو العباس بونیؒ نے فرمایا ہے: جو شخص باایمان ہر روز سو مرتبہ "یَا رَحمٰنُ" خالص نیت اور توجہ کے ساتھ پڑھے، تمام لوگ اُس پر مہربان ہو جاتے ہیں۔ "مَلِكُ" اور "قَدِیرُ" جو بادشاہ ان دونوں اسموں کو اپنا وِرد بنالے اور ان پر مداومت کرے، اُس کی سلطنت قائم رہتی ہے اور اُس کی قوت و اقتدار میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور اگر کسی روحانی مسافر پر شہوت غالب آجائے، تو وہ خالص نیت اور توجہ کے ساتھ اِن دونوں اِسموں کے ذکر پر مداومت کرے؛ اللہ تعالیٰ اُس کی روحانی اور ملکوتی قوت میں اضافہ فرما دیتا ہے۔ حضرت امام رضاؑ نے فرمایا ہے: جو شخص باایمان اِسم "مَلِكُ" کو انیس (19) مرتبہ خالص نیت، توجہ بہ خدا اور معنی کے ساتھ پڑھے، وہ مخلوق سے بے نیاز ہو جاتا ہے اور دنیا و آخرت میں خوش حال اور آسودہ رہتا ہے۔

"عَلِیٌّ وَ عَظِیمُ" جو شخص اِن دونوں اِسموں کے حروف کو اِمتزاج کرے، یعنی حروف کو اِس طرح ترتیب دے: "ع ع ل ظ ی ی م"، اور اسے مربع کے طریقے (تکسیر) میں خالص نیت، توجہ بہ خدا اور معانی کے اِستحضار کے ساتھ لکھے، اور جمعہ کے دن زوال کے بعد اُسے اپنے پاس رکھے، تو: وہ تمام آفات سے محفوظ و ایمن رہے گا، کسی کی طرف سے کوئی ضرر یا بدی اُس تک نہیں پہنچے گی۔ اُس کے کلام اور افعال میں قبولیت اور اثر پیدا ہوگا۔ حضرت امام رضاؑ نے فرمایا ہے: جو شخص باایمان خالص نیت اور توجہ کے ساتھ اِن دونوں اِسموں کے پڑھنے پر مداومت کرے، وہ اعلیٰ قدر، مقام اور مرتبہ حاصل کر لے گا۔ اگر کوئی مسافر بھی خالص نیت اور توجہ کے ساتھ اِن اِسموں کے ذکر پر مداومت کرے، تو وہ صحت مند اور سالم وطن واپس لوٹے گا۔ شیخ ابو العباس بونیؒ نے فرمایا ہے: جو شخص باایمان اور خالص نیت کے ساتھ اسم "عَظِیمُ" پر مداومت کرے، وہ عالیقدر بن جائے گا اور لوگوں کے درمیان محترم اور معزز ہوگا۔ "کَبِیرُ وَ مُتَعَالُ" یہ دونوں اَسماء تقویت، ترقی اور روحانی فتوحات کے لیے موزوں ہیں اور اہلِ حال و مکاشفہ کے لیے خاص ہیں۔ جو شخص اِن اِسموں پر مداومت کرے، وہ اپنی

روحانی اور دنیاوی ترقی وتعالی میں اضافہ محسوس کرے گا۔اگر کوئی شخص اِسم "کَبِیرُ"کو آٹھ ہزار(8000)مرتبہ خالص نیت اور توجہ کے ساتھ پڑھے،تو اُس کی جاہ،مرتبہ اور عظمت میں اضافہ ہوگا۔حضرت امام رضاؑ نے فرمایا ہے:جو عورت حیض یا نفاس کے وقت اسم ''مُتَعَالِی''کو خالص نیت اور توجہ کے ساتھ کثرت سے پڑھے،وہ تمام آفات سے محفوظ رہے گی،خاص طور پر استحاضہ سے۔

--- دس اَسمائے الٰہی کی چوتھی قسم

"مُهَيمِنُ، مُقِيتُ، عَزِيزُ، جَبَّار، مُتَكَبِّرُ، مُحِيط، حَافِظ، فَاطِرُ، مَجِيدُ، ذُوالجَلَالِ وَ الاِكرَام"۔

اہم اسماء اور اُن کے خواص(اہلِ خوف وخشیت کے لیے)"مُهَيمِن وَ مُقِيتُ"دونوں اَسماء علم اور مراقبہ کے لیے بہت اہم ہیں۔جو شخص باایمان،خالص نیت اور توجہ کے ساتھ اِن اِسموں کے ذکر پر مداومت کرے،وہ اعلیٰ مرتبہ اور عزت حاصل کرے گا۔"مُهَيمِنُ"اِسم کو اگر پتھر کی انگوٹھی پر نقش کریں اور پانچ مرتبہ اُس وقت پڑھیں جب قمر شرف میں ہو،اور ساتھ رکھیں،تو بادشاہ،ظلم وستم کرنے والے جن وانس اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رہے گا۔اگر تکسیر کے طریقے سے نقش کرے اور مداومت کرے،تو سنا ہوا یاد رہے گا،عقل و ذہن میں اضافہ ہوگا۔"مُقِيتُ":اِسم کو،اہلِ دل اور صاحبِ حال اگر سات مرتبہ بارش کے پانی پر پڑھیں اور بچوں کو دیں،تو وہ خوش خو اور ذہین بن جائیں گے،اور جو کچھ سنے گا،یاد رکھے گا۔عَزِيزُ، جَبَّارُ وَ مُتَكَبِّرُ یہ تین اسماء عظمت،رفعت اور بلند مرتبہ کے لیے ہیں۔اگر کوئی ذلیل یا حقیر ہو،اِن اِسموں کے ذکر پر مداومت کرے،تو:عزیز اور بلند مرتبہ ہوگا۔اگر ظلم وجبر کرنے والوں کے سامنے پڑھے،وہ ذلیل ہوں گے اور نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔بادشاہ کے لیے:مداومت سے عوام میں عزت ومرتبہ بڑھتا ہے۔"عَزِيزُ"ہر روز نماز صبح کے بعد 41 بار پڑھنے سے محتاجی ختم ہوگی اور لوگوں کے درمیان محترم ومحبوب ہوگا۔"جَبَّارُ":اگر بادشاہ یا کوئی شخص خوف میں ہو،خالص نیت کے ساتھ پڑھے،تو دشمن اور خوف سے محفوظ ہوگا،خوش اخلاق ہوگا،اور رونے سے باز آجائے گا۔"حَفِيظُ و مَجِيدُ":اگر 4×4 مربع میں حروف کو تکسیر کے طریقے سے لکھے اور ساتھ رکھے،تو لوگوں کی نظر میں محترم وعزیز ہوگا،اور مقاصد بغیر توقع حاصل ہوں گے۔"مَجِيدُ"کو روزانہ 99 بار پڑھنے سے عظمت اور جاہ بلند ہوگا۔جذام،برص یا دیگر سخت امراض کے لیے:ایام البیض(ہر ماہ کی 13،14،15)میں روزہ رکھیں اور اِس اِسم کو مسلسل پڑھیں،شفا حاصل ہوگی۔"ذُوالجَلَالِ وَ الاِكرَامِ"روزانہ سجود میں 21 بار پڑھنے سے ہر حاجت پوری ہوگی۔4×4 مربع میں شرف آفتاب میں لکھ کر ساتھ رکھنے سے ہر قسم کی آفات اور بلیات سے حفاظت حاصل ہوتی ہے۔درندہ اور وحشی حیوانات سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔

--- دس اَسمائے الٰہیٰ کی پانچویں قسم

"عَلِيمُ، حَكِيمُ، بَدِيعُ، نُورُ، قَابِضُ، بَاسِط، اَوّلُ، آخِرُ، ظَاهِرُ، بَاطِنُ"

یہ اسماء خاص طور پر علم،معرفت،روحانی کشف اور تدبیر اُمور کے لیے ہیں۔

اہم اَسماء کے فوائد:اگر کوئی شخص دو اسم "عَلِيمُ و حَكِيمُ"کو خالص نیت اور توجہ کے ساتھ لکھے،پانی میں دھو کر کسی کو دے جو کتے

کے کاٹے سے متاثر ہو، تو اُس شخص کو کتے کے کاٹنے کی بیماری اور اثرات سے نجات ملتی ہے۔ اگر یہ اَسماء کسی شخص کے پاس ہوں جسے اسہال یا پیٹ کی بیماری ہو، تو شفا حاصل ہوگی۔

حفاظت از حیوانات موذی: اگر یہ اسماء دیوارِ گھر پر لکھے جائیں، تو چکور یا دوسرے نقصان دہ پرندے اُس گھر میں نہیں آئیں گے۔

تدبیر و توفیق اُمور: اگر کسی کو کوئی کام یا مسئلہ پیش آئے اور وہ نہ جانتا ہو کہ کیا کرے تو یہ اسماء لکھ کر ساتھ رکھنے اور ذکر کرنے سے خیر و صلاح میں توفیق حاصل ہوتی ہے۔

حصولِ علومِ دقیقہ و روحانی: اگر اِسم "عَلِيمُ" کو خاتم پر مربع 4×4 میں تکسیر کے طریقے سے لکھا جائے اور ساتھ رکھا جائے، تو کم وقت میں دقیق اور روحانی علوم حاصل ہوں گے۔

اہلِ مراقبہ، شفا و توفیق کے لیے: اِسمِ خدا "یَا حَكِيمُ" حضرت امام رضاؑ فرماتے ہیں: ہر مشکل کام کو آسان کرنے کے لیے یہ اِسم بار بار خالص نیت اور توجہ کے ساتھ پڑھا جائے۔

۲. "بَدِيعُ وَ نُورُ" بہت عظیم اور باعظمت اسماء ہیں۔

خواص: اگر کوئی معدہ کی بیماری یا دل کی تیز دھڑکن میں مبتلا ہو تو یہ اَسماء پڑھنے سے شفا ملتی ہے۔

وقتِ دُعا: 70 مرتبہ "یَا بَدِيعُ" پڑھنا باعثِ اِجابتِ دُعا ہے۔ بعض مشائخ کے مطابق: 40 دن تک "یَا بَدِيعُ" کو 40 لقمہ نان پر لکھ کر ناشتا کرنے سے خوف، بھوک، اور عذابِ قبر سے حفاظت ہوتی ہے۔ ہرن کی کھال پر لکھنا اور ساتھ رکھنا مخصوص تاریخوں (9، 17، 27) میں نقصان اور ظالموں کے ظلم سے حفاظت دیتا ہے۔ نیند میں سر کے نیچے رکھنے سے پریشان خواب نہیں آتے۔

۳. "یَا بَاسِطُ" حضرت امام رضاؑ فرماتے ہیں: صبح سویرے باطہارت دس بار پڑھ کر جسم پر ملنے سے محتاجی اور فقر سے نجات، غیر متوقع نعمت اور روزی میں فراخی ہوتی ہے۔

۴. "نُورُ و بَاسِطُ و ظَاهِرُ" اگر کوئی اہم یا مشکل معاملہ خواب میں دیکھنا چاہتے ہو تو وضو کے ساتھ یہ اَسماء پڑھ کر سو جائے، مسئلہ خواب میں منکشف ہوگا۔

۵. "اَوَّلُ و آخِرُ" کاسہ میں لکھ کر شہد اور زیتون کے ساتھ ملا کر کسی کو دینے سے جو معدہ کے مرض میں مبتلا ہو، شفا ملتی ہے۔ حضرت امام رضاؑ فرماتے ہیں: ہر شب چہل شب تک (نصف شب کے بعد) ایک ہزار بار پڑھنے سے مقصود حاصل ہوتا ہے۔

۶. "ظَاهِرُ و بَاطِنُ" خواص: سرسام یا ذہنی شدت میں مبتلا شخص پر بار بار پڑھنا شفا بخشتا ہے۔ اگر حروف کو اِمتزاج کر کے ۸×۸ مربع میں چاندی کی مہر پر جمعہ کے روز طلوعِ آفتاب کے وقت لکھا جائے اور ساتھ رکھا جائے تو ذہنی قوت اِنتہائی بڑھ جاتی ہے۔ روز بوقت طلوع آفتاب ایک ہزار بار پڑھنا نابینا شخص کی حفاظت کے لیے موثر ہے۔ امانت یا چیز دفن کرنے کے وقت "بَاطِنُ" کو مربع میں نقش کر کے چیز پر رکھنے سے امانت محفوظ رہتی ہے۔

--- دس اسمائے الہیٰ کی چھٹی قسم

"حَكِيمُ، رَؤُفُ، مَنَّانُ، كَرِيمُ، وَهَّابُ، ذَوالطَّولِ، غافِرُ، غُفُورُ، مُجِيبُ"

اِس قسم کے ناموں سے نظامِ وجود قائم ہے اور تمام اَضداد اور پراگندگیاں دُور ہوتی ہیں۔ تین پہلے ناموں "حَكِيمُ، رَؤُفُ، مَنَّانُ" کی خاصیت یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی چیز سے ڈرا ہوا ہو، تو وہ اِن تین ناموں کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھنا جاری رکھے تو اُسے امن حاصل ہو جائے گا۔ اگر کسی پر شہوت غالب آجائے تو اِن ناموں کی مداومت کے سائے میں اُس کے دل سے شہوت کی خواہش ختم ہو جائے گی۔

اور اِسم "حَكِيمُ" کی خاصیت کے بارے میں کہا گیا ہے کہ درختوں اور کھیتی کو پانی دیتے وقت اِس اِسم کو کاغذ پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھ کر دھو ڈالے، تو وہ پانی جس زمین پر بھی پڑے گا اُس کی پیداوار بڑھ جائے گی اور وہ آفت سے محفوظ رہے گی۔

حضرت امام رضا علیہ السلام نے فرمایا جو کوئی صاحبِ ایمان چاہے کہ کسی مظلوم کو ظالم کے چنگل سے نجات دے، تو اُس کے سامنے کھڑا ہو جائے اور خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے "يَا رَؤُفُ" کہے: تو وہ ظالم اُس مظلوم کے بارے میں اُس کی سفارش قبول کرلے گا۔

"كَرِيمُ وَ وَهَّابُ وَذَوالطَّولِ" جو کوئی صاحبِ ایمان خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے اِن ناموں کو پڑھنے کی مداومت کرے، اُس پر رحمت کے دروازے کھل جائیں گے اور اُس کی حاجات پوری ہوں گی۔

اگر کوئی شخص "كَرِيمُ وَ وَهَّابُ وَذَوالطَّولِ" کے حروف کا حسابِ جمل (علم اَبجد) لے اور دونوں ناموں میں ''الف'' اور ''ال'' کو بھی شمار کرلے تو مجموعہ ایک ہزار چھیاسٹھ (1066) بنتا ہے۔ جب یہ شخص اِس نام کو اُس عدد کے ساتھ خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے کسی خالی اور ویران جگہ میں خالص دل کے ساتھ پڑھے گا، تو اِس کے بعد جو بھی دُعا کرے گا قبول ہوگی۔

شیخ ابوالعباس بونیؒ نے فرمایا ہے جو کوئی صاحبِ ایمان "كَرِيمُ" کے نام کو بہت زیادہ خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے اور اپنا وظیفہ بنالے تو وہ اپنی زندگی میں لوگوں کے ہاں معزز اور مکرّم ہوگا۔

اگر کوئی اِسم "كَرِيمُ" کو نارنجی کے چھلکے پر خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھ کر کھالے، تو اُسے جس قسم کا بھی درد ہوگا، وہ درد دُور ہو جائے گا۔

بعض بزرگان نے کہا ہے: جو کوئی صاحبِ ایمان نماز کے بعد ہاتھ اُٹھائے اور سات بار خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے "يَا وَهَّابُ" کہے اور پھر اپنی حاجت مانگے، تو اُس کی دعا قبول ہو جائے گی۔

اگر کوئی "يَا وَهَّابُ" کو اپنا وظیفہ بنالے اور ہر روز پینتیس (۳۵) بار خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے "يَا وَهَّابُ" کہے، تو اُس کی روزی کشادہ ہو جائے گی اور اُس سے غربت دُور ہو جائے گی۔

اگر کوئی اسم "مُبِينُ، كَرِيمُ، ذَوالطَّولِ، وَهَّابُ" کو ۴×۴ کے مربع میں تکثیر کے طریقے پر نقش کر کے اپنے پاس رکھے، تو اُس کا مطلوب بغیر مشقت کے حاصل ہو جائے گا۔

اگر کوئی "یَا وَہَّابُ" کا اِسم بروز ہفتہ سورج ڈوبنے سے پہلے مٹی کے برتن میں لکھ کر غلے کے گودام میں رکھ دے، تو وہ گودام چوہے اور دیگر آفات سے محفوظ رہے گا۔

"غَفُورُ، غَافِرُ، عَفُوٌّ" یہ اسماء ایک دوسرے سے قریب ہیں۔ جو کوئی صاحبِ ایمان خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے اِن ناموں کی تلاوت پر مداومت کرے، تو وہ دنیاوی اور دینی تکلیفوں سے محفوظ رہے گا۔

شیخ ابو العباس بونیؒ نے فرمایا ہے: جو کوئی صاحب ایمان خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے "یَا عَفُوٌّ" کو کسی پیالے پر لکھ کر دھوئے اور اُس کا پانی کسی بیمار کو پلا دے تو وہ شفا پا جائے گا۔ اگر کوئی دلگیر اور غمزدہ شخص اُس پانی میں سے پی لے تو وہ اُس غم، پریشانی اور دلگیری سے نجات پا جائے گا۔

کوئی بھی غمزدہ شخص خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے "یَا غَفُورُ" پڑھنے کی مداومت کرے تو اُس کا غم و اندوہ، خوشی اور مسرت میں بدل جائے گا۔ حضرت امام رضاؑ نے فرمایا: جس شخص کے بہت زیادہ گناہ ہوں، یہاں تک کہ وہ مایوسی کے قریب پہنچ جائے، اور وہ "یَا غَفُورُ" پڑھنے کی مداومت کرے، اللہ کی عفو و بخشش پر پورے امید اور یقین کے ساتھ، تو وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔

"مُجِیبُ" یہ نام خاص طور پر دعاؤں کے آخر کے لیے ہے۔ جو کوئی ہر دعا کے آخر میں اُس نام کو دہرائے، تو اُس کی دُعا قبول ہو جائے گی۔

حضرت امام رضاؑ نے فرمایا: جو کوئی صاحب ایمان خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے، کسی ویران جگہ میں، "مُجِیبُ" کے نام کو خالص نیت، توجہِ خدا اور معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک ہزار ایک بار پڑھے، تو یقیناً اُس کی حاجت پوری ہو جائے گی۔

بنام خدائے رحمن رحیم۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اور وہی بڑا غالب آنے والا حکمت والا ہے۔ آسمانوں اور زمین کی سلطنت اسی کی ہے، وہی زندگی اور (وہی) موت دیتا ہے اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔ وہی اول اور وہی آخر ہے نیز وہی ظاہر اور وہی باطن ہے اور وہ ہر چیز کا خوب علم رکھنے والا ہے۔ وہ وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں خلق کیا پھر عرش پر مستقر ہوا اللہ کے علم میں ہے جو کچھ زمین کے اندر جاتا ہے اور جو کچھ اس سے باہر نکلتا ہے اور جو کچھ آسمان سے اترتا ہے اور جو کچھ اس میں چڑھتا ہے، تم جہاں بھی ہو وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس پر خوب نگاہ رکھنے والا ہے۔ آسمانوں اور زمین کی سلطنت اسی کی ہے اور تمام امور اسی کی طرف پلٹا دیے جاتے ہیں۔ وہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور وہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور وہ سینوں کے راز کو خوب جانتا ہے۔

جب کوئی شخص "سورہ مبارکہ حدید" کی اِن ابتدائی آیات کو، جب سورج برج حمل کے شروع میں ہو، منگل کے دن تلوار پر خلوصِ نیت اور اللہ کی طرف توجہ کے ساتھ کندہ کرے (اور کندہ کرتے وقت وضو کی حالت میں ہو)۔ پھر جب وہ دشمن یا ڈاکو کے سامنے اس تلوار کو کھینچے، تو ان کی حرکت سست ہو جائے گی اور وہ مقابلہ یا مدافعت کی طاقت نہ رکھیں گے اور ذلیل ہو جائیں گے۔

--- جن وانس کے خوف کے لیے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ۚ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲﴾ هُوَ الْاَوَّلُ وَ الْاٰخِرُ وَ الظَّاهِرُ وَ الْبَاطِنُ ۚ وَ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ
عَلِيْمٌ ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَ مَا
يَخْرُجُ مِنْهَا وَ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۚ وَ هُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۚ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴﴾ لَهٗ
مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۵﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۚ وَ هُوَ عَلِيْمٌ
بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۶﴾

بنام خدائے رحمن رحیم۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اور وہی بڑا غالب آنے والا حکمت والا ہے۔ آسمانوں اور زمین کی سلطنت اسی کی ہے، وہی زندگی اور (وہی) موت دیتا ہے اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔ وہی اول اور وہی آخر ہے نیز وہی ظاہر اور وہی باطن ہے اور وہ ہر چیز کا خوب علم رکھنے والا ہے۔ وہ وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں خلق کیا پھر عرش پر مستقر ہوا اللہ کے علم میں ہے جو کچھ زمین کے اندر جاتا ہے اور جو کچھ اس سے باہر نکلتا ہے اور جو کچھ آسمان سے اترتا ہے اور جو کچھ اس میں چڑھتا ہے، تم جہاں بھی ہو وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس پر خوب نگاہ رکھنے والا ہے۔ آسمانوں اور زمین کی سلطنت اسی کی ہے اور تمام امور اسی کی طرف پلٹا دیے جاتے ہیں۔ وہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور وہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور وہ سینوں کے راز کو خوب جانتا ہے۔

جو بھی باایمان شخص ماہِ نیساں (اپریل) کے پہلے جمعہ کو اِن آیات کو فولاد کی تختی پر خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر کندہ کرے، تو جو اسے اپنے پاس رکھے گا، اس سے جن وانس ڈریں گے۔

--- جنگ میں غلبہ اور کامیابی

وَجَعَلْنَا فِي قُلُوبِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ رَأْفَةً وَرَحْمَةً وَرَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ إِلَّا ابْتِغَاءَ رِضْوَانِ اللَّهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۖ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۷﴾

اور جنہوں نے ان کی پیروی کی ہم نے ان کے دلوں میں شفقت اور رحم ڈال دیا اور رہبانیت (ترک دنیا) کو تو انہوں نے خود ایجاد کیا، ہم نے تو ان پر رہبانیت کو واجب نہیں کیا تھا سوائے اللہ کی خوشنودی کے حصول کے لیکن انہوں نے اس کی بھی پوری رعایت نہیں کی، پس ان میں سے جنہوں نے ایمان قبول کیا ہم نے ان کا اجر انہیں دیا اور ان میں بہت سے لوگ فاسق ہیں۔

جو بھی باایمان شخص اِس آیت کو ہرن کی کھال پر" برگ مورد" (ایک خوشبودار پتیوں والا درخت جو شمالی ایران کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے) کے پانی سے، جمعہ کے دن نماز کے بعد، خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھتے ہوئے وضو کی حالت میں لکھے، پھر اسے عود اور عنبر سے معطر کرے، اور چمڑے کے غلاف میں رکھ کر اپنے پاس رکھے، تو جس سے بھی بحث یا تکرار کرے، غالب اور کامیاب ہوگا۔

--- کاروبار میں رونق اور ترقی کے لیے

جو بھی باایمان شخص ان آیات کو مہینے کے پہلے جمعرات کے دن خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور ان کے معنی سمجھتے ہوئے لکھے۔ اور کوئی تاجر یا کاروباری شخص اسے اپنے گھر یا دکان میں رکھے، تو اس کی روزی اور آمدنی بہت زیادہ ہوگی اور اس کے مال و دولت میں برکت ظاہر ہوگی۔

--- جنگ میں غلبہ و فتح

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَ يَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۸﴾ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ اَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کے رسول پر ایمان لے آؤ، اللہ تمہیں اپنی رحمت کا دہرا حصہ دے گا اور تمہیں وہ نور عنایت فرمائے گا جس سے تم راہ طے کر سکو گے اور تمہاری مغفرت بھی کر دے گا اور اللہ بڑا معاف کرنے والا مہربان ہے۔ یہ اس لیے کہ اہل کتاب جان لیں کہ اللہ کے فضل میں ان کا کچھ بھی اختیار نہیں ہے اور یہ کہ فضل تو صرف اللہ کے ہاتھ میں ہے، وہ جسے چاہے اسے دے دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

جو کوئی صاحبِ ایمان یہ دو آیات ہرن کی کھال پر" مورد" (ایک خوشبودار درخت کے پتے) کے پانی سے، جمعہ کے دن نماز کے بعد، خالص نیت سے اور اللہ کی طرف توجہ اور اُن کے معنی پر دھیان دیتے ہوئے اور وضو کی حالت میں لکھے، پھر اسے عود اور عنبر سے خوشبو دے، پھر اسے ریشمی غلاف میں رکھ کر اپنے پاس رکھے، تو جس سے بھی جھگڑا یا مقابلہ کرے گا، غالب اور فتح یاب ہوگا۔

فضائل سورہ مبارکہ مجادلہ

حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو بھی با ایمان شخص "سورہ مبارکہ مجادلہ" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنیٰ سمجھ کر پڑھے، تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے حزب اللہ (اللہ کے گروہ) میں شامل کرے گا۔

--- دشمن کی مغلوبیت کے لیے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: جو بھی با ایمان شخص "سورہ مبارکہ مجادلہ" کو تین بار مٹی میں خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر پڑھے اور دشمن کی طرف پھینک دے، تو دشمن مغلوب ہو جائے گا۔

--- انسان اور جن کے شر سے حفاظت

بعض علماء نے فرمایا ہے: جب کوئی شخص "سورہ مبارکہ مجادلہ" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر دن رات مسلسل پڑھتا رہے، تو وہ انسان اور جن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

فضائل سورہ مبارکہ حشر

حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ حشر" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل، کرم اور رحمت سے اس کے پہلے اور پچھلے گناہ بخش دے گا۔

--- شہید کا ثواب

نیز آپ ﷺ نے فرمایا: جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ حشر" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو عرش، کرسی، لوح، قلم، جنت، دوزخ، آسمان اور زمین اس کے لیے دعائے خیر کریں گے اور اس کے لیے مغفرت طلب کریں گے، اور وہ مرتے وقت شہید کی موت مرے گا۔

--- دنیا و آخرت کے شر سے حفاظت

حضرت امیر المؤمنین علی علیہ السلام نے فرمایا: جو بھی باایمان شخص ہر رات "سورۂ مبارکہ حشر" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اللہ اسے دنیا و آخرت کے شر سے بچائے گا۔

--- حاجات کی تکمیل کے لیے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام منقول ہے: خلوصِ نیت، آیات کے معنی پر توجہ کے ساتھ "سورۂ مبارکہ حشر" کی تلاوت اور اسے چالیس دن تک ہر روز فجر کی نماز کے بعد ایک بار پڑھنا، لوگوں کے اہم کاموں اور مشکلات کے حل کے لیے بہت مؤثر ہے۔

--- حاجتیں پوری ہونے کے لیے

بعض علماء نے فرمایا ہے: جو بھی باایمان شخص اپنی حاجتیں پوری ہونے کے لیے وضو کرے، چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد "سورۂ مبارکہ حشر" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اس کی ہر حاجت جلد اور آسانی سے پوری ہوگی۔

--- قوت حافظہ بڑھانے کے لیے

جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ حشر" کو سفید برتن پر خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر لکھے، پھر بارش کے پانی سے دھو کر پی لے، تو اس کی سستی اور بھول چوک دور ہو جائے گی اور اس کے حافظے اور ذہانت میں اضافہ ہوگا۔

--- تمام آرزوئیں پوری ہونے کے لیے

بعض بزرگان سے منقول ہے: جو بھی باایمان شخص ''سورہ مبارکہ حشر'' کو لگاتار چالیس دن تک، ہر دن اکتالیس بار خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو وہ ''مُستجاب الدّعوۃ'' (دعا کی قبولیت والا) بن جائے گا اور اُس کی تمام آرزوئیں اس کی مرضی کے مطابق پوری ہوں گی۔

--- روزی میں اضافہ کے لیے

وَ الَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَ الْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَ لَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ أُوْتُوْا وَ يُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَ لَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۗ وَ مَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۹﴾

اور جو پہلے سے اس گھر (دارالہجرت یعنی مدینہ) میں مقیم اور ایمان پر قائم تھے، وہ اس سے محبت کرتے ہیں جو ہجرت کر کے ان کے پاس آیا ہے اور جو کچھ ان (مہاجرین) کو دے دیا گیا اس سے وہ اپنے دلوں میں کوئی خلش نہیں پاتے اور وہ اپنے آپ پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں اگرچہ وہ خود محتاج ہوں اور جو لوگ اپنے نفس کے بخل سے بچا لیے گئے ہیں پس وہی کامیاب لوگ ہیں۔

جو بھی باایمان شخص یہ آیت مہینے کے پہلے اتوار کو طلوع آفتاب کے وقت زمرد کی انگوٹھی پر خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر کندہ کرے، اور اسے عود و غالیہ (خوشبو) سے معطر کرے، اور اس انگوٹھی کو پہن لے، تو اس پر روزی کشادہ ہوگی۔

--- کینہ کے خاتمے کے لیے

وَ الَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَ الْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَ لَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ أُوْتُوْا وَ يُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَ لَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۗ وَ مَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۹﴾

اور جو پہلے سے اس گھر (دارالہجرت یعنی مدینہ) میں مقیم اور ایمان پر قائم تھے، وہ اس سے محبت کرتے ہیں جو ہجرت کر کے ان کے پاس آیا ہے اور جو کچھ ان (مہاجرین) کو دے دیا گیا اس سے وہ اپنے دلوں میں کوئی خلش نہیں پاتے اور وہ اپنے آپ پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں اگرچہ وہ خود محتاج ہوں اور جو لوگ اپنے نفس کے بخل سے بچا لیے گئے ہیں پس وہی کامیاب لوگ ہیں۔

جو بھی باایمان شخص مذکورہ آیت کو ہرن کی کھال پر خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر لکھے اور اپنے پاس رکھے، تو اس کے دل سے کینہ، حسد اور بخل نکل جائے گا۔

--- گناہوں کی بخشش کے لیے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ۔(۲۲) هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ۔ (۲۳) هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔(۲۴)

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ غیب و شہود کا جاننے والا ہے، وہی رحمن رحیم ہے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی بادشاہ ہے، نہایت پاکیزہ، سلامتی دینے والا، امان دینے والا، نگہبان، بڑا غالب آنے والا، بڑی طاقت والا، کبریائی کا مالک، پاک ہے اللہ اس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔ وہی اللہ ہی خالق، موجد اور صورتگر ہے جس کے لیے حسین ترین نام ہیں، جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اس کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ بڑا غالب آنے والا حکمت والا ہے۔

حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو بھی با ایمان شخص ہر روز صبح خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر کہے:

أعوذ بالله من الشيطان الرجيم ، بسم الله الرحمن الرحيم اور پھر "سورۂ مبارکہ حشر" کی آخری تین آیات کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر پڑھے، تو اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتوں کو اس پر مقرر کرے گا جو شام تک اس کے لیے بخشش کی دعا کرتے رہیں گے۔ اگر کوئی شخص اسی طرح شام کو بھی عمل کرے، تو اسے بھی یہی مقام ملے گا۔ اور اگر وہ مر جائے، تو شہیدوں میں شمار ہوگا۔

--- تمام بیماریوں کی شفا

روایت ہے کہ ایک صاحب کرامت بزرگ جب کوئی با ایمان شخص بیماری کی شفا کے لیے اُن کے پاس آتا، تو وہ اُس کے مرض کی شفا کے لیے سورۂ مبارکہ فاتحہ اور سورۂ مبارکہ حشر کی آخری آیات:

هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۖ هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ۔(۲۲) هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ۔ (۲۳)هُوَ اللَّهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ ۖ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ ۚ يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔(۲۴)

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ غیب و شہود کا جاننے والا ہے، وہی رحمن رحیم ہے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی بادشاہ ہے، نہایت پاکیزہ، سلامتی دینے والا، امان دینے والا، نگہبان، بڑا غالب آنے والا، بڑی طاقت والا، کبریائی کا مالک، پاک ہے اللہ اس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔ وہی اللہ ہی خالق، موجد اور صورتگر ہے جس کے لیے حسین ترین نام ہیں، جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اس کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ بڑا غالب آنے والا حکمت والا ہے۔

اور تین بار سورۂ توحید، اور معوذتین (سورۂ فلق اور سورۂ الناس) کو تین بار پڑھ کر لکھتے اور پھر اِس دعا:

اللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ، إِلَهَ النَّاسِ، أَذْهِبِ الْبَأْسَ، وَاشْفِ حَامِلَ كِتَابِي هَذَا شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا وَلَا أَلَمًا، بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ، إِنَّكَ عَلَى مَا تَشَاءُ قَدِيرٌ، وَصَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَآلِهِ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ، وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا كَثِيرًا.

اے لوگوں کے رب، اے لوگوں کے معبود، یہ بیماری دور فرما دے اور شفاء دے، میرے اس کتاب کے مالک کو ایسی شفاء دے جو کوئی بیماری اور درد باقی نہ چھوڑے، اپنی طاقت اور قوت کے ساتھ، بے شک تو جس چیز پر چاہے قادر ہے، اور رحمت نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ اور ان کی پاکیزہ اور پاک اولاد پر، اور بہت زیادہ سلام بھیج۔

کو لکھتے اور لکھی ہوئی دعا مریض سے باندھ دیتے، تو وہ مریض جلد ہی شفا پا جاتا۔

--- تمام دردوں کی شفا

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ
اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ غیب وشہود کا جاننے والا ہے، وہی رحمن رحیم ہے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی بادشاہ ہے، نہایت پاکیزہ، سلامتی دینے والا، امان دینے والا، نگہبان، بڑا غالب آنے والا، بڑی طاقت والا، کبریائی کا مالک، پاک ہے اللہ اس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔

بعض علماء نے فرمایا ہے: جب کوئی شخص وضو کی حالت میں خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر سورۂ مبارکہ حشر کی آخری چار آیات پڑھے، تو یہ درد کو شفا دے گی۔

بعض بزرگان کے کلام میں آیا ہے: سورۂ مبارکہ حشر کی آخری آیات موت کے سوا تمام دردوں کی شفا ہیں۔

--- مسے (زگیل) کے علاج کے لیے

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: جس کے ہاتھوں پر بہت سے مسے (زگیل) نکل آئیں، وہ صبح نہار منہ سات بار سورۂ مبارکہ حشر کی آخری آیات:

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ
اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ غیب وشہود کا جاننے والا ہے، وہی رحمن رحیم ہے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی بادشاہ ہے، نہایت پاکیزہ، سلامتی دینے والا، امان دینے والا، نگہبان، بڑا غالب آنے والا، بڑی طاقت والا، کبریائی کا مالک، پاک ہے اللہ اس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔

کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر پڑھے، اور اپنے ہاتھ کے مسوں پر پھونک مارے، تو شفا پائے گا۔

--- ورم کے علاج کے لیے

بعض بزرگان نے فرمایا ہے: جو بھی باایمان شخص اپنے جسم پر ورم رکھتا ہو، وہ لگاتار تین دن، ہر دن سورۂ مبارکہ حشر کی آخری آیات

لَوْ اَنْزَلْنَا ہٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ ؕ وَ تِلْکَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُہَا لِلنَّاسِ لَعَلَّہُمْ
یَتَفَکَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ ہُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّہَادَۃِ ۚ ہُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾ ہُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَاۤ
اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُہَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ﴿۲۳﴾ ہُوَ
اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ؕ یُسَبِّحُ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ ہُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ﴿۲۴﴾

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ غیب وشہود کا جاننے والا ہے، وہی رحمن رحیم ہے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی بادشاہ ہے، نہایت پاکیزہ، سلامتی دینے والا، امان دینے والا، نگہبان، بڑا غالب آنے والا، بڑی طاقت والا، کبریائی کا مالک، پاک ہے اللہ اس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔

کو پانی والے برتن میں خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر لکھے، پھر بارش کے پانی سے دھو کر ورم والے شخص کو پلائے، تو وہ شفا پائے گا۔

فضائل سورہ مبارکہ ممتحنہ

حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو بھی باایمان شخص ”سورۂ مبارکہ ممتحنہ“ کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو قیامت کے دن تمام مومن مرد اور عورتیں اس کی شفاعت کریں گے۔

--- شیطان اور ظالم حکمران کے شر سے بچاؤ

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: سورۂ مبارکہ ممتحنہ کا شیطان اور ظالم حکمران کے شر سے بچاؤ کے لیے اگر خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پانچ بار پڑھا جائے، تو یہ بہت مؤثر ہے اور یقیناً ظلم کو دور کرتا ہے۔

--- تلی (طحال) کے علاج کے لیے

روایت ہے: جو بھی باایمان شخص ”سورۂ مبارکہ ممتحنہ“ کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر لکھے، پھر دھو کر لگاتار تین دن اس کا پانی پیے، تو اس کی تلی کی بیماری دور ہو جائے گی۔

--- دشمن پر غلبہ کے لیے

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ۔ (۴) رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۝ (۵)

(اُن کی دعا یہ تھی) ہمارے رب! ہم نے تجھ پر بھروسہ کیا اور ہم تیری ہی طرف رجوع کرتے ہیں اور ہمیں تیری ہی طرف پلٹنا ہے۔ ہمارے رب! تو ہمیں کفار کی آزمائش میں نہ ڈال اور ہمیں بخش دے ہمارے رب! یقینا تو ہی بڑا غالب آنے والا حکمت والا ہے۔

جب کوئی شخص اِن دو آیات کو لوہے کی انگوٹھی پر خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر کندہ کرے اور اپنے پاس رکھے، تو وہ باعزت ہوگا، دشمنوں پر غالب آئے گا اور اس پر علوم سیکھنا آسان ہو جائے گا۔

--- دین کو فتنے سے بچانے کے لیے

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ۔ (۴) رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۝ (۵)

(اُن کی دعا یہ تھی) ہمارے رب! ہم نے تجھ پر بھروسہ کیا اور ہم تیری ہی طرف رجوع کرتے ہیں اور ہمیں تیری ہی طرف پلٹنا ہے۔ ہمارے رب! تو ہمیں کفار کی آزمائش میں نہ ڈال اور ہمیں بخش دے ہمارے رب! یقینا تو ہی بڑا غالب آنے والا حکمت والا ہے۔

جو بھی باایمان شخص مذکورہ آیت کو ہرن کی کھال پر خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر لکھے، اور اسے انگوٹھی کے نگینے میں جڑوا کر ہاتھ

میں پہن لے،تو وہ دین کے فتنوں اور باطل عقائد سے محفوظ رہے گا اور اس کا عقیدہ حق کے مطابق ہو گا۔

--- دلوں میں محبوبیت کے لیے

عَسَى اللَّهُ أَنْ يَجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِينَ عَادَيْتُمْ مِنْهُمْ مَوَدَّةً وَاللَّهُ قَدِيرٌ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ۔(۷)

ممکن ہے کہ اللہ تمہارے اور ان لوگوں کے درمیان جن سے تم دشمنی کر رہے ہو محبت پیدا کر دے اور اللہ بہت قدرت والا ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

جو بھی باایمان شخص یہ آیت جمعہ کے دن نماز کے بعد چاندی کی تختی پر خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر کندہ کرے اور اپنے پاس رکھے، تو وہ سب کے دلوں میں محبوب ہو جائے گا۔

اگر دو لوگوں کے درمیان دشمنی ہو، تو جب اِس تختی پر ان دونوں کے نام کندہ کیے جائیں، تو اُن کی دشمنی دور ہو جائے گی۔

فضائل سورہ مبارکہ صف

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو بھی باایمان شخص سورۂ مبارکہ صف کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو جب تک وہ دنیا میں ہے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کے لیے بخشش طلب کرتے رہیں گے اور اس کے لیے دعائے خیر کریں گے، اور قیامت کے دن وہ ان کا رفیق ہوگا۔

--- اولاد کی فرمانبرداری کے لیے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ صف" کو ایک سو سات بار خلوصِ نیت اور اللہ کی طرف توجہ کے ساتھ پڑھے، تو اس کی اولاد اس کی فرمانبردار اور مطیع ہو جائے گی۔

--- تمام آفات سے حفاظت

جو بھی باایمان شخص سفر میں "سورۂ مبارکہ صف" کی تلاوت پرخلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر مداومت کرے، تو وہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا اور صحیح سلامت اپنے وطن واپس آئے گا۔

فضائل سورہ مبارکہ جمعہ

حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ جمعہ" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اِس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اُسے دنیا میں نمازِ جمعہ میں حاضر ہونے والے ہر شخص، اور مسلمانوں کے شہروں میں حاضر نہ ہونے والے ہر شخص کے بدلے دس نیکیاں دی جائیں گی۔

--- میاں بیوی میں الفت کے لیے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: جو بھی باایمان شخص میاں بیوی کے درمیان موافقت کے لیے "سورۂ مبارکہ جمعہ" کو پانچ بار خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اِس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اُن میں الفت اور محبت پیدا ہوگی۔

--- شیطان کے وسوسے سے حفاظت

روایت ہے: جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ جمعہ" کی تلاوت پرخلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اِس کے معنی سمجھ کر مداومت کرے، تو وہ شیطان کے وسوسے سے محفوظ رہے گا۔

--- آفات سے حفاظت کے لیے

ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ۔ (۴)

یہ اللہ کا فضل ہے، جسے وہ چاہتا ہے وہ عنایت فرماتا ہے اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔

جو بھی باایمان شخص اس آیت کو چاندی کے ایک ٹکڑے پر خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر کندہ کرے، اور جمعہ کے دن اپنے مال میں رکھ دے یا غلہ کے گودام میں رکھ دے، تو وہ آفات سے محفوظ رہے گا اور اس میں برکت پیدا ہوگی۔

فضائل سورہ مبارکہ منافقین

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جوبھی باایمان شخص ”سورہ مبارکہ منافقون“ کوخلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اِس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اِس مبارک سورہ کی برکت سے اُسے نفاق اور دوغلے پن سے محفوظ رکھے گا۔

--- غم پہنچانے والوں اور چغل خوروں کو دور کرنا

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: جوبھی باایمان شخص غم رساں اور چغل خوروں کو دُور کرنے کے لیے ”سورہ مبارکہ منافقون“ کو آٹھ بار خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اِس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اُن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

--- تمام دردوں کی شفا کے لیے

بعض علماء نے فرمایا ہے: جوبھی باایمان شخص آنکھ کے درد، ہر قسم کے درد، ورم اور زخموں کو دور کرنے کے لیے ”سورہ مبارکہ منافقون“ کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اِس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو وہ درد دُور ہو جائیں گے۔

فضائل سورہ مبارکہ تغابن

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جوبھی باایمان شخص" سورۂ مبارکہ تغابن" کو خلوص نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اِس کے معنیٰ سمجھ کر پڑھے، تو اچانک موت اُس سے دُور ہو جائے گی۔

--- مال کو چور سے محفوظ رکھنے کے لیے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: جو بھی باایمان شخص اپنے مال کو چور سے بچانے کے لیے" سورۂ مبارکہ تغابن" کو آٹھ بار وضو کی حالت میں خلوص نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنیٰ سمجھ کر پڑھے، تو اس کا مال چور سے محفوظ رہے گا۔

--- حاکم کے شر سے امان کے لیے

اوّل:

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ ۚ وَ لَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ وَ لَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ﴿۲۵۵﴾

اللہ وہ (ذات) ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندہ اور سب کا نگہبان ہے، اسے اونگھ آتی ہے اور نہ نیند، زمین اور آسمانوں میں جو کچھ ہے سب اسی کی ملکیت ہے، کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے حضور سفارش کر سکے؟ جو کچھ لوگوں کے روبرو اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے وہ ان سب سے واقف ہے اور وہ علم خدا میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جس قدر وہ خود چاہے، اس کی کرسی آسمانوں اور زمین پر چھائی ہوئی ہے اور ان دونوں کی نگہداری اس کے لیے کوئی کارگراں نہیں ہے اور وہ بلند و بالا اور عظیم ذات ہے۔

دوم:

الٓمّٓ ﴿۱﴾ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ﴿۲﴾

اللہ وہ ذات ہے جس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں جو زندہ (اور کائنات کا) زبردست نگہدار ہے۔

سوم:

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَیَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَا رَیْبَ فِیْهِ ؕ وَ مَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِیْثًا ﴿۸۷﴾

اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تم سب کو بروز قیامت جس کے آنے میں کوئی شبہ نہیں ضرور جمع کرے گا اور اللہ سے بڑھ کر سچی بات کرنے والا کون ہو سکتا ہے؟

چہارم:

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ﴿۸﴾ (سورہ طہٰ، آیت 8)

اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، بہترین نام اسی کے ہیں۔

پنجم: درج بالا آیت

بعض مرتاضین (عبادت گزاروں) سے منقول ہے: جو بھی باایمان شخص اِن آیات کو اپنا وِرد بنالے اور ہر روز انہیں خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر پڑھے، تو اُس کی ہر چھوٹی بڑی مشکل جلد حل ہو جائے گی اور اُس کی حاجت پوری ہوگی۔

--- خیر و برکت کا ظہور

إِنْ تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللَّهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ۔ (۱۷) عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔ (۱۸)

اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دو گے تو وہ تمہارے لیے اسے کئی گنا بڑھا دے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ بڑا قدر شناس، بردبار ہے۔ تمہارے اموال اور تمہاری اولاد بس آزمائش ہیں اور اللہ کے ہاں ہی اجر عظیم ہے۔

جو بھی باایمان شخص اِن دو آیات کو مربع شکل میں خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر لکھے، اور انہیں تھیلی میں ڈال کر اپنے پاس رکھے، تو اُس پر روزی کشادہ ہوگی اور اُس کے لیے بہت خیر و برکت ظاہر ہوگی۔

فضائل سورہ مبارکہ طلاق

حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو بھی باایمان شخص "سورہ مبارکہ طلاق" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اسے تنگی اور پریشان خاطری سے بچائے گا۔

--- آیہ مبارکہ کی اکسیری خاصیت

وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا * وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۚ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَهُوَ حَسْبُهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ بَالِغُ أَمْرِهِ ۚ قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ﴿۳﴾

اور جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لیے (مشکلات سے) نکلنے کا راستہ بنا دیتا ہے، اور اسے ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے جہاں سے وہ سوچ بھی نہ سکتا ہو اور جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے پس اس کے لیے اللہ کافی ہے، اللہ اپنا حکم پورا کرنے والا ہے، بتحقیق اللہ نے ہر چیز کے لیے ایک اندازہ مقرر کیا ہے۔

جو بھی باایمان شخص اس آیت کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر کثرت سے پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اس کی دنیا و آخرت کی پریشانیاں دور فرمائے گا۔

پیامبر اکرم ﷺ نے فرمایا: اِس آیت میں ایک خاصیت ہے، ہر قسم کی پریشانی، غم اور رنج کو دُور کرنے کے لیے اِس کا پڑھنا مؤثر ہے۔

--- ہمہ قسمی حاجت کی تکمیل

جو بھی باایمان شخص چالیس دن تک نمازِ صبح کے بعد تین بار "سورہ مبارکہ توحید" پڑھے، اور چودہ معصومین علیہم السلام کی مقدس روحوں سے استمداد کے لیے چودہ سو مرتبہ درود بھیجے، پھر پندرہ سو مرتبہ مذکورہ آیت کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اِس کے معنی سمجھ کر پڑھے اور آیت کی تلاوت کے بعد پھر تین بار "سورہ مبارکہ توحید" پڑھے اور چودہ سو مرتبہ درود بھیجے۔ اور آخری دن سترہ سو مرتبہ پڑھے۔ یوں کل 6380 مرتبہ ہو جائے گا جو آیت کے عدد کے مطابق ہے۔

اُس کی ہر حاجت اللہ تعالیٰ اس آیت کی برکت اور اپنے فضل و کرم و رحمت سے پوری فرمائے گا۔

اے عزیز! اِس آیت اور اِس خاص عمل کی قدر جانیے اور اِس کے خیر و برکت سے محروم نہ رہیے، یہ بہت مؤثر ہے۔

--- ہر چیز کی کفایت

پیامبر اکرم ﷺ نے فرمایا: میں قرآن میں ایک ایسی آیت جانتا ہوں کہ اگر تمام لوگ اس آیت کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر پڑھیں اور اس پر عمل کریں، تو وہ ہر چیز کے لیے کافی ہے۔ اور وہ آیت یہ ہے:

وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا * وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۚ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَهُوَ حَسْبُهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ بَالِغُ أَمْرِهِ ۚ قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ﴿۳﴾

اور جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لیے (مشکلات سے) نکلنے کا راستہ بنا دیتا ہے، اور اسے ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے جہاں سے وہ سوچ بھی نہ سکتا ہو اور جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے پس اس کے لیے اللہ کافی ہے، اللہ اپنا حکم پورا کرنے والا ہے، بتحقیق اللہ نے ہر چیز کے لیے ایک اندازہ مقرر کیا ہے۔

فضائل سورہ مبارکہ تحریم

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جو بھی باایمان شخص سورہ مبارکہ تحریم کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اسے توبہ نصوح (سچی توبہ) کی توفیق عطا فرمائے گا۔

--- دشمنی کو دوستی میں بدلنے کے لیے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: جو بھی باایمان شخص دشمن سے محبت دلانے کے لیے" سورہ مبارکہ تحریم" کو اکیس بار خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو دشمنی دوستی میں تبدیل ہو جائے گی۔

--- بیوی کی فرمانبرداری کے لیے

جو بھی باایمان شخص بداخلاق اور سرکش عورت کے لیے" سورہ مبارکہ تحریم" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو وہ رام اور فرمانبردار ہو جائے گی۔

--- رازوں کو محفوظ رکھنے کے لیے

جو بھی باایمان شخص" سورہ مبارکہ تحریم" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اس کا کوئی راز کسی کو معلوم نہ ہو سکے گا۔

--- مرگی اور بے خوابی کے مریضوں کی شفا کے لیے

بعض بزرگان نے فرمایا ہے: جو بھی باایمان شخص" سورہ مبارکہ تحریم" کو لکھ کر مرگی اور بے خوابی کے مریض سے باندھے، تو وہ سب بہتر ہو جائیں گے۔

--- نیک اور بد کی علیحدگی کے لیے

عَسَىٰ رَبُّهُ إِن طَلَّقَكُنَّ أَن يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُّؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَارًا (۵)۔

اگر نبی تمہیں طلاق دے دیں تو بعید نہیں کہ اس کا رب تمہارے بدلے اسے تم سے بہتر بیویاں عطا فرما دے جو مسلمان، ایماندار اطاعت گزار، توبہ کرنے والیاں، عبادت گزار اور روزہ رکھنے والیاں ہوں خواہ شوہر دیدہ ہوں یا کنواری۔

اگر کوئی نیک عورت کسی فاسق مرد سے نکاح میں آئی ہو اور پچھتاتی ہو، اور چاہتی ہو کہ ان کے درمیان جدائی واقع ہو، تو وہ یہ آیت ایک برتن پر خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھتے ہوئے وضو کی حالت میں لکھے، اور اپنے شوہر کا نام بھی لکھے، پھر پانی سے دھو کر اس گھر میں چھڑک دے جہاں وہ رہتی ہے۔ تو جلد ہی جدائی اور علیحدگی واقع ہو جائے گی۔

فضائل سورہ مبارکہ ملک

حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو بھی باایمان شخص سورۂ مبارکہ ملک کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو گویا اس نے شبِ قدر کا احیاء (عبادت) کیا۔

--- قاری کی شفاعت کرنیوالی

نیز آپ ﷺ نے فرمایا: قرآن کریم میں ایک ایسی سورۂ مبارکہ ہے جس میں تیس آیات ہیں، وہ اپنے قاری کی شفاعت کرتی ہے یہاں تک کہ اسے بخش دیا جائے، اور وہ "سورۂ مبارکہ ملک" ہے۔

--- تمام آسمانی کتابوں کا ثواب

نیز آپ ﷺ سے منقول ہے: جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ ملک" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو ثواب کے اعتبار سے ایسا ہے جیسے اس نے اللہ تعالیٰ کی تمام آسمانی کتابیں پڑھ لی ہوں، اور ہر آیت کے بدلے اسے ایک سال کی عبادت کا ثواب ملے گا، اور اسے عذابِ قبر نہیں ہوگا۔

--- عذابِ قبر کا خاتمہ

جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ ملک" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھتے ہوئے وضو کی حالت میں کسی قبر پر پڑھے، تو اس قبر والے سے عذاب اٹھالیا جائے گا۔ اور ایک روایت کے مطابق اس کی قبر جنت کی طرف کھلنے والی کھڑکی بن جائے گی۔

--- بلاؤں اور مصیبتوں کو دور کرنے کے لیے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: جو بھی باایمان شخص بلاؤں اور مصیبتوں کو دور کرنے کے لیے "سورۂ مبارکہ ملک" کو اکتالیس بار خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو جہاں بھی پڑھے، وہ مصیبت اور بلاؤں میں مبتلا نہیں ہوگا۔

--- عذابِ قبر نہ ہونے کے لیے

جو بھی باایمان شخص ہر رات "سورۂ مبارکہ ملک" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اسے عذابِ قبر نہیں ہوگا۔

--- عذابِ قبر سے حفاظت

تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١﴾ بابرکت ہے وہ ذات جس کے قبضے میں بادشاہی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ ملک" کو مکمل نہ جانتا ہو، وہ صرف اس آیت کو صبح کے وقت تیس بار اور شام کے وقت تیس بار خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر پڑھے، تو اسے عذابِ قبر نہیں ہوگا۔

--- آنکھ کے درد کا علاج

تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ٘ وَ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرُ ۨ ﴿۱﴾ الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَ الْحَیٰوةَ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ ۙ﴿۲﴾ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ﴿۳﴾ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّ هُوَ حَسِیْرٌ ﴿۴﴾ وَ لَقَدْ زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ وَ جَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّیٰطِیْنِ وَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِیْرِ ﴿۵﴾ وَ لِلَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِیْرُ ﴿۶﴾

بابرکت ہے وہ ذات جس کے قبضے میں بادشاہی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں سے عمل کے اعتبار سے کون بہتر ہے اور وہ بڑا غالب آنے والا، بخشنے والا ہے۔ اس نے سات آسمانوں کو ایک دوسرے کے اوپر بنایا، تو رحمن کی تخلیق میں کوئی بدنظمی نہیں دیکھے گا، ذرا پھر پلٹ کر دیکھو کیا تم کوئی خلل پاتے ہو؟ پھر پلٹ کر دوبارہ دیکھو تمہاری نگاہ ناکام ہو کر تھک کر تمہاری طرف لوٹ آئے گی۔ اور بے شک ہم نے قریب ترین آسمان کو (ستاروں کے) چراغوں سے آراستہ کیا اور انہیں شیطانوں کے مارنے کا ذریعہ بنایا اور ہم نے ان کے لیے دہکتی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے، اور جنہوں نے اپنے رب کا انکار کیا ہے ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور وہ بدترین ٹھکانا ہے۔

جو بھی باایمان شخص آنکھ کے درد میں مبتلا ہو، وہ سورۂ مبارکہ ملک کو آیت بِئْسَ الْمَصِیْرُ ﴿۶﴾ تک لگاتار تین دن، ہر دن تین بار خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے اور آنکھ پر پھونکے، تو آنکھ کا درد دور ہو جائے گا۔

فضائل سورہ مبارکہ قلم

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو بھی باایمان شخص "سورہ مبارکہ قلم" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اسے ان لوگوں کے ثواب سے نوازے گا جنہیں اس نے اچھے اخلاق عطا کیے ہیں۔

--- مسائل کے حل کے لیے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: جو بھی باایمان شخص اپنے اہم کاموں کی تکمیل کے لیے "سورہ مبارکہ قلم" کو پچھتر بار خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ "سورہ مبارکہ قلم" کی برکت سے اس کے مسائل حل فرما دیں گے۔

--- سر درد کے علاج کے لیے

نیز منقول ہے: جو بھی باایمان شخص "سورہ مبارکہ قلم" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر لکھے، اور سر درد یا دانت کے درد میں مبتلا شخص اسے اپنے پاس رکھے، تو وہ شفا پائے گا۔

--- غربت اور محتاجی سے حفاظت

بعض بزرگان نے فرمایا ہے: جو بھی باایمان شخص "سورہ مبارکہ قلم" کو نفل یا فرض نماز میں خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اسے غربت، محتاجی اور دوسروں کی ضرورت سے محفوظ رکھے گا۔

--- تباہی سے تحفظ کے لیے

فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَ هُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿١٩﴾ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ﴿٢٠﴾ فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ﴿٢١﴾ اَنِ
اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ﴿٢٢﴾ فَانْطَلَقُوْا وَ هُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿٢٣﴾ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ
عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ﴿٢٤﴾ وَّ غَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿٢٥﴾ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ﴿٢٦﴾ بَلْ نَحْنُ
مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٢٧﴾

صبح انہوں نے ایک دوسرے کو آوازیں دیں: اگر تمہیں پھل توڑنا ہے تو اپنی کھیتی کی طرف سویرے ہی چل پڑو۔ چنانچہ وہ چل پڑے اور آپس میں آہستہ آواز میں کہتے جاتے تھے، کہ یہاں تمہارے پاس آج قطعاً کوئی مسکین نہ آنے پائے۔ چنانچہ وہ خود کو (مسکینوں کے) روکنے پر قادر سمجھتے ہوئے سویرے پہنچ گئے۔ مگر جب انہوں نے باغ کو دیکھا تو کہا: ہم تو راستہ بھول گئے ہیں۔ (نہیں) بلکہ ہم محروم رہ گئے ہیں۔ پس وہ (باغ) کٹی ہوئی فصل کی طرح ہو گیا۔ اور آپ کے رب کی طرف سے گھومنے والی (بلا) گھوم گئی اور وہ سو رہے تھے۔

جب کسی گاؤں یا شہر کے لوگ فسق و فجور میں گرفتار ہوں، اور وعظ و نصیحت کا ان پر کوئی اثر نہ ہو، اور کوئی چاہتا ہو کہ وہ گاؤں یا شہر تباہ نہ ہو، تو ایسا

صاحبِ نفس شخص ان آیات کو لوہے کی تختی پر خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر کندہ کرے، اور کندہ کرتے وقت اس گاؤں یا مقام کا حال زبان پر جاری کرے، پھر یہ تختی اس گاؤں یا مقام میں دفن کر دے۔ اس سے مقصد حاصل ہو جائے گا، اور اللہ تعالیٰ مصیبت کو دور کر دے گا اور لوگوں کی حالت نیک اعمال کی طرف مائل ہو جائے گی۔

--- فاسد خیالات کو دور کرنا

وَ اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَ مَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾

اور کفار جب اس ذکر (قرآن) کو سنتے ہیں تو قریب ہے کہ اپنی نظروں سے آپ کے قدم اکھاڑ دیں اور کہتے ہیں: یہ دیوانہ ضرور ہے۔ اور حالانکہ یہ (قرآن) عالمین کے لیے فقط نصیحت ہے۔

جب کسی شخص کو وسوسے، برے خیالات اور فاسد تصورات لاحق ہوں، تو یہ دو آیات خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور ان کے معنیٰ سمجھتے ہوئے لکھے اور اپنے اوپر باندھ لے، تو وسوسے، برے خیالات اور فاسد تصورات اُس سے دور ہو جائیں گے۔

--- نظرِ بد سے حفاظت

جو بھی باایمان شخص اِن دو آیات کو سورۂ مبارکہ ملک کی پہلی آیت سے لے کر چوتھی آیت تک کے ساتھ خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر لکھے اور اپنے پاس رکھے، تو وہ نظرِ بد سے محفوظ رہے گا۔

نٓ وَ الْقَلَمِ وَ مَا يَسْطُرُوْنَ ﴿۱﴾ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ﴿۲﴾ وَ اِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ﴿۳﴾ وَ اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ﴿۴﴾

نون، قسم ہے قلم کی اور اس کی جسے (لکھنے والے) لکھتے ہیں۔ آپ اپنے رب کے فضل سے دیوانے نہیں ہیں۔ اور یقیناً آپ کے لیے بے انتہا اجر ہے۔ اور بے شک آپ اخلاق کے عظیم مرتبے پر فائز ہیں۔

وَ اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَ مَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾

اور کفار جب اس ذکر (قرآن) کو سنتے ہیں تو قریب ہے کہ اپنی نظروں سے آپ کے قدم اکھاڑ دیں اور کہتے ہیں: یہ دیوانہ ضرور ہے۔ اور حالانکہ یہ (قرآن) عالمین کے لیے فقط نصیحت ہے۔

فضائل سورہ مبارکہ حاقہ

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جوبھی باایمان شخص" سورۂ مبارکہ حاقہ" کوخلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اوراس کے معنیٰ سمجھ کر پڑھے، تواللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس سے آسان حساب لے گا۔

--- نکیرومنکر کے جواب

حضرت امام جعفرصادق علیہ السلام سے منقول ہے: جوبھی باایمان شخص قبر میں سوال وجواب کوآسان کرنے کے لیے" سورۂ مبارکہ حاقہ" کو75 بار خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اوراس کے معنیٰ سمجھ کر پڑھے، تواللہ تعالیٰ اُسے توفیق دے گا کہ قبر میں نکیرومنکر کے سوالات کا آسانی سے جواب دے سکے۔

--- بچے کی ہوشیاری میں اضافے کے لیے

جوبھی باایمان شخص سورۂ مبارکہ حاقہ کوخلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اوراس کے معنیٰ سمجھتے ہوئے وضو کی حالت میں لکھے، پھر دھوکر دودھ پیتے بچے کو پلائے، تووہ بچہ ہوشیار، ذہین اورفطین (تیزفہم) ہوجائے گا۔

--- بچے کو آفات سے محفوظ رکھنا

نیزمنقول ہے: جوبھی باایمان شخص" سورۂ مبارکہ حاقہ" کوخلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اوراس کے معنیٰ سمجھ کر لکھے اورحاملہ عورت اپنے پاس رکھے، تواس کا بچہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

--- دیوو پری سے حفاظت

جوبھی باایمان شخص" سورۂ مبارکہ حاقہ" کوخلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اورمعنیٰ سمجھتے ہوئے وضو کی حالت میں لکھے اوربچے سے باندھ دے، تووہ جن، پری اورتمام بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

--- دشمن کی تباہی کے لیے

بعض بزرگان نے فرمایاہے: جوبھی باایمان شخص دشمن کی تباہی کے لیے" سورۂ مبارکہ حاقہ" کو چالیس دن تک، ہر دن 39 بارخلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اورمعنیٰ سمجھ کر پڑھے، تووہ دشمن دورہوجائے گا۔

--- حاملہ عورت کو آفات سے بچانے کے لیے

جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ حاقہ" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھتے ہوئے وضو کی حالت میں لکھے، پھر دھو کر حاملہ عورت کو پلائے، تو وہ اور اس کا رحم میں موجود بچہ تمام آفات سے محفوظ رہیں گے۔

--- جسمانی درد کا علاج

جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ حاقہ" کو زیتون کے تیل پر خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر پڑھے، اور اسے جسم کے اعضاء پر ملے، تو جسمانی درد دور ہو جائیں گے۔ اگر کوئی اِس تیل کو نوزائیدہ بچے کے جسم پر ملے، تو وہ تمام آفات اور نقصان دہ جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

--- جماع کی قوت بحال کرنے کا علاج

فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿۱۳﴾ وَّ حُمِلَتِ الْاَرْضُ وَ الْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ﴿۱۴﴾ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿۱۵﴾

پس جب صور میں ایک دفعہ پھونک ماری جائے گی، اور زمین اور پہاڑ اٹھا لیے جائیں گے تو وہ ایک ہی چوٹ میں ریزہ ریزہ کر دیے جائیں گے، تو اس روز وقوع پذیر ہونے والا واقعہ پیش آجائے گا۔

جب کسی شخص کو بیوی کے ساتھ تعلقات کی صلاحیت نہ رہے اور وہ اس تکلیف میں مبتلا ہو، تو وہ یہ آیات سیسے (سرب) کے ایک ٹکڑے پر منگل کے دن جب چاند برج عقرب میں ہو، خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر لکھے، اور اس پر اس عورت اور اس کی ماں کا نام لکھے، پھر اسے پانی میں ڈال دے، تو یہ حالت اس سے دور ہو جائے گی۔

فضائل سورہ مبارکہ معارج

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو بھی با ایمان شخص "سورۂ مبارکہ معارج" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اسے ان لوگوں کے برابر ثواب دے گا جو عہد اور امانت کی حفاظت کرتے ہیں۔

--- صلح و آشتی کے لیے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: جو بھی با ایمان شخص چاہتا ہو کہ دو دشمنوں کے درمیان صلح، آشتی اور دوستی قائم ہو، وہ "سورۂ مبارکہ معارج" کو اسی بار خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اس کی مراد پوری ہو گی۔

--- احتلام سے حفاظت

جو بھی با ایمان شخص "سورۂ مبارکہ معارج" کو رات کو سونے سے پہلے خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو اسے احتلام نہیں آئے گا۔

--- پریشان کن خوابوں سے حفاظت

نیز منقول ہے: جو بھی با ایمان شخص سوتے وقت "سورۂ مبارکہ معارج" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی سمجھ کر پڑھے، تو وہ پریشان کن اور خوفناک خواب نہیں دیکھے گا اور صبح تک تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

--- بے وجہ مرض کی شفا

بعض کتابوں میں درج ہے: جب کسی شخص کو بلا وجہ کوئی مرض لاحق ہو، اگر وہ "سورۂ مبارکہ معارج" کو ایک ہفتے تک، ہر دن سات بار پانی کے برتن پر خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر پڑھے، اور ہر بار پیاس لگنے پر اس پانی میں سے پیئے۔ اور جب نیند سے اٹھے تو نہار منہ تین گھونٹ اس پانی میں سے پیئے، تو یہ مرض اس سے دور ہو جائے گا۔

--- مرگی کا علاج

يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا كَأَنَّهُمْ إِلَىٰ نُصُبٍ يُوفِضُونَ ﴿٤٣﴾ خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۚ ذَٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ ﴿٤٤﴾

جس دن وہ قبروں سے دوڑتے ہوئے نکلیں گے گویا وہ کسی نشانی کی طرف بھاگ رہے ہوں۔ اُن کی آنکھیں جھک رہی ہوں گی اور ان پر ذلت چھائی ہوئی ہوگی، یہ وہی دن ہے جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا تھا۔

اور وضو کرے اور پاک کپڑے پہنے، پھر اس آیت کو صبح کے وقت آئینے پر مشک و زعفران سے خالص نیتی کے ساتھ اور خدا کی طرف توجہ اور اس کے معنی پر دھیان رکھتے ہوئے لکھے، پھر آئینے کو گلاب محمدی سے خوشبو دے، اگر کسی کو بیہوشی کی بیماری ہو یا جنون اور برص (کوڑھ) کی تکلیف ہو یا نظر بد لگی ہو، تو وہ اس آئینے میں دیکھے گا تو شفا پا جائے گا۔

فضائل سورہ مبارکہ نوح

حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو کوئی صاحبِ ایمان سورۂ مبارکہ نوح کو خالص نیت کے ساتھ اور اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی پر دھیان دیتے ہوئے پڑھے، وہ ان مؤمنوں میں سے ہوگا جن کی دعا قبول ہوتی ہے۔

--- دشمن کے دفع کرنے کے لیے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: جس کسی صاحبِ ایمان کا کوئی زبردست دشمن ہو، وہ سورۂ مبارکہ نوح کو دشمن کے دفع کرنے کے لیے ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار خالص نیت سے اور اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی پر دھیان دیتے ہوئے پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے دشمن پر غلبہ اور فتح و پیروزی عطا فرمائے گا اور اس دشمن کی طرف سے اسے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔

--- حاجت پوری ہونے کے لیے

بعض بڑوں نے فرمایا ہے: جو کوئی صاحبِ ایمان سورۂ مبارکہ نوح کو کسی بھی حاجت کی نیت سے خالص نیت کے ساتھ اور اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی پر دھیان دیتے ہوئے پڑھے، اس کی حاجت جلد پوری ہو جائے گی۔

--- ظالم کے شر سے حفاظت

جو کوئی صاحبِ ایمان سورۂ مبارکہ نوح کو ظالموں کے مقابلے میں خالص نیت سے اور اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی پر دھیان دیتے ہوئے پڑھے، وہ اس کے شر سے محفوظ ہو جائے گا۔

--- جنت میں اپنا مقام دیکھنا

جو کوئی صاحبِ ایمان سورۂ مبارکہ نوح کی تلاوت کو خالص نیت سے اور اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی پر دھیان دیتے ہوئے ہمیشہ اپنایا رکھے، تو وہ دنیا سے نہیں جائے گا یہاں تک کہ وہ جنت میں اپنا مقام دیکھ لے۔

فضائل سورہ مبارکہ جن

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی صاحبِ ایمان سورہ مبارکہ جن کو خالص نیت کے ساتھ اور اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی پر دھیان دیتے ہوئے پڑھے گا، اسے ہر اس شخص کی تعداد کے برابر ثواب دیا جائے گا جس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کی تصدیق کی ہے، اور ہر اس شخص کی تعداد کے برابر جس نے تکذیب کی ہے، اور ہر اس غلام کی تعداد کے برابر جو آزاد کیا گیا ہو۔

--- دیو اور پری کے شر کے دفع کرنے کے لیے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: جو کوئی صاحبِ ایمان سورہ مبارکہ جن کو دیو اور پری کے شر کے دفع کرنے کے لیے، سات بار خالص نیت کے ساتھ اور اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی پر دھیان دیتے ہوئے اور وضو کی حالت میں پڑھے گا، تو وہ ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

--- قید سے آزادی کے لیے

بعض بڑوں نے فرمایا ہے: جب کوئی شخص قید میں ہو، اگر وہ سورہ مبارکہ جن کو خالص نیت کے ساتھ اور اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی پر دھیان دیتے ہوئے پڑھے گا، تو جلدی اور سلامتی کے ساتھ قید سے نکل جائے گا (آزاد ہو جائے گا)۔

--- چور سے حفاظت کے لیے

جو کوئی صاحبِ ایمان سورہ مبارکہ جن کو خالص نیت کے ساتھ اور اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی پر دھیان دیتے ہوئے مال کے خزانے پر پڑھے گا، تو وہ چوری ہونے سے محفوظ رہے گا۔

--- بادشاہ کے ظلم سے حفاظت

جو کوئی صاحبِ ایمان سورہ مبارکہ جن کو ظلم اور بادشاہ کے ستم کے دفع کرنے کی نیت سے، خالص نیت کے ساتھ اور اللہ کی طرف توجہ اور اس کے معنی پر دھیان دیتے ہوئے پڑھے گا، تو وہ اس کے ظلم و جور سے محفوظ رہے گا۔

--- تمام غموں سے نجات

جو بھی باایمان شخص "سورہ مبارکہ جن" کی تلاوت پرخلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنی سمجھ کر مداومت کرے، وہ تمام غموں سے نجات پائے گا۔

--- غنااور دولتمندی کے لیے

جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ جن" کی تلاوت پرخلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر مداومت کرے، اگر وہ محتاج یا قرضدار ہو، تو اسے توفیق ملے گی اور اس کا قرض ادا ہو جائے گا۔

--- ظالم کے شر سے حفاظت

جو بھی باایمان شخص کسی دشمن یا ظالم کے سامنے "سورۂ مبارکہ جن" کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر پڑھے، تو وہ اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

--- جنوں کے شر سے نجات

وَأَنَّهُ تَعَالَىٰ جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا(۳)وَأَنَّهُ كَانَ يَقُولُ سَفِيهُنَا عَلَى اللَّهِ شَطَطًا (۴)وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن تَقُولَ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا (۵)وَأَنَّهُ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْإِنسِ يَعُوذُونَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوهُمْ رَهَقًا (۶)

اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بلند ہے اس نے نہ کسی کو زوجہ بنایا اور نہ اولاد، اور یہ کہ ہمارے کم عقل لوگ اللہ کے بارے میں خلاف حق باتیں کرتے ہیں۔ اور یہ کہ ہمارا خیال تھا کہ انسان اور جن کبھی بھی اللہ کے بارے میں جھوٹ نہیں بول سکتے۔ اور یہ کہ بعض انسان بعض جنات سے پناہ طلب کیا کرتے تھے جس نے جنات کی سرکشی مزید بڑھا دی۔

جو بھی باایمان شخص ان آیات کو خلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر مہینے کی ستائیسویں تاریخ کو لکھے، اور اس شخص سے باندھ دے جسے جن ستاتے ہوں، تو جب تک وہ اس کے پاس رہے گا، کوئی جن اسے تکلیف نہیں دے گا۔

--- کان کے درد کا علاج

فَمَن يَسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَابًا رَّصَدًا۔ (۹)

اب اگر کوئی سننا چاہتا ہے تو وہ ایک شعلے کو اپنی کمین میں پاتا ہے۔

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: جس کے کان میں درد یا بوجھ ہو، وہ اس آیت کو خلوصِ نیت اور اللہ کی طرف توجہ کے ساتھ پڑھنے پر مداومت کرے، تو شفا پائے گا۔

فضائل سورہ مبارکہ مزمل

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ مزمّل" کی تلاوت پرخلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر لکھے تو حق تبارک وتعالیٰ دنیا و آخرت کی دشواریاں اُس سے اُٹھالے گا۔

--- بڑی پریشانیاں ختم

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ مزمل" کو خلوصِ نیت اور اللہ کی طرف توجہ کے ساتھ، اہم کاموں کی کفایت اور بڑی پریشانیوں کے خاتمے کے لیے ہزار بار پڑھے، تو یہ بہت مؤثر ہے۔

--- روزی میں کشادگی

بعض علماء نے فرمایا ہے: جو بھی باایمان شخص "سورۂ مبارکہ مزمل" کی تلاوت پرخلوصِ نیت، اللہ کی طرف توجہ اور معنیٰ سمجھ کر مداومت کرے، تو اللہ تعالیٰ اُس کی روزی کشادہ کردے گا۔

--- خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت

جو بھی باایمان شخص چاہتا ہو کہ خواب میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت کرے، تو وہ ماہِ رمضان المبارک کے پہلی شب جمعہ کو غسل کرے، پاک کپڑے پہنے، نمازِ عشاء کے بعد بارہ رکعت نفل نماز پڑھے، پھر "سورۂ مبارکہ مزمّل" کو ایک بار پڑھے، اس کے بعد ہزار بار درود بھیجے اور پھر سوجائے، تو اُس کی مراد پوری ہوگی۔

--- چور کو پانے کے لیے

اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّ جَحِيْمًا ﴿۱۲﴾ وَّ طَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳﴾ وَّ طَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳﴾ يَوْمَ
تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَ الْجِبَالُ وَ كَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿۱۴﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ
